# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 20 فروری 2014ء بمطابق 19 ربیع الثانی 1435 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

لَهُۥ مُعَقِّبَـٰتٌ مِّنۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَمِنۡ خَلۡفِهِۦ يَحۡفَظُونَهُۥ مِنۡ أَمۡرِ ٱللَّهِۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوۡمٍ حَتَّىٰ يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنفُسِهِمۡۗ وَإِذَآ أَرَادَ ٱللَّهُ بِقَوۡمٍ سُوٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهُۥۚ وَمَا لَهُم مِّن دُونِهِۦ مِن وَالٍO هُوَ ٱلَّذِى يُرِيكُمُ ٱلۡبَرۡقَ خَوۡفًا وَطَمَعًا وَيُنشِئُ ٱلسَّحَابَ ٱلثِّقَالَ۔

(ترجمہ): اس کے آگے اور پیچھے خدا کے چوکیدار ہیں جو خدا کے حکم سے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ خدا اس (نعمت) کو جو کسی قوم کو (حاصل) ہے نہیں بدلتا جب تک کہ وہ اپنی حالت کو نہ بدلے۔ اور جب خدا کسی قوم کے ساتھ برائی کا ارادہ کرتا ہے تو پھر وہ پھر نہیں سکتی۔ اور خدا کے سوا ان کا کوئی مددگار نہیں ہوتا۔ اور وہی تو ہے جو تم کو ڈرانے اور امید دلانے کیلئے بجلی دکھاتا اور بھاری بھاری بادل پیدا کرتا۔ و آخِرُ الدَّعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔

## نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

Mr. Deputy Speaker: 'Questions Hour': Item No 1, Question No. 986, Arbab Akbar Hayat Khan, MPA, (Not present). Question No. 986. Question No. 987, Arbab Akbar Hayat Khan Sahib. (Not present). Question No. 988, Arbab Akbar Hayat Khan Sahib. (Not present). Question No. 989 Arbab Akbar Hayat Sahib. (Not present). Question No. 990, Mufti Said Janan Sahib. Not present. Question No. 991, Malik Riaz Khan Sahib MPA. Not present. Question No. 992, Bakht Baidar Sahib, MPA-----

Ms. Anisazeb Tahirkheli: On his behalf Sir! On his behalf Sir.

Mr. Deputy Speaker: Okay ji. Madam Anisazeb Sahiba, on behalf of Bakht Baidar Khan. Question No. 992.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: ایک منٹ سر، اصل کښې ممبر صاحب خو پخپله هم شته خو هغه، د اپوزیشن میټنګ روان دے نو ځکه ما وئیل چې هغه دے 992-----

جناب ڈپٹی سپیکر: بخت بیدار صاحب خود بھی تشریف لا چکے ہیں۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جی آگئے ہیں سر، چلیں ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بخت بیدار صاحب کو کسچن نمبر ہے 992،992۔

جناب بخت بیدار: شکریہ، 993،992۔اچھا جی، سوال نمبر 992۔

* 992 _ جناب بخت بیدار: کیا وزیر صنعت و حرفت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 14-2013 کی اے ڈی پی میں سکیم نمبر 745 پولی ٹیکنکل ایجوکیشن سکیم نمبر 120256 چکدرہ کے مقام پر منظور ہوئی تھی؛

(ب) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ مذکورہ سکیم کو چکدرہ سے کہیں اور شفٹ کر رہا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ سکیم پر کب کام شروع کیا جائے گا اور اسے دوسری جگہ شفٹ کرنے کی وجوہات بھی بتائی جائیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر زکواۃ نے پڑھا): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) یہ درست نہیں ہے کہ محکمہ مذکورہ سکیم کو چکدرہ سے کہیں اور شفٹ کر رہا ہے۔

(ج) وزیر اعلیٰ پختونخوا نے TEVT ورکنگ گروپ برائے اصلاحات بنایا ہے۔ ورکنگ گروپ نے اپنی تجاویز میں کہا ہے کہ نئی ترقیاتی سکیموں کی بجائے پرانے کالجوں کی دیکھ بھال پر توجہ دی جائے۔ جس کے بعد محکمہ فنی تعلیم وافرادی قوت نے وزیر اعلیٰ صاحب کی منظوری کے بعد نئی ترقیاتی سکیموں کو فی الحال مؤخر کیا ہے جس میں اپ گریڈیشن آف چکدرہ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ بھی شامل ہے۔

جناب بخت بیدار: ما خبره کړې وه، دا انډسټری منسټری چې څوک ډیل کوی، زما حلقه کښې په تیره اے ډی پی کښې دغه نمبر 120256 د چکدرې په مقام باندې منظور شوے وو او اوس هغه د اے ډی پی نه ویستے شوے دے، دوئ وائی چې دا خبره ټهیک ده چې دا منظور شوے وو نو اوس زه د متعلقه وزیر صاحب نه دا تپوس کوم چې آیا دا په اے ډی پی کښې شته او کو دوئ ویستې دے؟ ځکه چې اے ډی پی بجټ خو په جون کښې منظور شوے دے، دې ټول ایوان منظور کړے دے او که دا ویستې شوے وی نو دا د دې ټول ایوان حق تلفی شوې ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر حبیب الرحمان صاحب، پلیز۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ زما محترم ورور چې کومه خبره وکړه، دا سکیم ویستلے شوے نه دے خو هسې هم پروسیجر زمونږه د دې کنسلټنسی د وجې نه هم لیټ دے خو په دیکښې وزیر اعلیٰ صاحب دا هدایات جاری کړی وو چې په ټیکنیکل ایجوکیشن کښې زمونږ زړې کومې ادارې دی، د هغې د پاره د کار وکړے شی او هغې کښې Equipments او څه نور څه سامان اخستل دی، هغه د واخستے شی نو دا به ان شاء الله تعالیٰ چې څه بل طرف ته، دوئ اووئیل چې دا د چکدرې نه بل پله بدلیږی، بالکل بل پله بدل شوے نه دے، د بدلیدو څه د هغه نشته خو فی الحال مونږ په دې باندی حکومت Focus کړې ده چې زړې ادارې د مونږه په خپل ځائې باندې برابر کړو او ټهیک کړو او په هغې کښې مسائل دی هغه حل کړو، وروستو به بیا ان شاء الله چې راځو نور دغه به کوؤ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر بخت بیدار خان۔

جناب بخت بیدار: تیر ځل زه حج له تلې ووم او هلته ما سره پاکستان کمیونټی ملاؤ شوې وه او په هغې کښې دا خبره کیدله چې صرف ریاض کښې یو نیم لاکه پښتانه دی چې هغه کشئ کودالئ والا دی او زمونږ سره خپله صوبه، بله پنجاب چې هغه مونږ ته رالیږی، ټول ټیکنیکل خلق رالیږی او دغه شان بنګله دیش زمونږ نه وروستو آزاد شوے دے، هغه مونږ له ټیکنیکل خلق رالیږی۔ په ځائی د دې چې مونږه نور تعلیمی، عام تعلیم ته ترجیح ورکوؤ نو ټیکنیکل ایجوکیشن باندې ولې پښې راکاږو چې دا سکیمونه ډراپ کوؤ؟ پکار ده چې دا مونږه دې ته زیاته توجه ورکړو او دا که به فرض محال د دې تحریک انصاف د حکومت دا پالیسی وی نو هسې هم د پښتنو دا صوبه غرقه ده د دوئ د لاسه او نوره هم غرقیږی۔ وزیر صاحب د ما ته دا یقین دهانی راکړی چې دا سکیم چې کوم د اے ډی پی وو، دا به بحال وی او که دا یقین دهانی ما ته نه راکوی نو دا به د دې ټولې صوبې د پښتنو سره زیاتے وی ځکه چې مطلب دا دے ما تاسو ته اووئیل چې صرف ریاض کښې یو نیم لاکه پښتانه کشئ کودالئ والا دی او دا به زمونږ نااهلی وی چې مونږه ټیکنیکل ایجوکیشن په ځائې پریږدو او عام ایجوکیشن ته ترجیح ورکوؤ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر حبیب الرحمان صاحب۔

وزیر زکواة: جناب سپیکر، زه دې خپل ورور ته یقین دهانی ورکوم، د شفتنګ څه مسله نشته او د ده د دې خبرې سره مې اتفاق هم دے چې مونږ ته Skilled labours پکار دی، مونږ غریبانان یو او زمونږ ټول صوبه سرحد، صوبه خیبر پختونخوا زمونږ بچی او ورونړه دا د مزدورو د پاره بهر دنیا ته ځی او زه خپله د دې خبرې سره مې اتفاق دے ان شاء اللہ خو فی الحال د دې د شفتنګ څه مسئله نشته ان شاء اللہ او مونږه۔۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: زه دا وایم چې د دې کال په اے ډی پی کښې به دا څوک اوباسی خو نه، دا چې کوم دے اے ډی پی 14-2013 کښې به دا څوک اوباسی خو نه، ما ته د دوئ یقین دهانی راکړی؟

وزیر زکواۃ: دہ خومرہ 14-13، د 12 خو بہ Ongoing وی، ھغہ خو ھڅو څہ مسئلہ نشتہ ان شاءاللّٰہ، ان شاءاللّٰہ ھغہ بہ نہ کیږی۔

جناب بخت بیدار: نہ نہ، دا د دې کال چې اے ډی پی کښې دے، د دې نہ بہ ئے اوباسی نہ۔۔۔۔۔

وزیر زکواۃ: خومرہ پورې چې زہ، دہ اوس دا۔۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: ما لہ یقین دھانی راکړہ بس خبرہ خلاصہ دہ۔

وزیر زکواۃ: بالکل ما درلہ، یقین دھانی درکوم۔

جناب بخت بیدار: چې نہ بہ اوځی؟

وزیر زکواۃ: نہ بہ اوځی ان شاءاللّٰہ۔

(تالیاں)

ملک ریاض خان: دا 991 زما سوال دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان شاء اللّٰہ ټول Repeat کوؤ۔ کوئسچن نمبر 993، مسٹر بخت بیدار خان۔

* 993 _ جناب بخت بیدار: کیا وزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مسمی لائق بحیثیت تحصیلدار محکمہ مال کا ملازم ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حال ہی میں مذکورہ تحصیلدار کو پشاور سے مردان تبدیل کیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ تحصیلدار نے پشاور میں کتنا عرصہ گزارا اور مردان کب تبدیل ہوا ہے، اب اس کی ڈیوٹی کہاں پر ہے، نیز مذکورہ تحصیلدار کی بار بار تبادلے کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب علی امین خان (وزیر مال) (جواب وزیر زکواۃ نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں، حال ہی میں مورخہ 2013-11-21 کو مسمی لائق تحصیلدار کا تبادلہ مردان سے بحیثیت تحصیلدار پشاور کیا گیا ہے۔

(ج) مذکورہ تحصیلدار کا تبادلہ بحیثیت تحصیلدار مردان مورخہ 2013-02-06 کو ہوا تھا کیونکہ تحصیلدار مذکورہ نے مردان میں پٹواریوں پر کڑی نگرانی کرکے رشوت ستانی کی شکایات پر قابو پایا، لہذا اس کو پشاور تبدیل کیا گیا تاکہ پشاور میں بھی پٹواریوں کی کارکردگی کو بہتر بنائے اور ان کی جانب سے غیر قانونی مطالبات کو کم کرکے عوام الناس کو سہولت فراہم کرے۔

جناب بخت بیدار: شکریه جناب سپیکر صاحب۔ زما سوال دا دے جی چې وزیر مال صاحب د دا اوفرمائی چې مسٹر لائق چې کوم دے یو تحصیلدار دے او په محکمه مال کښې دے ، دے وائی چې او دے۔ او دا هم ما تپوس کړے دے چې دے د مردان نه پیښور ته کله بدل شوے دے او په مردان کښې ئے څومره Stay تیره کړې ده او په پیښور کښې، دے ما له جواب راکوی چې دا ډیر قابل تحصیلدار وو ځکه مونږه مردان پرې سم کړو، بیا د مردان نه مو پیښور ته راوستو دا پرې سموؤ۔ خبره دا نه ده سپیکر صاحب، په دې ټوله KPK کښې صرف لائق تحصیلدار داسې لائق دے چې دا ټوله صوبه بهودکر تاسو ټهیک کوئ او د دې جواب ما له پکار دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر حبیب الرحمان صاحب۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ): جناب سپیکر صاحب، ستاسو په علم کښې ده چې زمونږ حکومت د کرپشن د خاتمې د پاره په دوه محکمو باندې ډیره Focus کړې ده، یو په پولیس باندې، یو په پټواریانو او په تحصیلدارانو باندې۔ د هغې په شان چونکه پشاور یو Congested علاقه ده، دلته کښې ډیرې لوئې لانجې او غویمې دی، د پټوار قیمتی زمکې دی، د دې وجې نه لائق، پخپله لائق نوم ئے دے لائق دے نو په دې وجه، مردان زمونږ هم ورونړه دی خو په دې وجه مونږه پیښور ته رادغه کړے دے چې لکه دلته کښې دا مسئلې چې کومې دی، لږ غوندې حده پورې مشکلات قابو کړی نو په دې وجه باندې را بدل شوے دے۔

جناب بخت بیدار: زه جی دا وایم چی ما ته د اووائی چې په مردان کښې ئے څومره Tenure تیر کړو او په دی پیښور کښي ئے څومره Tenure تیر کړو، د دې معلومات د ما له راکړی۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: حبیب الرحمان صاحب! تاسو جواب کولے شئ؟

وزیر زکواۃ: ٹھیک شو جی۔ دا خو د 2013-11-21 اوس اوس یعنی دغه ته رابدل شوے دے د مرادن نه، ما ته خو مخکښې لا جواب نه دے راغلے خو بهرحال دا خو زه په Extempore دوئ سره خبرې کومه خو میاشت ئے ده، د هغې 11 نه تقریباً اووه اته میاشتې وشوې، نه Sorry دوه درې میاشتی شوی په دغه کښې په پیښور کښې، اوس راغلے دے پیښور ته۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: بخت بیدار صاحب! کوئسچن جی جی۔

جناب بخت بیدار: جی زه یو دا عرض کوم چې دا ډیر اهم سوال دے ځکه چې دا حکومت وائی چې مونږ په پټوار کښې او په پولیس کښې تبدیلیانې راوستې دی او د انصاف حکومت دے۔ زما دا سوال تاسو کمیټئ ته ریفر کړئ چې د دوئ پته ولگی چې دا د تحریک انصاف حکومت د کوم حده پورې انصاف کوی ځکه چې د مردان Tenure ده نه دې بنودلے، د پیښور هغه ده نه دے بنودلے، دا ریفر کړئ کمیټئ ته دا سوال۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی حبیب الرحمان صاحب۔

وزیر زکواۃ: دا جی، دا دومره Complicated سوال نه دے، په دیکښې څه انوسټی گیشن نه غواړی چې مونږه ئے کمیټئ ته حواله کړو او په هغې کښې ئے انوسټی گیشن وشی، دا خو سیدها سادها معامله ده او د حکومت د موجوده حالاتو مطابق چونکه ما تاسو ته اووئیل چې دې حکومت، تاسو گورئ پولیس کښې مونږه Dismissal شروع کړے دے، په پټواریانو کښې مونږه شروع کړے دے، د هغې وجه دا ده چې ټرانسپرنسی راشی، د هغې د پاره بنیادی خبره دا ده چې د حالاتو پیش نظر مونږ په دې Focus کړې ده۔ په دې وجه باندې که څه انیس بیس دغه راځی نو د دې وجې نه مونږ وایو چې کرپشن د ختم شی او ټرانسپرنسی د راشی، د خلقو یقین په دې خبره راشی چې، یعنی اگرچه مونږ ټول داسې یو خو دا

دوه محکمې بدنامې دی، بد به نه وی خو بدنام دی نو په دې وجه باندې په هغې باندې مونږ Focus کړې ده چې مونږه د مجبورتيا په حالت کښې دا بعض بعض دغه کړی دی۔

<u>جناب بخت بیدار:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی بخت بیدار صاحب، پلیز۔

<u>جناب بخت بیدار:</u> جناب سپیکر صاحب، خبره دا ده چې دے وائی چې ټرانسپرنسی ده، زه هم ورسره منم چې ټرانسپرنسی ده نو ولې کمیټئ ته لاړ نه شی چې هلته پته ولگی چې دودھ دودھ شی او پانی پانی شی او که د دوئ حکومت پرې ډیر زیات Stress کوی نو ووټننگ به وکړو، ووټنگ به وکړو، پته به ولگی چې کمیټئ-----

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> مسٹر قلندر لودھی صاحب۔ قلندر خان لودھی صاحب، مائیک ذرا آن کریں۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی (مشیر خوراک):</u> جناب سپیکر! آپ کی رولنگ آنے سے پہلے میرے قابل احترام بھائیوں کو بڑی جلدی ہے، ٹھیک ہے اگر اس نوعیت کا سوال ہے، اس کی بڑی اہمیت ہے، میری بھی ریکویسٹ ہے اور میں گورنمنٹ سائڈ سے آپ کو یہی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ میرے بھائیوں کا مطالبہ ہے کہ یہ کمیٹی کو جائے تو اس کو سٹینڈ نگ کمیٹی کو بھیج دیں۔

(تالیاں اور قہقہے)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Thank you very much. Is it the desire of the House that the Question No. 993, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee.

(Applause)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Question No. 994, Maulana Mufti Fazal Ghafoor Sahib.

* 994 _ <u>مولانا مفتی فضل غفور:</u> کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع بونیر محکمہ ہذامیں کچھ آسامیاں خالی ہیں؛

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو ضلع بونیر میں مذکورہ محکمہ میں کتنی اور کون کونسی آسامیاں خالی ہیں اور حکومت ان کو کب تک پر کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

جناب ضیاءاللہ آفریدی(معاون خصوصی برائے معدنی ترقی) (الف) جی ہاں۔

(ب) محکمہ ہذاکے ضلع بونیر میں انسپکٹریٹ آف مائنزاور اسسٹنٹ ڈائریکٹر معدنیات کے دفاتر میں درج ذیل آسامیاں خالی ہیں:

| نمبر شمار | نام آسامی | بنیادی سکیل |
|---|---|---|
| 01 | انسپکٹر آف مائنز | 17 |
| 02 | اسسٹنٹ ڈائریکٹر معدنیات | 17 |
| 03 | سروئیر | 11 |
| 04 | چوکیدار | 01 |

مذکورہ آسامیوں میں سے آسامی نمبر 1، 2اور 3پر بھرتی خیبر پختونخواپبلک سروس کمیشن کے دائرہ اختیار میں آتی ہے۔ لہذا محکمہ ہذانے قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے خیبر پختونخواپبلک سروس کمیشن کو مزید کارروائی کیلئے روانہ کردی ہے۔

آسامی نمبر 4پر قانون کے مطابق بھرتی کیلئے کارروائی جاری ہے، امید ہے کہ اس کو جلداز جلد پر کردیا جائے گا۔

مولانامفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ بونیر کښې چې کوم خالی آسامئ دی په معدنیات ډیپارټمنټ کښې، د هغې متعلق ما سوال کړے وو، د هغې چې کوم جواب راغلے دے۔ دا بالکل ټهیک دے خو صرف چې کوم 'کنسرنډ' منسټر صاحب دے، هغوی ته به زما دا ریکویسټ وی چې د دغه آسامیانو د Fill کولو د پاره دوئ د فی الفور اقداماتو په حواله باندې په فلور باندې مونږ ته یقین دهانی راکړی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ضیاءاللہ آفریدی صاحب۔ ضیاءاللہ آفریدی صاحب، مائیک آن کریں۔

جناب ضیاءاللہ آفریدی (معاون خصوصی برائے معدنی ترقی): جناب سپیکر صاحب، مونږ چې کوم پراسیس دے، هغه خو شروع دے ان شاء الله، زما په خیال هم دې لسو شلو ورځو کښې به دا 'کمپلیټ شی' - مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 995، مولانا فضل غفور۔

* 995 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیاوزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع بونیر کی ماربل مائننگ سے صوبہ اور ملکی معیشت کو بہت فائدہ پہنچ رہا ہے اور حکومت کا نعرہ "امداد نہیں تجارت" کے ذریعے سے اس سلسلے میں کیا اقدامات اٹھانے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع بونیر میں ماربل مائننگ سے وابستہ افراد کیلئے حکومت نے کون کونسی مراعات وسہولیات دی ہیں اور مزید کیا اقدامات کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب ضیاءاللہ آفریدی (معاون خصوصی برائے معدنی ترقی): (الف) ہاں۔

(ب) کمشنریٹ آف مائنز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا نے ضلع بونیر میں ماربل مائننگ سے وابستہ افراد کیلئے درج ذیل مراعات وسہولیات فراہم کی ہیں:

منصوبہ جات برائے مائنز لیبر /مائنز ورکرز

1۔ صحت کے منصوبے

حکومت نے ضلع بونیر میں بمقام بمپوخہ اور باغ میں ماربل کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کے مفت علاج معالجہ کیلئے دو عدد ڈسپنسریاں قائم کی ہیں، نیز ایمرجنسی کی صورت میں استعمال کیلئے دو عدد ایمبولینس بھی فراہم کی ہیں۔

2۔ تعلیمی وظائف (سکالرشپ)

کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کے بچوں کیلئے جو سرکاری اور غیر سرکاری تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں، کو وظائف کی مد میں سال 12-2011 اور سال 13-2012 کے دوران درج ذیل شرح سے تعلیمی وظائف دیئے گئے ہیں:

| سیریل نمبر | جماعت | شرح |
|---|---|---|
| (i) | دسویں جماعت تک طالب علموں کیلئے | 200 روپے ماہوار |

(ii) دسویں جماعت کے بعد طالب علموں کیلئے 300روپے ماہوار

رواں مالی سال2013-14کیلئے تعلیمی وظائف درج ذیل شرح کے حساب سے دی جائیں گی:

| سیریل نمبر | جماعت | شرح |
|---|---|---|
| (i) | اول تا پانچویں جماعت تک طالب علموں کیلئے | 600روپے ماہوار |
| (ii) | چھٹی تا آٹھویں جماعت کے طالب علموں کیلئے | 800روپے ماہوار |
| (iii) | نویں تا دسویں جماعت کے طالب علموں کیلئے | 1000روپے ماہوار |
| (iv) | گیارہویں تا بارہویں/ڈپلومہ کے طالب علموں کیلئے | 1200روپے ماہوار |
| (v) | گریجویٹ طالب علموں کیلئے | 2000روپے ماہوار |
| (vi) | ماسٹر، میڈیکل، انجینئرنگ اور پیشہ ورانہ طالب علموں کیلئے | 3000روپے ماہوار |

3۔ آب نوشی کا منصوبہ

ضلع بونیر میں بمپوخہ کے مقام پر مبلغ3.577 ملین کی لاگت سے آبنوشی کے منصوبے پر کام جاری ہے جس کی تکمیل رواں مالی سال2013-14 میں متوقع ہے۔ ضلع کے دوسرے مقامات میں مائنز ایریا میں جہاں بھی ضرورت پڑے گی، آبنوشی کی سہولت بہم پہنچائی جائیگی۔

4۔ ضلع بونیر میں جہاں بھی ضرورت ہوگی ماربل مائننگ سے وابستہ مزدوروں کو رہائشی سہولت بھی فراہم کی جائیگی۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریه جناب سپیکر۔ دا ما بونیر کښې د مائننګ په حواله باندې سوال کړے دے جی، جواب اګرچه تفصیلی راغلے دے خو دې جواب باندې جی ما ته تحفظات دی ځکه دوئ چې کوم خبرې لیکلې دی چې مونږ په ایجوکیشن کښې او داسې په پبلک هیلتھ کښې او په آبنوشی کښې او په نورو مختلفو دغه کښې دا خلق Facilitate کوؤ نو دا د حقائقو منافی خبره ده او جناب سپیکر، د ضلع بونیر ما چې کوم اعداد و شمار Collect کړل، په هغې کښې سالانه د دو ارب او 70 لاکھ روپو سالانه صرف د ماربلو د ګټې هغه Sale کیږی او د هغې نه حکومت ته او حکومتی خزانې ته د کروړونو روپو آمدنی راځی خو د دغې ډیپارټمنټ سره چې څومره وابسته خلق دی او د دغې کار سره چې څومره

وابسته ملازمین دی، د بدقسمتئ نه هغوی به مختلفو ستونځو، د مختلفو مشکلاتو ښکار دی، کله چې د بلاسټنګ دوران کښې سلائیډنګ وشی، هغې کښې مختلف مزدوران زخمی شی نو دوئ خو ما ته جواب کښې لیکلی دی چې د بامپوخه په مقام باندې دلته کښې مونږه ایمبولینسې ورکړی دی۔ جناب سپیکر، ډیر معذرت سره دا خبره کوم چې دغه ایمبولینس، دا د یو کس په ذاتی، د هغه په بنګله کښې ولاړ دے، ډرائیور ورسره نشته دے او تر اوسه پورې هغه دا نشی Show کولې چې ما یو Patient هم یا یو کیجولټی هم هغه ما چې کوم دے Deal کړې ده او چې کومه ډسپنسری دلته په دې جواب کښې Show شوې ده، د هغې په موقع باندې هیڅ قسم څه وجود نشته دے چې کوم دلته Show شوی دی چې مونږه دغې مائنز کښې کار کوؤنکو مزدورانو بچو ته دا دومره ایجوکیشنل، تعلیمی وظائف ورته ورکوؤ نو د دغې څه ریکارډ وغیره هم نشته دے او On the spot زه ګورم ځکه زما حلقه ده او زما ګاؤنډ دے، زه چې څومره ګورم د هغې خلقو بچی چې کوم د تکلیف په حالت کښې دی نو هغه زه وینم چې کوم په هغې کښې کیجولټیز وشی او هغه خلق وفات شی نو د هغوی د بچو د تعلیم بیا هیڅ څه سبب او بیا هیڅ څه ذریعه دا بیا نه وی خو چونکه زمونږه 'کنسرنډ' منسټر صاحب، ضیاء الله صاحب ما ته تسلی راکړه او دا ئے اووئیل چې ان شاء الله نوې ډسپنسریانې هم، د هغې کنسټرکشن به مونږه په راروان دغه کښې کوؤ او د دې سره سره د دغې علاقو د پاره واټر سپلائی سکیمونه به هم ورکوؤ او کومو طرفونو باندې چې دا ټرانسپورټیشن کیږی د دغې ماربلو د دې ګټو، نو هغې ته به مونږه روډونه هم اوباسو، نو فلور باندې به هم ان شاء الله هغوی د دې په جواب کښې ما سره د هغې متعلق وعده وکړی نو ان شاء الله زه به مطمئن شم۔ مهربانی جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی مسٹر ضیاءاللہ آفریدی صاحب۔

<u>جناب ضیاء اللہ آفریدی (معاون خصوصی برائے معدنی ترقی)</u>: سپیکر صاحب، مفتی صاحب سره مونږ د اسمبلئ د سیشن نه مخکښې هم خبرې کړې دی او په فلور باندې هم دا وایو چې څنګه Commitment زما او ستا په آفس کښې شوے وو د سیکرټری صاحب، ان شاء الله هغه شان به وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی تھینک یو۔ کوئسچن نمبر 996، سید جعفر شاہ، پلیز۔

* 996 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2011-12 میں حلقہ PK-85 میں مدین کے مقام پر پٹوار خانے کی تعمیر کیلئے چھ لاکھ روپے کی منظوری دی گئی تھی اور محکمہ کو موزوں جگہ کے انتخاب کی ہدایت بھی کی گئی تھی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کئی سالوں سے زیر التواء اس منصوبے پر کام کیوں شروع نہیں کیا گیا، اس منصوبے پر کام کا آغاز کب تک کیا جائیگا، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین خان (وزیر مال) (جواب وزیر زکواۃ نے پڑھا): (الف) جی نہیں، سال 2011-12 میں اس مد میں کوئی فنڈ محکمہ ہذا کو مہیا نہیں کیا گیا ہے اور نہ کوئی موزوں جگہ کی نشاندہی کی گئی ہے۔

(ب) فنڈز اور جگہ کا انتخاب نہ ہونے کی وجہ سے مذکورہ پٹوار خانے پر کام شروع نہیں کیا جاسکا۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ سب سے پہلے تو میں ایک اور چیز آپ کے زیر نظر لانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ یہاں پر کینیڈا پاکستان ایسوسی ایشن کے ہمارے کچھ مہمان آئے ہیں گیلری میں اور وہ ٹیم اسلئے آئی ہے کہ They want to invest in Khyber Pakhtunkhwa اور گورنمنٹ کے ساتھ بھی اس سلسلے میں ان کی بات چیت ہوگی، تو میں آپ کی اجازت سے ان کو خوش آمدید کہتا ہوں اس اسمبلی میں۔

(تالیاں) سپیکر صاحب، دا کوئسچن نمبر 996، یو خو دا چې دا دوئ لیکلے غلط دے، دا چھ لاکھ روپئ نہ دی، 60 لاکھ روپئ دی او دوئ دا لیکلی دی چې د سره دا سکیم شته نه، نو زه خو حیران په دې یم چې د دې ډائریکټیوز ما پخپله په تیر سیشن کښې د چیف منسټر صاحب نه پخپله راختی وو، د دې فنډ ریلیز شوے وو، د دې د پاره Site identification کښې I accompanied the team of the revenue department، ځائې ورله مونږ منتخب کړو، په فائنل سټیجز کښې وو او محکمه د دې نه خبر نه ده چې دا سکیم شته او که نشته؟

اراکین: شیم شیم۔

جناب جعفر شاہ: نو انتهائی د غلط بیانئ نه ئے کار اخستے دے۔ زما به دا ریکویسټ وی چې دا د سټینډنګ کمیټئ ته حواله شی چې په دې باندې مونږه

غور وکړو او ما سره دا ټول ثبوتونه موجود دی، زه به ورته پیش کوم او منسټر صاحب هم نشته جی نن۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر حبیب الرحمان صاحب۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ): مهربانی جناب سپیکر۔ زما دې معزز ورور دا خبره وکړه چې په دیکښې د شپیتو لکھو په ځائې باندې چھ لاکھ لیکلې شوی دی، دا خو ستا سوال دے، لکه مطلب دا دے چې په هغه سوال کښې چھ لاکھ روپۍ لیکلې شوې دی، په جواب کښې چھ لاکھ او یا 60 لاکھ نه دی لیکلې شوی بهرحال دا سکیم د 12-2011 دے او زما دا ورور چې کوم دے په تیر سیشن کښې هم دے ایم پی اے وو او د دې خو Lengthy procedure دے بلکه په دې خو دومره کاله اغوښتی دی نو زه حیرانه یم چې پکار دا ده چې دا ډی ډی ډبلیو پی ته هم نه دے رسیدلے، دا خو Tentative scheme واچولې شی او د هغې Lengthy procedure دے او د محکمې نه راځی او په هغې باندې ډی ډی ډبلیو پی کیږی، او پی ډی بلیو پی کیږی او وروستو بیا د هغې Approval کیږی او بیا اے اے ایشو کیږی، نو دا د دې خو پته داده چې دا خو زما دے ورور ته به، یعنی که دا نوے ممبر دا خبره کړې وے نو هغه دومره دغه نه وو خو چونکه زما هغه ورور چې د هغه ډیره لویه تجربه ده او هغه مخکښې هم په دغه اسمبلۍ کښې ممبر وو او دا سکیم د 12-2011 دے، یقینی چې د پټوارخانو د ټولې صوبې په لیول باندې یو آمبریله سکیم وو زما د دغه مطابق، او په هغې کښې بیا څه ځیزونو کښې تنازعې وے او څه پکښې هغه پراسیس شوې او څه پکښې اونشوې۔ دا جوائنټ سکیم دے، آمبریله سکیم دے دا۔ د دوئ په تیر حکومت کښې غالباً، خو په هغه زمونږ په علاقو کښې هم په بعضې بعضې ځایونو کښې د زمکو مسئلې راغلې، څه مسئلې راغلې خو چونکه دا د 12-2011 سکیم دے، پکار ده چې 13-12 کښې په دې باندې اوس خو 14-13 دے، درې کاله لیټ خبره ده نو دا خو یو دغه سکیم دے، په دیکښې به سی اینډ ډبلیو معلومات وکړی چې یره دا په کوم سټیج کښې دے خو مطلب دا دے چې د دې خو هډو بنیاد نشته۔ د طریقې مطابق، د قاعدې مطابق، د سی اینډ ډبلیو چې کوم رولز دی، کوم رولز آف بزنس دے یا د هغې کوم طریقه کار دے، د هغې مطابق خو د دې هډو، یعنی په یو ځائې کښې،

نه دا په Ongoing کښې دے ځکه چې په 12-2011 اوسه پورې دومره درې کاله ئے وشو، ما ته خو په دیکښې، زه د خپلې تجربې په بنیاد خبره کوم چې دا به په یو سټیج کښې هم نه وی او دا هسې هغه، زما ورور ته به مطلب دا دے چې په هغه وخت کښې به دې خپلو ملګرو به * + + + کړے وی او لکه هسې به ئے Tentative دغه کړے وی او په وروستی بار کښې به ئے پرې عمل نه وی کړے۔

(قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: سید جعفر شاہ صاحب۔

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

جناب جعفر شاہ: یو خو دا چې زما سپین ږیری ورور لږ غوندې غیر پارلیمانی الفاظ هم استعمال کړل۔ (قہقہے) هغه د د دې کارروایئ نه حذف شی او زه ئے ډیر قدر کوم او ډیر په درناوی او په احترام باندې په دې، دا سوال ما د محکمې نه کړے دے جی او د 12-2011 نه بلکه په 13-12 کښې د دې Site Identification هم شوے وو او بیا پکښې نګران حکومت راغلو او اوس پکښې د خیره پاؤ کم یو کال زما د ورور وشو نو زه وایم چې دا د کمیټئ ته حواله شی چې دا حساب کتاب وکړو۔

*جناب ڈپٹی سپیکر: اس سے پہلے کہ وہ جواب دیں، میں یہ جو غیر پارلیمانی لفظ کا استعمال کیا گیا، اس کو حذف کرتا ہوں۔ تھینک یو جی۔ جی حبیب الرحمان صاحب۔*

وزیر زکواۃ: زما جی ستاسو په وساطت باندې ورور ته مو دا دغه دے، بجائے د دې چې مونږه ئے کمیټئ ته ولیږو، کمیټئ نه څه فائده نه جوړیږی خو دا سکیم د دوئ پراسیس کړی Through C&W او بیا پی اینډ ډی، چې دا کومه مرحله کښې دے، زه د حکومتی د یو غړی په حیثیت باندې زه دغه درکوم زما نه څومره امداد اخلی، زه ورسره بالکل ملګرے یم، د دې پوزیشن به مونږ معلوم کړو انشاء الله، د هغه ځائې نه به مونږ شروع کړو او که چرې واقعی په دې -2011

12 په Ongoing سکیمونو کښې د دې څه اشاره مونږ ته ملاؤ شی، ان شاء الله ما تا ته اووئیل چې دا آمبریله سکیم دے نو ان شاء الله په دې باندې به مونږ پراسیس شروع کړو او بالکل به الحمد لله ژوندے به ئے کړو ان شاء الله۔

جناب جعفر شاہ: جی مونږ ورسره جهګړه نه کوؤ، جمهوری خبره کوؤ، ووټ به پرې وکړو، که د دوئ خبره زیاته شوه نو ده سره به زه کښینم او که کمیټئ ته شوه نو کمیټئ ته۔۔۔۔۔

(تالیاں)

حاجی قلندر خان لودھی (مشیر خوراک): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی قلندر لودھی صاحب! آپ کیا کہتے ہیں؟

(قہقہے)

مشیر خوراک: جناب سپیکر، بڑے قابل احترام ہیں میرے لئے، چونکہ میں دس سال اس سائڈ پر بیٹھا ہوں، ابھی بھی تقریباً ادھر پورا پورا نہیں گیا ہوں، اس لائن پر بیٹھا ہوں (قہقہے) اسلئے بیٹھا ہوں کہ اگر یہ کسی سختی میں کوئی سخت بات کریں جس سے اچھا Message نہ جا رہا ہو تو شاید میری یہ ریکویسٹ مان لیں، میری Age کا خیال کرتے ہوئے، اور میرے دس سال کا، ایک Tenure ان کے ساتھ بیٹھا ہوں تو میری ان سے گزارش ہو گی کہ انہیں بھی پتہ ہے اور میں بھی دیکھ رہا ہوں کہ آج کی پوزیشن کیا ہے، تو لہذا میری ان سے درخواست ہو گی، جیسے منسٹر صاحب نے بڑا In detail جواب دیدیا ہے اور جو چیز Under process ہے تو اس پر Deadline قائم کرنا میرے خیال میں ٹھیک نہیں ہے تو اسلئے میری ریکویسٹ ہو گی موؤرسے کہ وہ مان جائے، یہ مطلب ٹھیک ہے کہ ہم نے انہیں جو جواب دیا، اگر فرض کیا کہ اس پر Implement نہ ہوا تو یہاں یہ ہاؤس بھی موجود ہے اور ہم بھی موجود ہیں، Next اس کو ان شاءاللہ کر لیں گے تو اسلئے اس کو میرے خیال میں، جیسے منسٹر صاحب نے کہا ہے، اس کی بات کو مانا جائے، میری جی ان سے ریکویسٹ ہے۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: (قہقہہ) یہ دونوں میرے بہت بزرگ ہیں جی جناب سپیکر صاحب! اور دونوں سفید ریشوں نے یقین دہانی کروائی ہے توان کو میری ریکویسٹ ہوگی کہ منسٹر صاحب کو یہ بات بتائیں کیونکہ وہ غیر حاضر ہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی، یہ توان شاءاللہ۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: تو میں ان کے ساتھ بیٹھتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر صاحب موصوف کے نوٹس میں ہم ضرور لائیں گے ان شاء اللہ۔ تھینک یو۔ (مداخلت) نہیں نہیں ان شاءاللہ پھر آئندہ جو ہے یہ Appreciate کریں گے۔ میں حکومتی ارکان سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ ان کی اچھی بات کو آپ Appreciate کیا کریں۔ تھینک یو۔ مسٹر جعفر شاہ صاحب، کوئسچن نمبر 997۔

* 997 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں سوات میں تحصیل کمپلیکسز کی منظوری ہوئی تھی اور اس کیلئے فنڈز بھی مختص کئے گئے تھے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ کام کی نوعیت اور رفتار کیا ہے، نیز کمپلیکسز کب تک مکمل کئے جائیں گے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین خان (وزیر مال) (جواب وزیر زکواۃ نے پڑھا): (الف) چار تحصیل جو کہ مردان، کوہاٹ، پبی اور کندیاں پر مشتمل ہیں، کا پی سی ون پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کو ارسال کیا گیا ہے تاکہ پی ڈی ڈبلیو پی میٹنگ میں ان سکیموں کی منظوری کے بعد اس پر کام شروع کیا جائے لیکن تاحال پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ سے منظوری نہ مل سکی۔

(ب) جی نہیں، تاحال ایسی کوئی سکیم زیر غور نہیں ہے۔

جناب جعفر شاہ: جی دوئ وائی چې " تاحال ایسی سکیم زیر غور نہیں ہے" نو زیر غور څنګه نه دے جی؟ اووه تحصیلونه په سوات کښې منظور شوی وو او د هغې د پاره 2012-13 بجټ کښې مونږ پینځه کروړه روپئ Initially ایښودې دی او محکمه وائی چې دا زیر غور نه دی، نو زه افسوس کوم چې نن منسټر صاحب نشته،

ریونیو منسٹر صاحب چې هغه مونږ ته د دې صحیح صورتحال بنودلے وے۔ سپیکر صاحب، دا ریونیو منسٹر صاحب تاسو رولنگ ورکړئ چې دے موجود وی چې د سوالونو جوابونه راکوی او دا زیر غور څنګه نه دے جی، د دې د پاره خو پینځه کروړه روپئ په تیر بجټ کښې ایلوکیشن شوے دے ؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی حبیب الرحمان صاحب، پلیز۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ): په دیکښې هم جی دغه مسئله ده، دا دوئ چې کوم دغه کوی، د دوئ په ګزشته حکومت کښې چې کوم دے نو لکه تحصیل کمپلیکسز منظور شوی وو، نو په جواب کښې خو دوئ صرف مردان، کوهاټ، پېښو او کندیاں، په دې باندې مشتمل پی سی ون، وائی پی اینډ ډی ته مونږ لیږلے دے خو اوسه پورې په هغې باندې د پی ډی ډبلیو پی یا ډی ډی ډبلیو پی نه ده شوې نو دا هم دغسې مطلب دا دے چې څنګه دا مخکښنې سوال وو نو د دې ما ته مطلب دا دے هغه بنیاد، چې د یو شی بنیاد وی نو د هغې بیا سړے پراسیس کوی نو د دې خو بنیاد نشته، د دې نه پته دا لګی چې بنیاد ئے وی نو سړے به ئے پراسیس کړی مخکښې، نو چې د شی بنیاد نه وی نو ته به ئے څنګه پراسیس کوې ؟

جناب جعفر شاه: (قہقہہ) حاجی صاحب نن ډیر غصه دے جی خو د دې بنیاد هم شته او It is part of the ADP، Interesting دے سړ۔ (قہقہہ) Part of the ADP 2012-13۔

وزیر زکواۃ: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: هن۔

وزیر زکواۃ: سپیکر صاحب، دے د ګزشته حکومت خبره کوی چې په هغې کښې تحصیل کمپلیکسز منظور شوی وو نو یقیناً چې منظور شوی وو۔ زمونږ په بونیر کښې هم جوړ شوی دی په ګزشته حکومت کښې تحصیل کمپلیکسز خو هغه سکیم چې لکه هغه منظور وی نو هغه په هیڅ طریقه باندې د لائن نه بې لائنه کیږی نه، هغه نه اوځی۔ نو ما ځکه هغه جواب به بیا درته وکړم چې دا لائن ته راولئ نو

انشاء الله دا به مونږه Search کړو او پته ئ ته به ئے راواچوؤ نو ان شاء الله تعالیٰ خو چې بنیاد د دې وګورو چې بنیاد ئے شته او که نه؟

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، منسټر صاحب دا خبره وکړه چې د یو سکیم بنیاد نه وی او چونکه پوائنټ آؤټ هم شوه چې نن Minister concerned چې دے هغه نشته خو تاسو وګورئ، په دې جواب کښې دوئ لیکلې دی چې "پی سی ون پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ کوارسال کیا گیا ہے تاکہ پی ڈی ڈبلیو پی میٹنگ میں ان سکیموں کی منظوری کے بعد اس پر کام شروع کیا جائے" نو زه د منسټر صاحب په نوټس کښې راولم چې پی سی ون خو به د هغه سکیم جوړیږی او پی ډی ډبلیو پی ته به هغه سکیم راځی چې هغه په Annual Development Program کښې Reflect شوے وی نو منسټر صاحب د دا خبره نه کوی چې د یو سکیم بنیاد نشته۔ زما یقین دے بنیاد ئے شته خو پراسیس ئے لږ تیزول پکار دی نو که هغوی ایشورنس ورکړی نو۔۔۔۔

وزیر زکواۃ: پی اینډ ډی ته چې کوم PC-1 submit شوے دے نو هغه د مردان، د کوهاټ، د پبو او د کندیاں باندې دغه شوے دے، په هغې کښې د سوات کمپلیکس چې کوم دے نو نشته۔ دا کوم په دې جواب کښې ئے چې ورکړی دی نو دا پی اینډ ډی ته چې کوم د پی ډی ډبلیو پی د پاره کوم سکیم تلے دے، په هغې کښې سوات نشته، په هغې کښې دا بره نور سکیمونه دی او هغه ئے Identify کړی دی، د هغې پی سی ون پی اینډ ډی ډیپارټمنټ ته تلے دے۔ چونکه دا سکیم شته نه نو په دې وجه پی اینډ ډی ته چې کوم تلے دے، هغه هم دغه څلور سکیمونه تلی دی، په دې جواب کښې دی کلیئر۔

جناب جعفر شاه: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: داسې ده دوئ ډیپارټمنټ باندې پرده اچوی خیر دے خو داسې د وکړی چې ډیپارټمنټ ته هدایات ورکړئ چې دا پی سی ون رااولیږی۔ حاجی صاحب! دا شته په اے ډی پی کښې۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ حبیب الرحمان صاحب۔

وزیر زکواۃ: دا زما ورور دے، زه یعنی دغه سړے یم، زه د دې ځائې نه پی اینډ ډی ډیپارټمنټ ته هدایات کوم او زه به هم ورسره ملګرے یم او دا دواړه سکیمونه، دا مخکښنے سکیم هم، دا د یو نیچر سکیمونه دی، دا دواړه د پی اینډ ډی ډیپارټمنټ Search کړی او فوری طور، چې کله دا زما ورور حاضر شی چې ده ته بالکل Guideline ورکړی او هغه پوزیشن د دې چې کوم دے نو کلیئر شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ډیره شکریه جی۔ کوئسچن نمبر 998، سید جعفر شاه، پلیز۔

* 998 _ جناب جعفر شاہ: کیاوزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات کی آمدن کا کچھ حصہ فارسٹ ڈیویلپمنٹ فنڈ (FDF) کے نام سے مختص کر کے جنگلات کی مزید ترقی پر خرچ کیا جارہا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں میں فارسٹ ڈویژن کالام کو اس مد میں کتنی رقم دی گئی ہے، نیز مذکورہ رقم جنگلات کی مزید ترقی و فروغ کیلئے کہاں کہاں اور کن کن ترقیاتی کاموں میں خرچ ہوئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات نے پڑھا): (الف) ہاں یہ درست ہے۔

(ب)

| | سال | فراہم کردہ رقم | تفصیل کام بمعہ جگہ |
|---|---|---|---|
| 1۔ | 2008-09 | | |
| 2۔ | 2009-10 | | |
| 3۔ | 2010-11 | 56, 00,000/- | ایک ایکڑ ٹیوب نرسری (بنوری)<br>چار کنال ٹیوب نرسری (بحرین) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | 100ایکڑ پلانٹیشن (گورنی کمپارٹمنٹ نمبر8)<br>100ایکڑ پلانٹیشن (چیل کمپارٹمنٹ نمبر 3)<br>100ایکڑ پلانٹیشن (چیل کمپارٹمنٹ نمبر 4)<br>100ایکڑ پلانٹیشن (بحرین کمپارٹمنٹ نمبر 2)<br>25ایکڑ تخم ریزی (چیل کمپارٹمنٹ نمبر 4)<br>25ایکڑ تخم ریزی (گورنی کمپارٹمنٹ نمبر 4) |
| 4۔ | 2011-12 | 29, 05, 000/- | درجہ بالا نرسریز کی حفاظت اور اس میں مزید تخم ریزی<br>100ایکڑ پلانٹیشن (چیل)<br>100ایکڑ پلانٹیشن (گورنئ)<br>100ایکڑ پلانٹیشن (بشیگرام)<br>50ایکڑ تخم ریزی (چیل)<br>50ایکڑ تخم ریزی (گورنئ)<br>50ایکڑ تخم ریزی (بشیگرام) |
| 5۔ | 2012-13 | 30, 00,000/- | درجہ بالا نرسریز کی حفاظت اور اس میں مزید تخم ریزی<br>200ایکڑ پلانٹیشن (چیل)<br>100ایکڑ تخم ریزی (تیرات کمپارٹمنٹ نمبر 11)<br>100ایکڑ تخم ریزی (چیل کمپارٹمنٹ نمبر 15) |

جناب جعفر شاہ: تھینک یو جناب سپیکر۔ دیکښې خو نور ډیټیل راغلے دے، I am thankful to the department۔ یو خبره د فضل الهی خان نه به تپوس وکړم، پارلیمانی سیکرټری صاحب دے چې د دې مانیټرنګ پروسیجر څه دے چې دا دومره بوټی نال شوی دی او زما خیال دا دے چې دوه کاله بعد زما علاقه خو به ټوله ځنګل ځنګل وی که خیر وی، چې مانیټرنګ میکنزم ئے څه دے؟ What is the monitoring regime?

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب فضل الٰہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): زه جعفر شاه صاحب ته خواست کوم چې دا سوال د دوباره وکړی، زما ورته توجه نه وه جی۔

اراکین: اوہو،اوہو،اوہو۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات: چونکه زه، نه یو منټ، نه نه، زه چونکه عنایت صاحب سره په یو اهم موضوع باندې زما ډسکشن وو، زه اوس راغلم سیټ ته، زما د هغوی سره خبره وه، یره جی داسې ده چې کومه خبره حقیقت وی هغه به کوم۔ جناب سپیکر صاحب! چې کومه خبره حقیقت وی هغه به کوم۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات: مونږه دې له نه یو راغلی چې پخپله باندې هر څه کوؤ او پوائنټس سکورنګ نه کوؤ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ صاحب! آپ سے گزارش ہے، آپ اپنے کوئسچن کو دوبارہ Repeat کریں۔

جناب جعفر شاہ: فضل الهی خان! زما سوال دا وو چې د FDF fund utilization څنګه شوے دے نو هغوی جواب راکړے دے چې دومره مو نرسریانې لګولې دی، دومره مو Seeding کړے دے، تخم ریزی مو کړې ده، دومره مو پلانټیشن کړے دے نو ما چې دا وکتل نو زما هغه حلقه خو داسې ده چې که دا دومره کار پکښې د ځنګلاتو شوے وی نو یقیناً چې زه د دې اسمبلئ سیشن نه وروستو ځم نو ان شاء الله ټول وطن به شین وی، ځنګل به وی که خیر وی۔ نو زه وایم چې د دې مانیټرنګ طریقه څه ده چې دا مونږه څنګه Physically وګورو؟

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر فضل الٰہی صاحب۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات: تهینک یو جناب سپیکر صاحب۔ زما مشر ډیر ښه سوال وکړو جی، د دې مونږه جواب ورکړے دے جی او د دې ډیټیل چې کوم دے نو هغه د دې جواب سره لف دے نو که دوئ وائی چې زه ورته پړهاؤ کړم نو هم ټهیک ده خو زه به دا اووایم جی چې په ګزشته پینځه کاله کښې دا ځنګلات چې کوم دی نو شنه نشو نو په شپږ میاشتو کښې به څنګه کیږی جی؟ خو بهرحال ایف ډی ایف چې کوم دے نو دا یو فنډ دے د فارسټ ډیویلپمنټ فنډ په نامه باندې،

دې ته جې چې څومره زمونږه انکم راځی د ځنګلاتو نه نو دا هغه فنډ ته ټرانسفر کیږی او بیا چې څومره نرسریانې وی جی نو هغه نرسریانو باندې دا پیسې لګی جی۔ د هغې ډیټیل چې کوم دے نو مونږه د دې سره لف کړے دے او زه وروړ ته دا خواست کوم، که کله دوئ وزټ کول غواړی نو ان شاء اللّٰه دوئ د راته تاریخ راکړی او زه به ئے وزټ له بوځم۔ تهینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو جی۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، ستاسو توجه هم غواړو او دا تاسو ته خو پته ده چې دا 'کوئسچنز آور' چې وی، دا یوه ګهنټه وی او کوشش هم دا کوؤ چې ټائم خراب نکړو خو سپیکر صاحب، مخامخ که مونږه وګورو نو ظاهره خبره ده چې دا دومره اهم بزنس دے او د هر ډیپارټمنټ کوئسچنز شته، پکار خو دا وه چې دا ټائم به دومره نه خرابیدے که 'کنسرنډ' منسټران صاحبان ناست وے نو تاسو ته ریکویسټ کوم چې هغه بله ورځ تاسو رولنګ ورکړے وو، نن هم ستاسو نه دا ګزارش دے، که تاسو رولنګ ورکړو او دا منسټران صاحبان د خپل بزنس په ورځ باندې خامخا، هسې خو حاضری پکار وی په اجلاس کښې نو رولنګ تاسو نه غواړو چې دا حاضری چې ده، دا منسټران صاحبان یقینی کړی نو بیا به وخت هم نه خرابیږی او چې کوم موؤرز دی سپیکر صاحب، هغه به هم مطمئن کیږی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Sardar Hussain Babak! Thank you very much۔ میں اس سے پہلے بھی کئی دفعہ کہہ چکا ہوں اور آج پھر یہ گزارش کرتا ہوں، رولنگ دیتا ہوں کہ مہربانی کر کے جو ٹریژری بنچ کے منسٹرز صاحبان ہیں، وہ اپنی حاضری کو یقینی بنائیں (تالیاں) کیونکہ یہ بہت august forum ہے اور یہاں پر کوسچنز کیلئے Proper جواب ہونا چاہیئے، تو میں افسوس سے کہتا ہوں کہ یہاں پر منسٹرز صاحبان موجود نہیں ہیں جو کہ بہت بری بات ہے۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: منور خان صاحب! پلیز۔ کوئسچنز به تاسو والا پاتې کیږی بیا او زه وایم چې لاء اینډ آرډر باندې بیا Detailed discussion وشی نو بهتر به وی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب! که بیا ما ته ټائم راکړو تاسو نو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک شوه، په هغې باندې به بیا خبره کوؤ۔ 'کوئسچنز آور' د ختم شو جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: هغه بل سیشن کښې هم پاتې شوے وو سر او دے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک شوه، نه به پاتې کیږی ان شاء الله۔ کوئسچن نمبر 999، سید جعفر شاه، پلیز۔

* 999 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کالام کے مقام پر روبہ عمل منصوبہ کالام مربوط ترقیاتی پراجیکٹ (KIDP) کا ایک مکمل انفراسٹرکچر موجود ہے جس میں دفاتر، ہال، رہائشی بنگلے اور اراضی وغیرہ شامل ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے یہ سہولیات اور اثاثہ جات پاکستان فارسٹ انسٹی ٹیوٹ (PFI) کے دائرہ اختیار میں دیئے تاکہ PFI وہاں ماؤنٹین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قائم کرے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ بجٹ 14-3013 میں اس منصوبہ کیلئے کثیر رقم مختص کی گئی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس سلسلے میں اب تک کیا عملی اقدامات اٹھائے گئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ) (جواب پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات نے پڑھا): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) یہ درست ہے۔ پاکستان فارسٹ انسٹی ٹیوٹ (PFI) نے وہاں پر (PFI) ہائی ماؤنٹین فارسٹری اور حیاتیاتی تنوع کا ریسرچ اور ٹریننگ سٹیشن قائم کیا ہے۔

(ج) یہ بھی درست ہے۔ ریسرچ سٹیشن کے قیام کیلئے بنائے گئے منصوبے کا کل تخمینہ (50.60) ملین روپے ہے۔ سال 14-2013 کیلئے 09 ملین روپے کا تعین ہوا ہے۔

(د) اس سلسلے میں درج ذیل عملی اقدامات اٹھائے گئے ہیں:

O سٹیشن کی نگرانی اور دیکھ بھال کیلئے (BS-18) کا ایک آفیسر (PFI) سے کالام سٹیشن تبدیل کیا گیا ہے۔
O تجرباتی بنیاد پر ٹیوب نرسری لگائی گئی ہے۔
O چونکہ عمارت پرانی اور خستہ حالت میں ہے لہذا محکمہ مواصلات اور تعمیرات سوات ڈویژن کے ذریعے تفصیلی تخمینہ برائے بحالی و مرمت بنایا گیا ہے۔
O بشمول بحالی و مرمت اور دیگر دیرپا ترقیاتی امور، روزگار وغیرہ پر مشتمل ایک تفصیلی منصوبہ پی سی ون کی شکل میں صاحب اختیار ادارے کو برائے منظوری ارسال کیا گیا ہے۔
O مورخہ 28-11-2013 کو پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ میں محکمہ خزانہ کے نمائندہ کی موجودگی میں اس پر میٹنگ ہوئی ہے۔
O تفصیلی منصوبہ پی سی ون کی صاحب اختیار ادارے سے باقاعدہ منظوری اور ایڈمنسٹریٹو اجازت کے بعد مزید عملی اقدامات اسی سال یعنی 2013-14 میں شروع کئے جائینگے۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو جناب سپیکر۔ د جواب نه مطمئن یم خو ما وئیل که دا پی سی ون لږ غونډې تیزی پرې وکړی چې په دې 2013-14 کښې مونږه شروع کړے شو نو ډیره به ښه وی۔ فضل الهی صاحب لاړو اووتو بهرحال ډیپارټمنټ والا خلق به خوک ناست وی، هغوی د واؤری۔ دا په کالام کښې ماؤنټین ریسرچ انسټی ټیوټ د جوړیدو د پاره چھ کروړ روپۍ مونږ ایښودې دی په دې بجټ کښې چې کار پرې لږ تیز کړی، بیا موسم هلته داسې دے چې مونږ پرې کار سټارټ واخلو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی فضل الہی خان باہر چلے گئے ہیں؟ راغلو سکندر صاحب۔ میں جعفر شاہ صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ ایک دفعہ پھر دوبارہ اپنا Question repeat کریں۔

جناب جعفر شاہ: (قہقہہ) تھینک یو جناب سپیکر۔ فضل الهی خان! دا په کالام ماؤنټین ریسرچ انسټی ټیوټ باندې دوئ وائی چې پی سی ون راشی نو مونږ به پرې کار شروع کړو نو ما وئیل چې لږه تادی پرې وکړئ۔
جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر فضل الہی خان۔

جناب فضل الٰہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): تھینک یو جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، څنګه چې زمونږه مشر ماشاءالله د خپل تجربې نه فائده اخلی او وخت په وخت ډیر ښه ښه کوئسچنز کوی جی، دا زمونږه چې کوم په کالام کښې دغه دے جی، دا 32 کنال دے جی، په دې باندې پی سی ون تیار دے جی او په دیکښې جی نن زمونږه د پی ډبلیو پی سره هم میټنګ وشو جی او ان شاء الله په 25 تاریخ باندې به دا منظوری وشی د دې جی او دوئ ته به ډیره زر خوشخبری ورکړے شی جی۔ دوئ به ډیر خوشحاله وی ان شاء الله۔ تهینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ صاحب! آپ مطمئن ہو گئے جی؟

جناب جعفر شاہ: میں خوش ہو گیا لیکن یہ میرے ساتھی پوچھ رہے ہیں کہ What is PWP ؟

(قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: (قہقہہ)

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محمد علی شاہ باچا صاحب۔ محمد علی شاہ باچا، پلیز۔

سید محمد علی شاہ: دا جی PDWP دے جی نو "D" پکښې څان سره لږ یاد ساتئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی فضل الٰہی صاحب۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات: جناب سپیکر صاحب، پی ډبلیو پی چونکه زمونږه د اپوزیشن ورونړو چې کوم دے داسې یو د ګپ شپ ماحول جوړ کړے دے نو مونږه هم ورسره دغسې چلیږو۔ که چرته دوئ هم سیریس شی زما خیال دے نو ان شاء الله و تعالیٰ مونږ به هم د دوئ مطابق دوئ له بیا جواب ورکوؤ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ کوئسچن نمبر 1000، سید جعفر شاہ۔

* 1000 _ جناب جعفر شاہ: کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سوات میں مینگورہ کے مقام پر زمرد کی کان موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس قیمتی زمرد کان سے سالانہ کتنی آمدنی حاصل کی جاتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ضیاء اللہ آفریدی (معاون خصوصی برائے معدنی ترقی): (الف) جی ہاں، سوات میں مینگورہ کے مقام پر تقریباً 182 ایکڑ رقبہ پر پھیلی ہوئی زمرد کی کان موجود ہے۔ اس کو سال 2010 میں ایم ایس فضل کریم اینڈ کمپنی کو بذریعہ بولی مبلغ 10 کروڑ 24 لاکھ روپے پر دس سال کیلئے پٹہ پر دیا گیا ہے۔

(ب) مینگورہ زمرد کان کی سالانہ آمدنی تقریباً ایک کروڑ 16 لاکھ 40 ہزار روپے ہے جس میں مبلغ 14 لاکھ روپے مالکانہ بھی شامل ہے جو کہ سرکاری خزانہ میں جمع کیا جاتا ہے۔

جناب جعفر شاہ: جناب والا! زه فضل الهی صاحب ته وایم چې دا PDWP ده، Provincial Development Working Party نو تا سو نوم، نوم کښې لږ غونډې کوتاهی شوې وه چې بیا نه وی۔ جی دا ما د زمرد باره کښې سوال کړے وو، سوات مینګوره کښې د زمرد کان دے۔ یو خو ما د پاره د حیرانګئ خبره دا ده چې د لسو کالو د پاره ئے دا په لس کروړه روپئ ورکړے دے چې د هغې پروسیجر باندې به بیا زه بل کوئسچن راؤړم خو دلته مې جی ضمنی سوال دا وو چې کوم ځائې کښې هم داسې نیچرل ریسورسز وی، که هغه ستاسو حلقه کښې ګیس دے او تیل دی، که مائیکرو هائیډل پاور جنریشن پلانټس دی نو هلته مقامی خلقو ته 10% royalty for development of that affected area ته ملاویږی۔ نو زه وایم چې حکومت د آئنده بجټ کښې دا زیر غور وساتی چې د مینګوره ستې د پاره هم چې هغه د سوات نه بلکه د ملاکنډ ډویژن دارالخلافه ده چې د دې زمرد د دې انکم نه 10% royalty هغه مونږه د هغې علاقې د ډیویلپمنټ د پاره کیږدو چې هغه هسپتالونه، کالجونه او سکولونه او زما به آفریدی صاحب ته خواست وی چې په راروان بجټ کښې دا خبره د دوئ زیر غور وی او دا د خلقو ډیمانډ هم دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر ضیاء اللہ آفریدی صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی کوئسچن، سپلیمنٹری کوئسچن؟

جناب احمد خان بہادر: جی سر، سپلیمنٹری کوئسچن۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، احمد خان بھادر صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: تھینک یو مسټر سپیکر۔ سر، وړومبئ خبره خو دا ده، جعفر شاه صاحب دا کوئسچن راوړے وو، دا که تاسو وګورئ نو د دوئ د وزرات جواب دے چې 182 ایکړ باندې د زمردو دا کان خور دے، 182 ایکړ او دا په لس کروړه روپئ باندې لسو کالو له ئے ورکړے دے۔ مطلب دا دے د یو کال د پاره څه د پاسه یو کروړ روپئ شوې نو جناب والا، 182 ایکړ باندې خو چې ته غنم کرې، هغه به هم درله دومره پیسې کوی۔ دویم د دې کوئسچن دا (ب) سیکشن تاسو وګورئ، دوئی وائی چې "ایک کروڑ16لاکھ40ہزارروپے، چې په دیکښې 14 لاکھ روپے مالکانہ بھی شامل ہے جو کہ سرکاری خزانے میں جمع ہوتا ہے" نو جناب والا، په دې باندې خو مونږ نه پوهیږو چې ایک کروړ 40 لاکھ روپئ دی، 14 پکښې مالکانه بیا څنګه شو چې دا خزانه کښې جمع کیږی؟ د دې وضاحت د لږ وکړی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر ضیاءاللہ آفریدی صاحب۔

جناب ضیاء اللہ آفریدی (معاون خصوصی برائے معدنی ترقی): جناب سپیکر صاحب! اول خو جعفر شاه صاحب چې کومه خبره وکړه، د هغې سره زه هم متفق یم بلکه مونږ پالیسی کښې هم دا شے راولو، څه Changing دغه کوؤ چې کوم ځائې کښې زمونږ معدنی ذخائر دی، هغې خلقو له پکښې څه رائلټی ورکړو، دا بالکل زه تاسو سره اتفاق کوم مونږ لګیا یو په دے او محترم ایم پی صاحب چې کوم ضمنی دغه وکړو، بالکل زه ستا د خبرې سره هم اتفاق کوم، چونکه دا تیر شوی حکومت، ستاسو حکومت دا آکشن کړے دے د لسو کالو د پاره او زه هم پرې افسوس کوم، پکار ده چې داسې نه وے شوے خو دا ستاسو د تیر شوی حکومت دغه دے، اللّٰه د خیر وکړی۔ مونږ خو کوشش کوؤ چې زمونږ پروګرام کښې دا دغه لږ کم کړو، رولز او دغه کښې تبدیلی راولو ان شاء اللّٰه و تعالیٰ د آئنده د پاره به داسې نه کیږی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب! ضیاءاللہ صاحب نے کہا کہ پچھلی حکومت نے غلط کام کیا تو ہم بھی تو یہی چاہتے ہیں کہ اس کے خلاف کارروائی کرلیں اور آپ اگر اسی طرح بیٹھے رہے اور کوئی کام نہیں

کریںگے پھر تو میرے خیال میں کچھ بھی نہیں ہوگا۔ تو ہم اسی انتظار میں بیٹھے ہیں کہ پچھلی حکومت نے جو غلط کام کیے، تو یہ بھی مطمئن ہو جائینگے اور یہ عوام بھی مطمئن ہو جائینگے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، کوئسچن نمبر 1001۔

* 1001 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) تحصیل حویلیاں کا نوٹیفیکیشن ہو چکا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت کب تک تحصیل حویلیاں کیلئے بلڈنگ بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، نیز حکومت تحصیل حویلیاں کے ماتحت اداروں (Sub-offices) کو حویلیاں منتقل کرنے کا کب تک ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین خان (وزیر مال) (جواب وزیر زکواۃ نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) خیبر پختونخوا کی چار تحصیلوں مردان، کوہاٹ، پبی اور کندیاں کوہستان میں تحصیل بلڈنگ کے پی سی ون پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو بھیجے گئے ہیں۔ ان سکیموں کی منظوری کے بعد کام شروع کیا جائے گا۔ ان سکیموں کی تکمیل پر مذکورہ تحصیل حویلیاں کا پی سی ون تیار کر کے پی اینڈ ڈی پارٹمنٹ کو علیحدہ جائے گا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں نے سوال پوچھا ہے جی کہ کیا تحصیل حویلیاں کا نوٹیفیکیشن ہو چکا ہے؟ تو مجھے انہوں نے جواب دیا ہے، جی ہاں، ہو گیا ہے نوٹیفیکیشن اور پھر میں نے پوچھا ہے کہ اگر نوٹیفیکیشن ہو گیا ہے تو حکومت کب تک تحصیل حویلیاں کیلئے بلڈنگ بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، تحصیل حویلیاں کیلئے، لیکن سر، آگے جو تفصیل مجھے دی گئی ہے، مردان، کوہاٹ، پبی اور کوہستان (قہقہے/تالیاں) تو میں نے کوہستان کا بھی نہیں پوچھا ہے اور کوہاٹ کا بھی نہیں پوچھا ہے، بنوں کا بھی، مجھے بڑا افسوس ہوا ہے جناب سپیکر صاحب، یہ تو ایک مذاق کیا گیا ہے سر میرے ساتھ اور میرے حلقے کے لوگوں کے ساتھ مذاق کیا گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ جو کوئی بھی معزز ممبر جب کوئی مسئلہ اپنے حلقے کا یا صوبے کا مسئلہ اٹھاتا ہے تو حکومت کو معلومات فراہم کرتا ہے اور آگے سے اگر حکومت کو یہ چیزیں بری لگتی ہیں اور ان کے اوپر کنٹرول نہیں کر سکتی ہے اور جواب یہ ملتا ہے کہ یہ دس

سال پرانا ہے، پانچ سال پرانا ہے تو پانچ سال پرانا تھا تو ان لوگوں کو لوگوں نے مسترد کیا اور آپ کو مینڈیٹ دیا ہے۔ میرے خیال کے مطابق یہ بات کہتے ہوئے منسٹرز صاحبان کو ذرا یہ احتیاط کرنی چاہیئے کہ پہلے، پرانا ہے اور پیچھے والا ہے، تو سر، یہ میں پوچھنا چاہتا تھا کہ میرے حلقے، جو تحصیل حویلیاں کا میں نے پوچھا ہے، یہ مجھے بتائیں کہ کب تک اس کی بلڈنگ بنانے کا یہ ارادہ رکھتے ہیں؟ مجھے اس سال کی اے ڈی پی میں وہ بلڈنگ بنا کر دینگے، نہیں دینگے؟ مردان کا کسی مردان کے ایم پی اے کو بتائیں، کوہاٹ کا کسی کوہاٹ کے ایم پی اے کو اور کوہستان والوں کو کوہستان کے متعلق بتائیں، میں نے حویلیاں کے متعلق سوال پوچھا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر حبیب الرحمان صاحب جی۔

جناب حبیب الرحمان (وزیر زکواۃ): مہربانی جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں اپنے بھائی کے بات سے بالکل متفق ہوں، میں خواہ مخواہ اس کی مخالفت نہیں کرتا، یہ جواب دیا گیا ہے، یہ Irrelevant ہے۔ اس نے جو سوالات پوچھے ہیں، ان کا ایک جواب یہ ٹھیک آیا ہے کہ حویلیاں کا نوٹیفیکیشن ہو چکا ہے، وہ ہاں ہو چکا ہے لیکن نیچے جو اس نے کہا، میں اس کے ساتھ ہوں ان شاءاللہ۔ میں یہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کو ہدایت جاری کرتا ہوں کہ اس سوال کا جواب صحیح کرلے، یہ بہت یعنی Irrelevant انہوں نے جواب جو دیا ہے، ٹھیک نہیں دیا ہے، میں آپ کے ساتھ ہوں اور ان شاءاللہ جب جواب آجائے، جہاں تک حویلیاں کا تعلق ہے تو وہ تو منظوری تو ہو چکی ہے اور ابھی یہ پی سی ون اور سارا Procedure ابھی سے شروع ہوگا اور جب بلڈنگ بنے گی تو ان شاءاللہ اس کے بعد یہ Sub-offices وہاں ٹرانسفر ہونگے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر، اس سوال کا جواب جو محکمے نے دیا ہے، میرا استحقاق مجروح ہوا ہے، میں تحریک استحقاق منسٹر صاحب کے خلاف لاؤں یا محکمے کے خلاف لاؤں؟ میں آپ سے یہ اجازت پوچھنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی حبیب الرحمان صاحب۔

وزیر زکواۃ: سپیکر صاحب، میں بغیر استحقاق کے اس کے ساتھ ہوں۔ میں نے تو کہا کہ یہ ہمارے ساروں کا استحقاق مجروح ہوا ہے لیکن یہ استحقاق کی بات نہیں ہے، میں نے کہا میں محکمے کو ہدایت کرتا ہوں کہ جو Irrelevant جواب انہوں نے دیا ہے، وہ صحیح جواب دیدے ان شاءاللہ اور باقی جواب تو میں نے دیدیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! میرے خیال میں You are at liberty، آپ کو پورا اختیار ہے۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سر، میں نے یہ ریکویسٹ کی ہے جی، میں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ جس کے خلاف بھی لانا چاہتے ہیں تحریک استحقاق، یعنی ڈیپارٹمنٹ کے خلاف یا منسٹر You are at liberty۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ٹھیک ہے سر، ٹھیک ہے، یہ میرے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Question No. 1125, Saleh Muhammad Khan Sahib. (Not present). Ji Question No. 986, Arbab Akbar Hayat Khan. (Not present). Question No. 987, Arbab Akbar Hayat Khan. Question No. 988, Arbab Akbar Hayat Khan. Question No. 989, Arbab Akbar Hayat Khan. Question No. 990, Mufti Said Janan, please.

* 990 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں کوئلہ اور دیگر قیمتی ذخائر پائے جاتے ہیں جبکہ کئی ٹھیکیداروں کے ساتھ کئی مقامات پر لیز پر دی گئی زمینیں جوں کی توں پڑی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان ٹھیکیداروں کے نام بتائے جائیں جنہوں نے لیز پر زمین برائے کوئلہ خریدی ہے مگر تاحال کام شروع نہیں کیا، اس سے صوبائی حکومت کو کتنا نقصان ہوا ہے، نیز حکومت نے ان ٹھیکیداروں کے خلاف کیا اقدامات اٹھائے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ضیاءاللہ آفریدی (معاون خصوصی برائے معدنی ترقی): (الف) جی ہاں۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

(ب) مجوزہ ٹھیکیداروں نے لیز پر زمین برائے کوئلہ بے کار رکھی ہے، اس کی مختلف وجوہات ہیں مثلاً مارکیٹ کا دستیاب نہ ہونا، حالات کی خرابی، مقامی مسائل اور مہنگائی کی شرح کا بڑھنا وغیرہ شامل ہیں تاہم

ان ٹھیکیداروں کو وقتاً فوقتاً نوٹسز جاری کئے جاتے ہیں، تعمیل نہ ہونے پر معدنیات کے مجوزہ قانون کے تحت ضروری کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔ ہنگو میں چند سالوں سے لاء اینڈ آرڈر کی وجہ سے زیادہ تر کام بند ہے۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپيکر صاحب، زه به د ضمنی سوال نه مخکښې تاسو ته يو دا ګزارش کوم چې د لته دا کوم جوابونه راکيږی، د دې نه دا معلوميږی چې دا محکمې ستاسو په هدايا تو باندې هيڅ عمل نه کوی۔ اکثر سوالونه داسې وی چې هغه جواب ئے غلطې طريقې باندې راغلے وی، مخکښې مو هم نشاندهی کړې ده او اوس ئے هم کوؤ او بيا ئے هم او بل ګزارش به مو دا وی چې دے منسټرانو صاحبانو ته که دا احکامات مو جاری کړے وے چې د وئ اسمبلئ کښې موجود وی چې لږ غوندې د ملګرو سوالونو طرف ته توجه کوی، ډيره مهربانی به وی۔ جناب سپيکر صاحب، زما ضمنی سوال دا دے ما (ب) جز کښې غوښتی دی_ اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان ٹھیکیداروں کے نام بتائے جائیں ایک، جنہوں نے لیز پر زمین برائے کوئلہ خریدی ہے نمبر ایک مگر تاحال کام شروع نہیں کیا ہے، نمبر دو، حکومت کو کتنا نقصان ہوا ہے؟_ جناب سپيکر صاحب، ما ته جواب کښې د وئ وائی چې "مجوزہ ٹھیکیداروں نے لیز پر زمین برائے کوئلہ بے کار رکھی ہیں، اس کی مختلف وجوہات ہیں مثلاً مارکیٹ کا دستیاب نہ ہونا" جناب سپيکر صاحب، مارکيټ خو زه وايم چې کوئلې نه زيات مارکيټ د هيچا نشته دے، "حالات کی خرابی" دا ټولې علاقې مطلب دے دا ډ کې دی ورنه چې چا اخستی دی، کروړونو کاروبار دغې صوبې کښې چليږی او بل ليکی "مہنگائی کی شرح کا بڑھنا وغیرہ شامل ہے"، جناب سپيکر صاحب، زه خو دا وايم چې د دغې سوال دغې جواب سره هيڅ څه مطابقت نشته دے او بل جناب سپيکر صاحب! چې دا کوم تفصيل ئے ما ته راکړے دے، ديکښې 2001 والا زمکې هم مطلب دے دا پرتې دی چې په هغې باندې اوسه پورې هيڅ څه کار نه دے شروع شوے نو زما به دا ګزارش وی، دا د صوبې مفاد و معامله ده چې دا د کميټئ ته دا سوال لاړ شی، هغه ځائې کښې د تفصيلی بحث وربانديې وشی چې دا کوم

ٹھیکیداران دی چې د محکمې وئیلو باوجود مطلب دے د هغې محکمې خبرو باندې عمل نه کوی، دا گزارش کوم جی سپیکر صحب، تاسو ته۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر ضیاءاللہ خان آفریدی۔

جناب ضیاء اللہ آفریدی (معاون خصوصی برائے معدنی ترقی): جناب سپیکر صاحب، مفتی صاحب چې کوم ضمنی دغه سوال اوچت کړو، دا مفتی صاحب، مارکیٹ کا دستیاب نہ ہونا، مطلب دا دے جی چې د کوئلې کوالټی هغه نه ده چې هغه خلق لکه هغه ئے خوښه کړی جی نو د دې مطلب دا دے، ورسره ورسره جی حالات، د لاء اینډ آرډر تاسو ته پته ده جی ټوله صوبه کښې خراب دے خصوصاً په جنوبی اضلاع کښې چې کوم ځائې کښې د کوئلې دغه دی، هغه خو تاسو ته مفتی صاحب! ډیره ښه پته ده جی چې کوم سیچویشن دے، پروډکشن چې کوم نه کوی، مونږ نوټسې ورکړی دی او زمونږ حکومت چې کله راغلے دے 74 لائسنسز مونږ کینسل کړل چې کوم د معدنیات په رولز کښې، چې کوم Hurdles دی چې کوم سکوت دی، کوم معدنیات چې چا لائسنسونه اخستی دی او هغې باندې کار نه کیږی، د هغې Procedure دا دے چې نوټس ورکړو او هغه د Notice reply راکړی، بیا مائننگ کمیټی کیږی، مائننگ کمیټۍ شروع شوی دی، Proceedings شروع دے د کینسلیشن د پاره چې څوک دغه دی هغه به ټول ان شاء اللہ کینسلیږی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مفتی سید جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: مطمئن خو نه یم د سوال نه خو د منسټر صاحب نه دا امید لرم انشاءاللہ العظیم راتلونکی وخت کښې به په دې باندې کار کوی که خدائے کوی ان شاء اللہ۔

(قہقہے)

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ مسٹر ملک ریاض خان، کوئسچن نمبر 991۔

* 991 _ ملک ریاض خان: کیا وزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ مال ضلع بنوں میں پٹواریوں کے تبادلے ہوئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ضلع میں یکم جون 2013 سے اب تک کتنے پٹواری تبدیل کئے گئے ہیں، وہ کتنے عرصہ سے مذکورہ جگہ پر تعینات تھے جہاں سے ان کو تبدیل کیا گیا، نیز تبدیلیاں کس کے حکم پر کی گئیں، تبدیلی کی وجوہات بھی بتائی جائیں؟

جناب علی امین خان (وزیر مال): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع بنوں میں یکم جون 2013 سے اب تک 26 پٹواری تبدیل کئے گئے ہیں، ان کے تبادلوں کے احکامات کی نقول ایوان کو فراہم کی گئیں۔ پٹواریوں کو حاکم مجاز / کلکٹر ضلع کے حکم پر انتظامی اور کارکردگی کی بنیاد پر تبدیل کیا جاتا ہے۔ خصوصاً چار سالہ جات کی تکمیل اور وصولی حکومتی بقایاجات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

ملک ریاض خان: جناب سپیکر، تھینک یو۔ میں نے سوال کیا تھا کہ محکمہ مال ضلع بنوں میں پٹواریوں کے تبادلے ہوئے ہیں اور اگر جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ضلع میں یکم جون 2013 سے اب تک کتنے پٹواری تبدیل کئے گئے ہیں اور کتنا عرصہ مذکورہ جگہ پر تعینات تھے، جہاں سے انکو تبدیل کیا گیا، نیز تبدیلیاں کس کے حکم پر کی گئیں، تبدیلی کی وجوہات بتائی جائیں؟ جناب والا، ان کے جواب میں ایک پٹواری ہے مطیع اللہ شاہ، ایک مہینے میں آٹھ دفعہ تبدیل ہوا ہے، آج محکمہ مال کے منسٹر نہیں ہیں ورنہ میں اس کو بتاتا کہ یہ چمک کی وجہ سے تبدیل ہوا ہے۔ میں ایک بات اور بھی بتا دوں (تالیاں) یہ انصاف والے ویسے ہی کہہ رہے ہیں کہ انصاف ہم کر رہے ہیں اور کرپشن ختم کر رہے ہیں۔ ابھی منسٹر صاحب نے کہا کہ ہم محکمہ مال اور پولیس کو ٹھیک کر رہے ہیں اور بہت حد تک ٹھیک کیا ہے، یہ بالکل غلط ہے، یہ خود کرپشن کو پروان چڑھا رہے ہیں۔ میں اس بات کا ثبوت یہ دیتا ہوں کہ اس صوبے کے چیف منسٹر نے اسی آرڈر کو کینسل کیا کہ اس پٹواری کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے لیکن پھر محکمہ مال کے منسٹر نے اس کے بعد اس کا تبادلہ کیا۔ میں حیران ہوں کہ ہمارا سی ایم اتنا کمزور ہے، مجھے افسوس ہے اس پر کہ میرا چیف ایگزیکٹیو اس صوبے کا جو ہمارا وقار ہے، وہ اتنا کمزور ہے کہ ان کا آرڈر ایک محکمہ مال کا منسٹر اس کو کینسل کراتا ہے اور پھر چمک کی وجہ سے، یہ میں ثابت کرتا ہوں اسلئے میں کہہ رہا ہوں (تالیاں) کہ یہ سلیکٹ کمیٹی کو ریفر کیا جائے تاکہ میں اس کو ثبوت دے سکوں کہ یہ چمک اور یہ کرپشن اور یہ انصاف کا وہ نعرہ جو ہے کہ ہم کرپشن کو ختم کرتے ہیں یا پروان چڑھا رہے ہیں؟ شکریہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جنابِ ڈپٹی سپیکر: جی میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، جیسا کہ میرے Colleague نے بات کی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، چونکہ منسٹر صاحب تو ہیں نہیں تو میرا خیال ہے کہ اگر اس سوال کو پینڈنگ کر دیا جائے کیونکہ جواب اسی صورت میں آئے گا لیکن میرا ابھی ضمنی سوال اس میں یہ ہے کہ میں وزیر مال صاحب سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ جہاں پر سیکشن فور لگ جاتا ہے، وہاں پہ ایک ہی پٹواری کو جو ہے تو وہ جب بدل جاتا ہے، اس کے پاس Dual charge ہوتا ہے اور پھر اس کو لایا جاتا ہے تو جناب سپیکر صاحب، میں اپنے Collaegue کی بات سے بالکل متفق ہوں کہ یہ ساری چمک دمک ہے، پٹوار خانے، بالکل وہاں پر رشوت نہیں ہوتی ہے، وہ میں مانتی ہوں کیونکہ آدھے پٹوار خانے جو ہیں وہ گھر میں تبدیل ہو گئے ہیں اور وہاں پر کروڑوں روپوں کی رشوت جو ہے تو وہ دی بھی جاتی ہے اور لی بھی جاتی ہے جناب سپیکر صاحب، ہمارے پاس باقاعدہ Proofs موجود ہیں اور ایک ایک پٹواری جو ہے، وہ چار چار دفعہ، پانچ پانچ دفعہ جو ہے تو وہ تبدیل ہوتا ہے جبکہ ان کا نعرہ یہی تھا کہ ہم پٹوار خانے کا سسٹم اور باقی جو سسٹم ہے، اس میں انصاف اور اس میں تبدیلی لے کر آئیں گے، تو چونکہ وزیر مال یہاں پر ہیں نہیں تو میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ ان کے Related جتنے بھی سوالات ہیں، ان کو اگر پینڈنگ کر دیا جائے تاکہ صحیح طور پر ہمارے عوام کو پتہ چل سکے کہ کیا انصاف ہو رہا ہے؟ اور کیا انصاف کے نام پر جو، یہ جو پٹوار خانوں میں جو ابھی رشوت نہیں لی جاتی ہے، اب یہ ان کے حجروں میں رشوت لی جاتی ہے، پٹواری کے گھر میں رشوت لی جاتی ہے تو جناب سپیکر صاحب، اگر اس کو پینڈنگ، ابھی رشوت لینے اور دینے کو بہت آسان کر دیا ہے۔ دفتر میں تو لوگ دیکھ لیتے تھے، ابھی گھر میں تو کوئی بھی نہیں دیکھتا، وہاں پر جاتا ہے، لفافہ جا کے دے کر آجاتے ہیں تو اگر اس کو پینڈنگ کیا جائے تو یہ بہت Important question ہے جناب سپیکر صاحب، اس سے ہمیں تمام Reality کا پتہ چلے گا اور ہم بھی Proofs لے کر آئیں گے اور وہ بھی اپنی بات کر سکیں گے۔ تھینک یو جی۔

جنابِ ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر حبیب الرحمان صاحب، حبیب الرحمان صاحب، پلیز۔

وزیر زکواۃ: جناب سپیکر! ہمارے بھائی ملک ریاض خان نے۔۔۔۔

نوابزادہ ولی محمد خان: سر! یو منټ زما ضمنی سوال دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حبیب الرحمان صاحب! یو منټ تاسو تشریف کیږدئ جی۔ جی نوابزادہ ولی محمد خان۔

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب، زما هم په دې باندې یو ضمنی سوال دے۔ زما حلقه د سټرکټ بټګرام چونکه څنګه چې نګهت اورکزئی صاحبه اووئیل چې په پټواریانو، هغه کلچر چې کوم کرپشن وو، واقعی چې هغه تقریباً چې ډیر ختم شوے دے ولې چې پیسې چې کومې دی، هغه ټولې اکاؤنټونو ته ځی نو زما دغه سوال سره زما متصل سوال دا دے چې زما په حلقه کښې په موجوده وخت کښې زما هم پټواریان چې کوم دی، د هغوی په یو یو میاشت کښې درې درې ځله او څلور څلور ځله ټرانسفرې کیږی لهذا اوس هم لکه په دې دس تاریخ په پرونی Date کښې یو پټواری چې کوم دے، هغه پخپله میعاد مطلب دا دے چې درې میاشتې په ځائې باندې نه دی ویستلی، هغه متعلقه ډی سی او صاحب ټرانسفر کړے دے، ما ته د د هغې وجوهات اوبنائی چې دا ولې نو د دې سره هم زما دا سوال دے، منسټر صاحب ته هم زما دا ریکویسټ دے چې فوراً د دا، مطلب دا دے چې کومې ټرانسفرې شوی دی Already، دا د کینسل کړی نو ډیره مهربانی به وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر جناب علی امین خان، وزیر مال ایوان میں تشریف لائے)

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک ریاض خان سے گزارش کرتا ہوں کہ اپنا کوسچن دوبارہ Repeat کریں، منسٹر موصوف پہنچ آئے ہیں۔ کوسچن نمبر 991۔

ملک ریاض خان: جناب سپیکر، شکریہ کہ منسٹر صاحب تشریف لائے ہیں۔ یہ محکمہ مال ضلع بنوں میں پٹواریوں کے تبادلے ہوئے ہیں، اگر جواب اثبات میں ہوں تو مذکورہ ضلع میں یکم جون 2013 سے اب تک کتنے پٹواری تبدیل کئے گئے ہیں، وہ کتنا عرصہ سے مذکورہ جگہ پر تعینات تھے جہاں سے ان کو تبدیل کیا گیا، نیز تبدیلیاں کس کے حکم پر کی گئیں، تبدیلی کی وجوہات بھی بتائی جائیں؟" جناب سپیکر، یہ چمک کی وجہ سے

تبدیلی ہورہی ہے، (تالیاں) یہ انصاف کا جو نعرہ ہے کہ ہم کرپشن ختم کرتے ہیں، یہ کرپشن کو پروان چڑھارہے ہیں اوراس کا ثبوت ایک یہ ہے کہ 2013-10-01 کو مطیع اللہ شاہ پٹواری کو تبدیل کیا گیا، 02-10 کو پھر تبدیل کیا گیا، پھر 10-08 کو تبدیل کیا گیا، پھر 10-14 کو تبدیل کیا گیا وہی ایک پٹواری اور پھر 11-29 کو، ایک ہی پٹواری کو آٹھ دفعہ ایک مہینے میں تبدیل کیا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ مجھے اپنے چیف منسٹر پر افسوس آتا ہے، وہ ہمارے اس ایوان کا وقار ہیں، وہ چیف ایگزیکٹیو ہیں اس صوبے کا، اس نے یہ آرڈر خود کینسل کیا کہ اس پٹواری کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے لیکن پھر بھی محکمہ مال کے وزیر صاحب نے وہ آرڈر بھی کینسل کر کے اس کو پھر تبدیل کیا گیا، اسلئے میں اس پہ زور دے رہا ہوں کہ یہ سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کیا جائے کہ پتہ لگ جائے، ہم سارے ثبوت لائیں گے کہ یہ کن کن وجوہات پہ ہوئی ہیں، سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کیا جائے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جی جناب سپیکر صاحب! شکر ہے دیر آید درست آید کہ منسٹر صاحب یہاں پہ جلوہ آفروز ہیں۔ میں جناب سپیکر صاحب، آپ کے توسط سے یہ ان سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ جہاں جو جو ایریاز ہیں کے پی کے میں اور جہاں پہ سیکشن فور لگ جاتا ہے، وہاں پہ ایک پٹواری کو Dual charge جب دیدیا جاتا ہے اور پھر اس سے Dual charge جب واپس لیا جاتا ہے تو پھر کسی کے کہنے پر اس کو باقاعدہ طور پہ دوبارہ اسی جگہ کا سیکشن فور کا جو ہے تو وہ یعنی چارج دیدیا جاتا ہے کیونکہ جناب سپیکر صاحب، اس میں حقائق یہ ہیں کہ شاید منسٹر صاحب کو پتہ ہو یا نہ ہو لیکن آج کل انہوں نے تو اپنے پٹوار خانے کو بالکل صاف کر دیا ہو گا لیکن آج کل رشوت جو ہے، وہ پٹوار خانے میں نہیں لی جاتی ہے، آج کل رشوت جو ہے وہ گھر کے بنگلے میں، ڈرائنگ روم میں لی جاتی ہے اور وہ پٹواری گھر میں بیٹھ کر اپنے ڈرائنگ روم میں رشوت لیتا ہے تو اس میں تو ہم بالکل آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب کو یہ شاباش دیتے ہیں کہ انہوں نے پٹوار خانے کو بالکل کرپشن سے پاک کر دیا ہے لیکن پٹواریوں کے گھروں کو ابھی تک رشوت سے صاف نہیں کیا ہے۔ تو جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے توسط سے ان سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ ایک ہی پٹواری کو Dual charge دینا اور

اس کو بار بار تبدیل کرنااور اسی جگہ پہ جہاں پہ سیکشن فور لگا ہوا ہے جناب سپیکر صاحب، اس کی وجوہات جو ہیں تو ہمیں بتائی جائیں کیونکہ یہ بہت Important question ہے اور شکر ہے کہ منسٹر صاحب آ گئے تو یہ ہمیں جواب دے سکتے ہیں جی۔ شکریہ۔

نوابزادہ ولی محمد خان: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر، جی نوابزادہ صاحب۔

نوابزادہ ولی محمد خان: سر، میں نے تو پہلے بھی ریکویسٹ کی اور اب جو منسٹر صاحب آئے ہیں تو میں نے ان سے دفتر میں، آفس میں بھی آج ان سے ریکویسٹ کی تھی اور اب جو یہ میرے پاس یہ پڑے ہوئے ہیں کہ ہمارے ڈی سی او صاحب، اس میں جو پٹواری ہے، وہ میرے حلقے کا ہے اور میرے حلقے میں ہے، مجھے خود اس سے شکایت نہیں ہے، نہ کسی بندہ نے کہ انہوں نے وہ کیا ہے، میرا ذاتی حلقہ ہے، تو اس پٹواری کو چھ مہینے انہوں نے نہیں چھوڑا ہے، پہلے بھی اس کو ٹرانسفر کیا ہے، اور اس میں ایک بندہ ایسا ہے کہ اگر منسٹر صاحب مجھ سے پوچھیں تو میں اس کو مطلب ہے وہ بھی بتاتا ہوں کہ اب بھی اس پٹواری نے کرپشن کی ہے اور اس کے باوجود، کیونکہ اس کو Suspend ہونا چاہیئے تھا لیکن ہمارے ڈی سی او صاحب نے اس کو دوسری جگہ میں مطلب دا دے پٹواری اس جگہ سے تبدیل کر دیا لوگوں کی شکایت کی وجہ سے اور دوسری جگہ میں لا یا ہے، لگا یا ہے تو میں بھی یہ منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کر رہا ہوں کہ اس کی فوراً جو مطلب دا دے یہ انہوں نے جو ٹرانسفر کیا ہے، اس کو کینسل کرائیں تو ٹھیک ہے اور جو دوسرا بندہ ہے، اس کی انکوائری کی جائے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار اورنگزیب صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب، بڑی خوش آئند بات ہے، اگر حکومت پٹوار خانوں سے رشوت ختم کر لیتی ہے تو یہ ان کا بہت بڑا کارنامہ ہے لیکن ہم سوچ رہے ہیں، پتہ نہیں کب یہ ختم کرینگے، آٹھ مہینے تو ان کے ہو گئے ہیں؟ میں نے منسٹر صاحب کو دو پٹواریوں کی شکایت کی ہے اور ابھی تک انہوں نے ان کے اوپر کوئی ایکشن نہیں لیا ہے۔ میں نے ان کو نام بھی بتایا ہے کہ ایک بندہ ہے، یونس اس کا نام ہے اور

ناڑاپٹوار سرکل، ناڑا کے پٹواری نے اس سے وراثت کے انتقال کے 16 ہزار روپے لیے ہیں تو منسٹر صاحب نے ابھی تک کوئی ایکشن نہیں لیا ہے۔ ایک میرے حلقے میں حویلیاں کا ایک پٹواری ہے، اس کا نام بھی میں نے منسٹر صاحب کو نوٹ کروایا ہے کہ بے شک آپ انکوائری کریں، اگر یہ یقیناً عملی طور پر ان لوگوں کے خلاف ایکشن نہیں لیں گے تو یہ توزبانی دعوؤں اور جمع خرچ سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ تو ان دونوں پٹواریوں کے خلاف میں نے اپنی جگہ آپ کو کہا تھا لیکن آپ نے اس کے اوپر عمل نہیں کیا تو میں نے کہا ذرا فلور پہ یہ بات کہہ دوں شاید آپ کے ذہن میں کوئی بات آجائے۔

جناب احمد خان بہادر: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، احمد خان بہادر صاحب۔

جناب احمد خان بہادر: تھینک یو مسٹر سپیکر صاحب۔ سر، کوئسچن ته راځو 991، دیکښې دې جز (ب) کښې وائی چې د پټوارې ټرانسفر خصوصاً چار سالہ جات کی تکمیل اور وصولی حکومتی بقایاجات کو مد نظر رکھ کر کیا جاتا ہے، جناب والا، د منسټر صاحب نه زه دا تپوس کوم چې داسې پټواریان شته چې په میاشت کښې، داسې حلقې شته چې هغلته په میاشت کښې دړې دړې، څلور څلور پیرې پټواریان بدل شوی دی نو دا خو نه هغه چار ساله باندې پوره کیږی او نه هغه حکومتی بقایات جات وصولئ باندې، نو د دې باره کښې د دوئ څه خیال دے جی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب علی امین گنڈاپور صاحب۔

جناب علی امین خان (وزیر مال): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے جو سوال کیا ہے جو کہ ملک ریاض خان نے، تو اس کا تفصیلی جواب بھی ان کو دیدیا گیا ہے، بنوں میں پٹواریوں کے تبادلے کے حوالے سے اور ساتھ میں بتایا بھی گیا ہے کہ کلکٹر جو ہوتا ہے، وہ مجاز ہے، اس کے آرڈر کرتا ہے اور اس میں چار سالے کو مد نظر رکھا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ جو حکومت کی وصولی کے بقایاجات ہوتے ہیں، ان کو بھی مد نظر رکھ کے پٹواریوں کے تبادلے کئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ جو باقی معزز اراکین اسمبلی نے جو سوالات کئے ہیں پٹوار خانوں کے حوالے سے اور محکمہ مال کے حوالے سے تو میں اس فلور پہ بڑے دعوے سے کہتا ہوں اور چیلنج کرتا ہوں کہ جتنے پٹواریوں کے خلاف کارروائی اس حکومت میں

کی گئی ہے، پاکستان تحریک انصاف کی حکومت میں جتنے پٹواریوں کو Suspend کیا گیا ہے، اس سے پہلے بہت سے معزز اراکین اسمبلی میں پہلے رہے ہونگے، آج تک پانچ سال میں نہیں کیا گیا جو کام ہم نے پچھلے چھ مہینوں میں کیا ہے۔ اس کے علاوہ جو انہوں نے بنوں کے پٹواری کا ذکر کیا ہے تو اس کا بالکل تبادلہ کیا گیا تھا اور اس کے بعد اپوزیشن کا ہی ہمارا ایک معزز ممبر جو ہے، وہ ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کے پاس گئے اور ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب کو میں سلام پیش کرتا ہوں کہ وہ اپوزیشن کا بھی اتنا احترام کرتے ہیں کہ ان کے کہنے کے اوپر، انہی کے لیٹر کے اوپر انہوں نے دوبارہ اس آرڈر کو کینسل کر دیا اور اس کے بعد یہ بھی میں فخر سے کہونگا کہ یہ ایک تبدیلی ہے بہت بڑی کہ آج تک وزیر اعلیٰ جب کوئی کام کرتا ہے تو نیچے منسٹر یا کوئی اور اس کے اوپر کوئی ایکشن نہیں لیتا لیکن پھر بھی اس پٹواری کے اوپر ایکشن لیا گیا اور وزیر اعلیٰ صاحب کو سمجھایا گیا کہ یہ اس حلقے کے قابل نہیں ہیں اور میں نے خود اس کا آرڈر دوبارہ کینسل کیا۔ اس کے بعد وہ عدالت میں چلا گیا، پھر بھی ہم نے اس کے سامنے گھٹنے نہیں ٹیک دیئے اور عدالت سے فارغ کرایا اس کو۔ اس کے علاوہ جو یہ دوسری بات کر رہے ہیں کہ ہم نے صفایا کر دیا ہے پٹوار خانوں سے رشوت کا اور پٹواریوں کے گھروں تک اب رشوت جا چکی ہے تو ان شاءاللہ اگر انہوں نے یہ مان لیا ہے خود ہی فلور کے اوپر کہ پٹواریوں کا پٹوار خانوں کے اندر کرپشن ختم ہو چکی ہے۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر مال: تو جس طرح اس فلور کے اوپر انہوں نے خود ہی اس بات کو Admit کیا ہے کہ پٹوار خانوں سے کرپشن کا خاتمہ ہو چکا ہے تو میرے خیال میں یہ بھی بہت بڑی بات ہے کہ آج تک تو پٹوار خانوں کے اندر یہ کاروبار چل رہا تھا اور ہم نے وہاں پہ تو ختم کر دیا ہے، جہاں تک پٹواریوں کے گھر کی بات ہے کہ ان کے گھروں میں ہو رہی ہے، ان شاءاللہ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ان کے گھروں سے بھی ہم صاف کر لیں گے اس کو لیکن آخر پٹوار خانوں میں کرپشن کا رواج کس نے رکھا، کن حکومتوں نے رکھا، کن پارٹیوں نے رکھا؟ ذرا اس پہ بھی نظر ڈال لیں کہ آج تک پٹواریوں کے تبادلوں کے اوپر بھتے کس نے وصول کئے ہیں، مطلب ہے کس نے وصول کئے؟ میں دعوے سے کہتا ہوں، جو سردار صاحب نے سوال کیا ہے، انہوں نے دو پٹواریوں

کی شکایت کی کہ ان کے حلقے میں انہوں نے پیسے لیے ہیں تو وہ لوگ میرے دفتر میں، میں نے کہا کہ پیش ہو جائیں اور آ کر گواہی دیدیں کہ ہم نے پیسے دیئے ہیں پٹواری کو تو میں پٹواری کو Terminate کر دونگا لیکن میرے دفتر میں ان لوگوں میں سے کوئی بھی نہیں آیا، نہ میرے پاس آیا، نہ ڈی سی کے پاس گیا۔ اس کے علاوہ اگر ان کو کسی طرح کے بھی، کسی قسم کے بھی کوئی اگر تحفظات ہیں اس حوالے سے تو میں ان کو اس فلور کے اوپر Openly کہہ رہا ہوں کہ آپ لوگ اس کرپشن کے خاتمے اندر اس پٹوار کلچر کو ختم کرنے کیلئے ہمارا ساتھ دیں اور آپ اپنے لوگوں کو، اپنے حلقے کے لوگوں کو اس بات پر قائل کریں کہ وہ صرف فون کے اوپر شکایت نہ کیا کریں کیونکہ فون پہ تو ایک پٹواری کا مخالف پٹواری بھی فون کرا کے شکایت کر سکتا ہے لیکن چونکہ لاء کے مطابق ہم اس پہ کوئی ایسی کارروائی نہیں کر سکتے تو یہ مہربانی کر کے آ کے ان لوگوں کو سمجھائیں، ان میں شعور پیدا کریں کہ وہ ہمارے پاس آ کے گواہی کریں اس پٹواری کے اوپر، اس کے بعد اگر کوئی کارروائی نہ ہو اس کے خلاف، Termination نہ ہو پٹواری کی، جس طرح کی سزا ہے ہم دینے کو تیار ہیں۔ اس کے علاوہ جو یہ بات کر رہے ہیں کہ پٹواریوں کے تبادلے، ہم دعوے سے کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کے اندر جتنے بھی بدنام زمانہ پٹواری ہیں، ان کی ہر ضلع کے اندر لسٹیں بنائی جارہی ہیں، ان کا دس سے بارہ سال کا ریکارڈ لیا جارہا ہے کہ کون کونسا پٹواری اچھے اچھے موضعوں پر رہے ہیں اور ان سب پٹواریوں کو ان موضعوں سے ہٹا کر نئے لوگوں کو لایا جارہا ہے اس کے اوپر، اور اس کے علاوہ ہمارے جتنے بھی ایم پی ایز صاحبان ہیں، ان کا بھی ابھی یہاں پر بھی فلور پر ایسے لوگ بیٹھے ہیں کہ ابھی سوال تو اٹھا رہے ہیں لیکن جب بھی میرے دفتر آتے ہیں تو میں برملا یہ بات کہتا ہوں کہ ان کی سب سے بڑی ڈیمانڈ یہ ہوتی ہے کہ میرا یہ پٹواری ہے، اس کو یہاں لگادو اور میرا یہ پٹواری ہے، اس کو یہاں لگادو تو جب تک ایم پی اے، جو کہ اتنے بڑے ایوان کے ممبرز ہوتے ہیں۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: نام لیں، نام لیں۔

وزیر مال: اتنے بڑے فلور میں بیٹھتے ہیں اور وہ سفارشیں کرتے ہیں پٹوایوں کی، پٹواری اتنا بڑا آدمی بن جاتا ہے کہ وہ ان کو مجبور کر دیتا ہے کہ جا کر اس کی سفارش کریں تو پھر کیسے وہ پٹواری کرپشن نہیں کرے گا لیکن پھر بھی ہم اس کو کنٹرول کر رہے ہیں اور اگر جہاں تک کرپشن کی بات ہے، جہاں تک محکمہ مال کی بات ہے،

میں دعوے سے کہتا ہوں کہ محکمہ مال کی پرفارمنس، کارکردگی اس وقت Top پہ ہے، ہمارے چار سالے صحیح طریقے سے بن رہے ہیں، ہم نے کمپیوٹرائزڈ سسٹم کیلئے پانچ ضلعوں میں کام شروع کیا ہوا ہے اور تین سال کے اندر ان شاءاللہ اسی حکومت کے اندر ہم اس نظام کو کمپیوٹرائزڈ کردینگے اور پٹواری کلچر ختم ہو جائے گا، نہ پٹواری رہے گا، نہ کرپشن رہے گی ان شاءاللہ۔ اس کے علاوہ اگر کوئی اور تحفظات ان کے ہیں، اپنے حلقوں میں کوئی پٹواریوں کے ساتھ تو یہ بالکل آئیں، ہمارے ساتھ بیٹھ جائیں، ان شاءاللہ ہم اس کو حل کریں گے۔

ملک ریاض خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: 'کوئسچنز آور' ختم ہو چکا ہے، Over۔

ملک ریاض خان: جناب سپیکر! انہوں نے تفصیلاً جواب نہیں دیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Question`s Hour is over۔ ٹھیک ہے، وہ تو آپ کو Detailed جواب مل چکا ہے نا جی، میں یہی کہتا ہوں جی کہ ہم خود پھر۔۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ انیسہ زیب صاحبہ! آپ کیا کہتی ہیں جی؟

## ذاتی وضاحت

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: بہت شکریہ جناب سپیکر۔ It's a matter of personal explanation. The honourable Minister has charged all the MPAs کہ یہ آتے ہیں اور دفتروں میں آ کے سفارشیں کرتے ہیں۔ مجھے یہ بتائیں کہ اگر ایک ممبر آف دی اسمبلی منسٹر صاحب کی توجہ اس بات پہ دلائے کہ ایک، ظاہر ہے یہ تو Public representatives ہیں اور پبلک میں پٹواری یا ان کی Families بھی آتی ہیں کہ یہ بندہ کیوں سال ہا سال سے کھڈے لائن پہ لگا ہوا ہے اور یہ خاص الخاص لوگ کون ہیں جن کو آپ نے اس پہ، بار بار ان پوزیشنز پہ گئے ہوئے ہیں اور آج بھی جو اچھے طرز حکمرانی کے دعویدار آئے ہیں، وہ بھی انہی لوگوں کو وہاں سے نہیں ہٹا پا رہے، یہ Change نہیں کر رہے ہیں یا ان کے وہ Tenures نہیں دے رہے ہیں۔ ابھی بھی جو سوال آیا ایک ممبر صاحب کا کہ آپ ان

کاTenure بتائیں، وہ مردان کا ہے جو بھی ہے کہ ان کا کیا ریکارڈ ہے تو انہوں نے ادھر ادھر بات کر دی تو آخر میں؟How can a Minister charge the Members اور اب تک تو آپ کو یہ بات Expose کر دینی چاہیئے کہ اگر کسی ممبر نے آپ کو کسی غلط بندے کی سفارش کی ہو لیکن اگر وہ Public representatives ہیں، وہ اگر جائیں گے آپ کے پاس، توجہ دلائیں گے کہ کیا وجہ ہے کہ یہ اچھے لوگ جن کو کبھی بھی آپ نے حلقے نہیں دیئے، آپ ان کو توجہ کیوں نہیں دے رہے ہیں تو کیا Is it a wrong thing؟ یا تو پھر آپ بولیں کہ حکومتی ممبران سب اس سے بالاتر ہیں تو ہم نے تو یہ بھی سنا تھا کہ بعض حکومتی ممبران کے درمیان بڑے لیول پر لڑائی جھگڑا لگا ہوا ہے منسٹرز کے درمیان کہ وہ چاہتے تھے کہ یہ پانچ چھ حلقوں میں ہمارے پٹواری ہوں اور دوسرے میں اپنے لگائیں اور اس کی بنیاد پر سارے پوسٹنگ آرڈرز کینسل ہوئے تو منسٹر صاحب کو اس طرح کا ممبران کے اوپر Charge لگانے سے پہلے دس دفعہ سوچ لینا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جناب۔

## غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

986 _ ارباب اکبر حیات: کیا وزیر مال ارشاد فرمائینگے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صوبے کے مختلف اضلاع میں پٹواریوں کے خالی آسامیوں پر تعیناتی کرتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پٹواریوں کی خالی آسامیوں پر تعیناتی کا طریقہ کار کیا ہے، نیز اس کیلئے کتنی تعلیم اور کونسی تربیت درکار ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین خان (وزیر مال): (الف) جی ہاں، اضلاع میں پٹواریوں کی خالی آسامیوں پر تعیناتی ضلع کا ڈپٹی کمشنر/کلکٹر کرتا ہے۔

(ب) بمطابق لینڈ ریکارڈ مینول پٹواری کی تعیناتی، رجسٹر امیدواران پٹوار جو تحصیل کی سطح پر مرتب کیا جاتا ہے، سے مطابق سنیارٹی بذریعہ ڈیپارٹمنٹل سلیکشن کمیٹی کی جاتی ہے۔ قواعد کی رو سے ایف اے پاس امیدوار نو ماہ پٹوار ٹریننگ سکول کا امتحان پاس کرنے کے بعد اس کا نام رجسٹر امیدواران میں درج کیا جاتا ہے

جس کی بناء پر تعیناتی کی جاتی ہے۔ پچھلے سال پشاور ہائی کورٹ نے حکم دیا کہ بھرتی کے وقت ٹیسٹ وانٹرویو لیا جائے اور میرٹ لسٹ آویزاں کی جائے تاہم یکم جنوری 2014 سے اس تعلیم کے علاوہ امیدوار کیلئے نو ماہ کی بندوبست کی تربیت بھی لازمی ہو گی، نیز یکم جنوری 2015 سے متعلقہ امیدوار کیلئے ایک سال کا انفارمیشن ٹیکنالوجی کا سرٹیفیکیٹ متعلقہ ٹیکنکل بورڈ سے حاصل کرنا بھی ضروری ہو گا۔

987 _ ارباب اکبر حیات: کیا وزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ پٹواریوں کو بحیثیت پٹواری تعینات کرنے سے پہلے منتخب کر کے تربیب دیتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ ایک سال سے کتنے افراد کو منتخب کر کے تربیت دی گئی، ہر ضلع کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے، نیز کتنے افراد کو پٹواری تعینات کیا گیا، ان کے نام، ولدیت ڈومیسائل اور پتہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین خان (وزیر مال): (الف) جی ہاں۔

(ب) گزشتہ سال کسی فرد کو پٹوار ٹریننگ نہیں دی گئی ہے۔

988 _ ارباب اکبر حیات: کیا وزیر مال ارشاد فرمائینگے کہ:

(الف) محکمہ کو پٹواریوں کے حوالے سے مختلف شکایات موصول ہوئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ ایک سال کے دوران پٹواریوں کے خلاف کتنی شکایات موصول ہوئی ہیں، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے، نیز کتنے کیسوں میں کارروائی مکمل کی گئی ہے اور کتنے بقایا ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین خان (وزیر مال): (الف) جی ہاں۔

(ب) اس سلسلے میں عرض ہے کہ سال 2013 کے دوران مختلف پٹواریوں کے خلاف انظباطی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے جن کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

989 _ ارباب اکبر حیات: کیا وزیر مال ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ نے صوبے کے مختلف اضلاع میں پٹواریوں کے تبادلے کئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع پشاور میں موجودہ حکومت کے قیام کے بعد کتنے تبادلے کئے گئے ہیں، پٹواری کا نام، موجودہ پٹوار حلقہ اور جہاں سے تبادلہ کیا گیا ہے، کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب علی امین خان (وزیر مال): (الف) جی ہاں۔

(ب) صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں بری شہرت کے حامل پٹواریوں کو پرکشش حلقوں سے تبدیل کرکے غیر معروف حلقوں پر تعینات کیا گیا، جس کی تفصیل منسلکہ الف اور تبادلہ حکم منسلکہ ب، بوجہ بے قاعدگی التواء/تعطل میں ہے۔

1125 _ جناب صالح محمد: کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ صوبے میں معدنیات کی دریافت اور ان کے استعمال اور اس کی آمدن سے صوبے میں بہتری لانے کیلئے سرگرم عمل ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تین سالوں کے دوران صوبائی آمدنی کا کتنا فیصد معدنیات کی مد سے آیا ہے، ڈویژن وائز تفصیل فراہم کی جائے، نیز حکومت موجودہ آمدنی کو مزید بڑھانے کیلئے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟

جناب ضیاء اللہ آفریدی (معاون خصوصی برائے معدنی ترقی): (الف) جی ہاں، یہ بات صحیح ہے کہ معدنیات کی مد سے صوبائی حکومت کو آمدنی ہوتی ہے جو کہ سرکاری خزانے میں جمع کی جاتی ہیں۔

(ب) گزشتہ تین سالوں کے دوران معدنیات کی مد سے وصول ہونے والی رقم ڈویژن وائز تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

| سال 2010-11 | |
|---|---|
| نام ڈویژن | آمدن |
| ہزارہ ڈویژن | 185240461/- روپے |
| کوہاٹ ڈویژن | 79937035/- روپے |
| ڈی آئی خان ڈویژن | 150776369/- روپے |
| مردان ڈویژن | 25947713/- روپے |

| | |
|---|---|
| پشاور ڈویژن | 112653977/- روپے |
| ملاکنڈ ڈویژن | 26623577/- روپے |
| سال 2011-12 | |
| ہزارہ ڈویژن | 153907940/- روپے |
| کوہاٹ ڈویژن | 81728629/- روپے |
| ڈی آئی خان ڈویژن | 125575354/- روپے |
| مردان ڈویژن | 29857639/- روپے |
| پشاور ڈویژن | 221703079/- روپے |
| ملاکنڈ ڈویژن | 42860427/- روپے |
| سال 2012-13 | |
| ہزارہ ڈویژن | 180900031/- روپے |
| کوہاٹ ڈویژن | 112525112/- روپے |
| ڈی آئی خان ڈویژن | 147479208/- روپے |
| مردان ڈویژن | 55751842/- روپے |
| پشاور ڈویژن | 107936921/- روپے |
| ملاکنڈ ڈویژن | 74255960/- روپے |

اور محکمہ معدنیات موجودہ آمدنی کو مزید بڑھانے کیلئے موجود رائلٹی فیس اضافہ کرنے کیلئے حکومت سے رجوع کیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: وقفہ برائے نماز۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، اسماء گرامی: محترمہ نادیہ شیر صاحبہ 2014-02-20؛ جناب حاجی عبدالحق صاحب 2014-02-20؛ جناب مشتاق احمد غنی صاحب، سپیشل اسسٹنٹ 2014-02-20 و 2014-02-21؛ جناب عبدالستار خان صاحب، ایم پی اے 2014-02-20 و 2014-02-21؛ جناب عبیداللہ مایار صاحب، ایم پی اے 2014-02-20؛ جناب افتخار مشوانی صاحب 2014-02-20۔

Is it the desire of the House that the Leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

سردار بابک صاحب! ایک گزارش ہے میری کہ لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے بحث میں حصہ لینے والوں کی جو لسٹ مجھے پہنچی ہے، وہ تقریباً 35 لوگ ہیں، 35 صرف اپوزیشن کی طرف سے، تو آپ کیا Suggest کرتے ہیں کہ ان کو، 35 لوگ تو یہ بہت مشکل ہو گا کہ سب اس پہ بات کریں اور Further جو ہے تو ایجنڈے کے ساتھ کیا کریں جی؟

ملک ریاض خان: جناب سپیکر! میرا جو مسئلہ تھا تو کیا یہ حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے کہ میرے سوال کا تو جواب ہی نہیں دیا گیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ملک ریاض صاحب! تشریف تھوڑا رکھیں جی، ایک اہم بات ہے، پھر اس کے بعد کرتے ہیں ان شاءاللہ۔ جی سردار صاحب! کیا Suggest کرتے ہیں آپ؟

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب، شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، چونکہ یہ انتہائی اہم ایشو ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اسمبلی کا باقی بزنس جو ہے، وہ بھی انتہائی اہم ہے لیکن ہم حالات کو دیکھیں، وقت کو دیکھیں اور اس مسئلے کی نوعیت کو دیکھیں تو میری تو یہی تجویز ہو گی اور آپ سے ریکویسٹ بھی ہو گی کہ جتنے بھی ممبران صاحبان ہیں، وہ مختصر بات کر لیں گے تو میرے خیال میں وہ ذرا بہتر رہے گا اور ہم ریکویسٹ کریں گے ممبران صاحبان سے کہ بیشک وہ اپنی بات ضرور کریں گے لیکن مختصر کر لیں گے تو پھر آپ کیلئے بھی آسانی ہو گی اور سارے ہاؤس کیلئے بھی آسانی رہے گی اور۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہتر تو یہ ہے کہ Repetition بھی نہ ہو، پارلیمانی لیڈرز پہلے بات کر کے پھر اس کے بعد اگر کوئی Suggestion دے سکتا ہے۔۔۔۔

جناب سردار حسین:  صحیح ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر:  تودے سکتا ہے۔

جناب سردار حسین: اوکے۔

جناب ڈپٹی سپیکر:  ٹھیک ہے جی؟

جناب سردار حسین:  اوکے،اوکے۔

جناب ڈپٹی سپیکر:  تواسی طرح میرے خیال میں، کیونکہ یہ بہت اہم ایشو ہے اور اس کیلئے ہم نے اتنا وہ کیا ہے، تواس ٹائم الحمدللہ ہمارے ساتھ اس فورم میں یہاں پہ موجود ہیں، آئی جی پی صاحب بھی موجود ہیں، باقی بھی سارے سینیئر پولیس آفیسر زہیں اور میں ان کو پورے، اپنی طرف سے بھی، آپ لوگوں اور سب کی طرف سے ان کو ویلکم کہتا ہوں۔ آئی جی پی صاحب کی حالانکہ طبیعت ناساز ہے، بیمار بھی ہیں لیکن اس کے باوجود بھی انہوں نے اس فورم کا لحاظ رکھا ہے تو ہم اپنی طرف سے اس کے شکر گزار بھی ہیں اور ویلکم بھی کہتے ہیں۔ میں یہ جو کال اٹینشن ہے، اس کو پھر کوشش کرتے ہیں کہ جلدی سے نمٹالیں، ڈائریکٹ میرے خیال میں آجائیں تو بہتر ہے کیونکہ۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! بعض چیزیں اگر جلدی جلدی نمٹالیں تو جیسے یہ کال اٹینشن ہے اور دوسرے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر:  بہتر نہیں ہے کہ لاء اینڈ آرڈر پہ ڈائریکٹ آجائیں؟ بہتر یہی ہوگا کیونکہ ٹائم بڑا، 35 لوگوں کی نلوٹھا صاحب! یہ لسٹ ہے 35 لوگوں کی۔ ٹھیک ہے جی۔

## امن وامان پر بحث

جناب ڈپٹی سپیکر:  میں گزارش کرتا ہوں مولانا لطف الرحمان صاحب سے کہ وہ امن وامان کے حوالے سے بحث کا آغاز کریں۔ مولانا لطف الرحمان۔

مولانا لطف الرحمان:  نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْكَرِیْم امابعد۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر، بہت بہت شکریہ آپ کا اور آج ایک اہم موضوع کے اوپر اسمبلی میں یہ بحث شروع ہورہی ہے۔ امن وامان کا مسئلہ انتہائی اہم مسئلہ ہے اور انتہائی تشویشناک صورتحال ہے جسے ہمیں سنجیدگی سے لینا

پڑے گا۔ جو مخدوش صورتحال اس وقت ہے عموماً پورے پاکستان میں اور بالخصوص ہمارے صوبے میں جس طرح کی صورتحال درپیش ہے ہمارے سامنے، جناب سپیکر، اس کیلئے جو کچھ مرکزی حکومت کے حوالے سے ہورہاہے اور ہمارے صوبے میں جو کچھ ہورہاہے، اس پر بات کرنااوراس مسئلے کو سنجیدگی سے لینا یہ انتہائی ضروری ہے، اہم ہے۔ اگر آج ہم نے اس پہ توجہ نہ دی اور سنجیدگی سے اس مسئلے کو نہ لیا تو شاید ہماری صورتحال مزید مخدوش ہوتی چلی جائیگی اور ایسی صورتحال تک پہنچیں گے کہ پھر ہمارے قابو میں شاید وہ نہ آئے۔ جناب سپیکر، سب سے پہلے تو میں ان واقعات کا ذکر کرتا ہوں، چاہے وہ کراچی میں ہوا پولیس پر اور چاہے ہمارے اس ایف سی کے جو نوجوان جن کا گلہ کاٹا گیا اور دونوں واقعوں کو قبول کیا گیا، طالبان کی طرف سے قبول کیا گیا تو میرے پاس وہ الفاظ نہیں ہیں جناب سپیکر، کہ میں اس کی کوئی مذمت کرسکوں۔ ہم ہر صورت میں ایسی صورتحال کو Condemn کرتے ہیں اور نہ ہی اخلاقی طور پر اور نہ ہی کوئی مذہب اس چیز کی اجازت دے سکتا ہے جناب سپیکر، کہ ہمارے پٹھانوں کی روایات کے مطابق جب جرگہ بیٹھا ہوا ہو، مذاکرات شروع ہوں جناب سپیکر، اور ایسی صورتحال میں اگر کوئی فریق کو اس طرح کی صورتحال سامنے آتی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ کوئی مذہب، مسلمان تو دور کی بات ہے، کوئی بھی مذہب اس چیز کی اجازت نہیں دیتا جناب سپیکر، اس کی ہم جتنی بھی مذمت کریں جناب سپیکر، وہ کم ہے اور جناب سپیکر، جو ہمارے صوبے کی صورتحال بنی ہوئی ہے، آج ہماری تاجر برادری، ہمارے ڈاکٹرز، ہمارے علاقے کے معززین کو جس صورتحال کا سامنا ہے، جو صورتحال ہے اس وقت جناب سپیکر اور جناب سپیکر، جس طریقے سے ہمارے لوگ یہاں سے شفٹ ہورہے ہیں اور نقل مکانی کررہے ہیں جناب سپیکر، تو ہم کہاں جائیں گے ؟ کس جگہ پہ ہم کھڑے ہیں جناب سپیکر اور میں سمجھتا ہوں کہ جو صورتحال ہم مرکز کے حوالے سے، مرکزی حکومت نے جو کمیٹی بنائی مذاکرات کیلئے جناب سپیکر، کمیٹی بنی چاہیئے تھی لیکن ہم بھی اس مرکز میں، اس حکومت کا حصہ ہیں۔ جناب سپیکر، اگر جمعیت علماء اسلام کے ساتھ اس حوالے سے مشورہ ہوتا۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی، مولانا صاحب! سوری۔ میں تمام معزز اراکین اسمبلی سے گزارش کرتا ہوں کہ آج کا یہ موضوع انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور مہربانی کرکے وزیر اعلیٰ صاحب کو، آپ لوگ تشریف مت لائیں، یہاں مت آئیں اور کام کے سلسلے میں انہیں ڈسٹرب مت کریں۔ تھینک یو ویری مچ۔

مولانا لطف الرحمان: جناب سپیکر! میں کہہ رہا تھا کہ اگر جمعیت علماء اسلام سے بھی اس حوالے سے مشورہ کیا جاتا تو میرے خیال میں جمعیت علماء اسلام اچھے مشورے ان کو دے سکتی تھی اور جناب سپیکر، ہمیں ایک چیز اور بھی آپ کے سامنے، اس ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ جناب سپیکر، ہم نے ایک جرگہ بنایا تھا اور اس جرگے پہ بہت محنت کی گئی جناب سپیکر، ہم نے آٹھ مہینے اور ایک سال تک اس پہ محنت کی جناب سپیکر اور تمام قبائل کے لوگوں کو اکٹھا کیا گیا اور پھر اس کے بعد اس جرگے سے اعتماد لیکر ان کے نمائندگان سامنے آئے اور ان کی ایک لسٹ بنی جناب سپیکر اور پھر اس کے بعد تمام قیادت کے سامنے ان کو بٹھایا گیا اور وہ جرگہ اسلئے نہیں بنا تھا کہ اس نے امن مذاکرات کرنے تھے، وہ جرگہ دراصل اسلئے بنا تھا جناب سپیکر کہ وہ چاہتے تھے کہ ہمارے جو قبائل علاقہ ہے، قبائلی علاقہ ہے، اس کے قبائلی قانون کی تبدیلی کے حوالے سے، ایف سی آر کے قانون کی تبدیلی کے حوالے سے یا اس کو Settled میں شامل کرنا یا اس کو صوبے میں شامل کرنا یا اس کو مرکز کے ساتھ رکھنا یا اس کے قانون میں تبدیلی ہونی ہے تو پھر وہ ہماری سرزمین ہے، ہم سے ذرا پوچھ کر اس قانون میں تبدیلی ہونی چاہیئے جناب سپیکر اور یہ ان کا حق بنتا ہے، ایک جمہوری حق ان کا بنتا ہے جناب سپیکر اور یہ جرگہ بنا تھا اس کیلئے اور وہ جرگہ جب بیٹھا تو انہوں نے مطالبہ پہلے یہ کیا کہ یہ ساری باتیں تو بعد کی ہیں، اس پہ تو بعد میں بات ہوگی کہ ہمارے قانون میں کیا تبدیلی ہونی چاہیئے، ہمارے علاقے کی حیثیت کیا ہونی چاہیئے جناب سپیکر، وہ تو بعد کی بات ہے لیکن پہلے ہمیں امن چاہیئے۔ ہمارا آپ لوگوں سے مطالبہ یہ ہے کہ ہمیں امن پہلے دو، اس کے بعد اس پہ ہم بات کریں گے جناب سپیکر اور انہوں نے یہ مطالبہ رکھا لیکن تمام سیاسی قیادت نے ان کے اوپر یہ ذمہ داری ڈالی، اس جرگے کے اوپر وہ ذمہ داری ڈالی کہ یہ جو ہمارے مذاکرات ہیں اور یہ جرگہ، اس امن کے حوالے سے بھی ہمارے درمیان اگر کوئی بات چیت ہوگی تو یہ جرگہ ذمہ دار ہوگا اور مذاکرات اس جرگے نے کرانے ہیں، اس پر تمام کے Signs موجود ہیں لیکن آج اس کو سائڈ پہ رکھا گیا اور ہم نے ایک اور مذاکراتی ٹیم بنا کے ہم نے آگے کردی تو ہم اس کیلئے بھی

دعا گو ہیں کہ کسی بھی صورت میں اگر امن آسکتا ہے، کوئی بھی کمیٹی، کوئی بھی میکنزم بنا ہو اور اس کے Through امن آسکتا ہے تو اس کو ہم خوش آمدید کہتے ہیں لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ ایک معاہدہ تھا، اس پہ دستخط ہوئے ہیں تو ہونا یہ چاہیئے تھا کہ پہلے ہم ان کو دعوت دیتے کہ ہم نے آپ پر ذمہ داری ڈالی تھی، آپ پہ اعتماد کیا تھا، آپ آگے چل کر یہ مذاکرات کریں تو شاید آج نتائج کچھ اور ہوتے۔ یہ روز حالات میں تبدیلی آرہی ہے، روز حالات میں تبدیلی آرہی ہے، کبھی مذاکرات تعطل کا شکار ہوتے ہیں، کبھی ہم مطالبے کرتے ہیں اور کبھی جو ہے اس سائڈ سے واقعات ہوتے ہیں اور کبھی وہ اب اس پوائنٹ پہ آتے ہیں کہ جی ہم سیز فائر کرنے کیلئے تیار ہیں اور پھر آج کوئی آپریشن کے سلسلے میں وہ Bombardment ہوتی ہے تو یہ روزمرہ کی صورتحال تبدیل ہو رہی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے پاس یہی ایک موقع ہے کہ ہم امن کی طرف لے جائیں بات کو، مذاکرات کی طرف بات لے جائیں کیونکہ مذاکرات ہی وہ واحد حل ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ مذاکرات کی ضرورت نہیں ہے اور ہمیں آپریشن کرنا چاہیئے فوری طور پر تو میں سمجھتا ہوں، میں ان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ جب حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے، قانون کی عملداری، آئین کی عملداری، حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے، ہمارے اداروں کی ذمہ داری ہوتی ہے اور جب یہ سب کچھ نہیں ہو پاتا اور ہم اس میں فیل ہوتے ہیں تو پھر ہم مذاکرات کی طرف جاتے ہیں اور آج آپ کی ضرورت ہے تو مذاکرات کی طرف جا رہے ہیں۔ آج جو حالات اس خطے میں موجود ہیں تو ہم اس کی طرف جارہے ہیں کہ ہم مذاکرات کی طرف جائیں اور جناب سپیکر، جمعیت علماء اسلام نے پہلے بھی کردار ادا کیا اور شمالی وزیرستان کا معاہدہ آج بھی موجود ہے اور اس پہ عملدرآمد آج بھی ہو رہا ہے جناب سپیکر اور وہ معاہدہ اس وقت ہوا تھا۔ اگر جمعیت علماء اسلام اس مشورے میں شامل ہوتی تو شاید بہتر مشورے بھی دے سکتی تھی اور ہمارے پاس آپشن ہونا چاہیئے کہ اگر ایک میکنزم فیل ہوتا ہے تو ہمیں ایک نئے میکنزم اگر موجود ہے اور وہ اس مسئلے کو حل کی طرف لے جاسکتا ہے تو پھر ہمیں اس پر عمل کرنا چاہیئے اور ہمیں اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے اور ہم امن کی طرف شاید ہم ان حالات کو امن کی طرف لے جائیں جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، کچھ بیانات کے حوالے سے بھی کہ جناب سپیکر، آپ دیکھیں کچھ دن پہلے تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان نے بیان دیا، آپ سب نے سنا ہو گا کہ کیانی صاحب نے وزیراعظم کو میرے سامنے کہا کہ اگر آپریشن ہو گا تو پھر 40 فیصد امکان ہے کہ اس

آپریشن کو ہم کامیاب کر سکیں اور پھر کیانی صاحب کی طرف سے بیان آیا اور انہوں نے کہا کہ انہوں نے یہ غلط بات کی ہے، میں نے اس طرح نہیں کہا تھا، میں نے یہ کہا تھا کہ 40 فیصد تک تو ہم معاملات کو کنٹرول کر سکتے ہیں، ہم جو آپریشن کریں گے تو اس سے 40 فیصد یہ جو حالات ہیں، وہ کم ہو سکتے ہیں، جو مخدوش حالات ہیں، اس میں فرق آسکتا ہے کہ ہم اس کو نیچے لے آئیں، یہ نہیں کہا تھا کہ 40 فیصد امکان ہے کہ ہم آپریشن میں کامیاب ہوں گے۔ تو جناب سپیکر، ہمیں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ بظاہر بیانات عمران خان کی طرف سے یہ آتے رہے کہ ہمیں مذاکرات کرنے چاہئیں، مذاکرات کی طرف جانا چاہیئے لیکن اندرون خانہ یہ بھی یقین دہانی کرائی گئی تھی جناب سپیکر، کہ اگر آپریشن ہوا تو ہم ساتھ دیں گے اور جناب سپیکر، بہت سارے سوالات کھڑے ہوتے ہیں اور یہ سوالات ان حالات کی وجہ سے ہی جنم لیتے ہیں جناب سپیکر اور جیسے نیٹو سپلائی کی بندش کی بات ہوئی تو جناب سپیکر، ایک طرف ہمارے ملک کو دھمکیاں مل رہی ہیں کہ ہم آپ کی امداد کو بند کر دیں گے اور دوسری طرف ہمارے صوبے کو ملین ڈالرز ملنے کی، جو ملین ڈالرز مل رہے ہیں تو ان تضادات کا یہ جو شکار ہیں تو میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر، یہ جو سوالات کھڑے ہو رہے ہیں، ہمیں اس پہ سوچنا چاہیئے اور ہمیں ایک ایسا لائحہ عمل بنانا چاہیئے کہ ملک و قوم کی صحیح نمائندگی ہو سکے اور اس میں کوئی دو رائے نہیں ہو سکتی، ہمیں ایک لائن پر چلنا ہو گا جناب سپیکر، تب ہم ان حالات کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ ہمیں مشترکہ طور پر اس صورتحال سے نمٹنا ہے اور ہمیں اخلاص کے ساتھ اس حوالے سے آگے بڑھنا ہے جناب سپیکر اور جناب سپیکر، ہمارے صوبے کی صورتحال اس کے علاوہ ہے۔ جناب سپیکر، میں ایک بات اور بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ہم نے یہ مشورہ دیا تھا کہ جب مذاکرات ہوں تو طالبان کا ذکر نہ ہو، طالبان سے مذاکرات کی بات نہ ہو بلکہ ہم نے یہ کہا تھا کہ Militants سے آپ بات کریں تاکہ اس میں تمام لوگ شامل ہو سکیں اور جب آپ سب کو Address کریں گے تو معاملات کنٹرول میں آئیں گے اور سب کو اکٹھا کر کے اس میں سے سب کی نمائندگی ہونی چاہیئے اور ان کے ساتھ مذاکرات ہو تاکہ ہم صحیح حل کی طرف جا سکیں جناب سپیکر لیکن ہوا کیا؟ طالبان کا نام لیا گیا اور پھر آپ نے دیکھا کہ یکے بعد دیگرے آپ کے واقعات ہوتے رہے، خواتین پر حملے ہوتے رہے، آپ کی پولیس فورسز پر حملے ہوتے رہے، آپ کے فوج کے نوجوانوں پر حملے ہوئے اور بہت سارے واقعات، بم دھماکے ہوئے، بہت سارے واقعات آپ کے سامنے ہیں اور یہ جو

قتل وغارت گری کا بازار گرم ہوا تو اس کی صورتحال یہی تھی کہ طالبان اس سے انکار کرتے رہے کہ ہم نے یہ نہیں کیا اور جو بیسیوں گروپس، بہت سارے گروپس بنے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ جی ہم نے کیا ہے، ہم تو ان مذاکرات میں شامل نہیں ہیں تو اس کا جو نقصان ہوا جناب سپیکر، وہ صرف اس وجہ سے کہ ہم نے سب کو Address نہیں کیا اور ایک طالبان کے نام سے ہم نے بات کی۔ اگر ہم Militants کی بات کرتے اور تمام کو شامل کرتے تو شاید صورتحال اچھی ہو سکتی تھی اور ہم ایک نتیجے تک جناب سپیکر، پہنچ سکتے تھے۔ جناب سپیکر، یہاں پر ہم یہ سمجھتے ہیں کہ صرف مرکز کو ذمہ داری ہم نہیں دے سکتے، صرف مرکز پر ذمہ داری نہیں ڈال سکتے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو آج ہمارے اس صوبے کی صورتحال ہے جس میں بھتہ خوری کی بات ہے، Messages چلتے ہیں کہ آپ فلاں جگہ پر پیسے پہنچائیں تو پھر آپ کی زندگی ہم آپ کو بخش دیتے ہیں، اگر یہ پیسے آپ نے نہیں پہنچائے تو پھر اپنا انجام سامنے رکھ کر آپ یہ سوچیں کہ اس کے خلاف آپ فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ہمارے ہر ضلع میں ہمارا اپنا ڈی آئی خان ٹانک، میں سمجھتا ہوں کہ روزمرہ ہمیں ان لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے جن کے پاس Messeages جاتے ہیں کہ پیسے پہنچاؤ تو کوئی ڈر جاتا ہے، پیسے دیدیتا ہے، کوئی نہیں ڈرتا ہے تو وہ کہیں نہ کہیں کوئی بات کر لیتا ہے، اس کو کوئی اچھا مشورہ مل جاتا ہے تو اس کی جان چھوٹ جاتی ہے اور جو اغوا ہو رہی ہے اور اغوا برائے تاوان ہو رہا ہے جناب سپیکر، جو بھتہ خوری لی جا رہی ہے تو آپ کے ڈاکٹرز کلینک تک نہیں جاتے، وہ کہتے ہیں کہ ہم کلینک، گھر کے راستے میں، چونکہ ان کو معلوم ہے Timings کے حوالے سے کہ اس وقت ڈاکٹر نے جانا ہے کلینک میں اور پھر کلینک سے اس ٹائم پر اس نے واپس آنا ہے تو درمیان میں ڈاکٹر غائب ہو جاتا ہے۔ تاجر کا اس کو پتہ ہے، بزنس مین کا اس کو پتہ ہے تو وہ سب اپنی Timing کے حساب سے جب اپنے بزنس کی طرف جاتے ہیں تو درمیان سے لوگ اغوا ہو جاتے ہیں اور روز اغوا برائے تاوان کا سلسلہ چل رہا ہے جناب سپیکر، تو آخر ہمیں آنکھیں بند نہیں کرنی چاہیئے اور جو لوگ ان حالات سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں کہ چونکہ عمومی صورتحال مخدوش صورتحال ہے جناب سپیکر، ان حالات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی جا رہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ذمہ داری ہے کہ جو لوگ جو گروپ کے حوالے سے نہیں ہے اور جو کریمنل لوگ ہیں جو اس طرح کے کام کر رہے ہیں تو کم از کم ہمیں اس پر تو ہاتھ ڈالنا چاہیئے اور وہ ذمہ داری تو ہماری ہے تاکہ وہ لوگ ان حالات سے

فائدہ نہ اٹھا سکیں، یہ جناب سپیکر! ہماری ذمہ داری ہے اور اگر ہم اس ذمہ داری کو قبول نہیں کریں گے تو مجھے آج یہاں پر ایک منسٹر صاحب نے جب سوال کے جواب میں بات کی، مفتی جانان صاحب کے سوال پر انہوں نے جو جواب دیا تو انہوں نے کہا کہ جی ہم نے جو جواب آپ کو دیا ہے تو لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن آپ کو معلوم ہے، اس وجہ سے ہمارے کوئلے کا مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔ تو جناب سپیکر، آپ خود اس کو قبول کرتے ہیں کہ ہماری لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن ایسی ہے کہ ہم یہ Coal جو ہے وہ لیز پر نہیں دے سکتے، اس کیلئے ہم تیار نہیں ہیں، ہمارے پاس ذخائر ہیں لیکن ہم دے نہیں سکتے اس وجہ سے کہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے اور ہم اس پر قابو نہیں پا سکتے، مقصد تو اس کا یہی ہے۔ تو جناب سپیکر، آخر ہماری حکومت ہے یہاں پر اور ہماری حکومت کی Writ اس پر ہونی چاہیئے، قانون کو نافذ کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے اور اگر ہم نے ان مسائل کو صرف اس بات پر چھوڑ دیا کہ چونکہ عمومی صورتحال اس طرح ہے اور پھر ہر ایک کو اجازت ہے کہ اس چھتری کے تلے وہ کچھ بھی کرے، جو بھی کرائمز ہوتے رہے اور ہم اس کو صرف دیکھتے رہے تو جناب سپیکر، ایسا نہیں ہو سکتا، ہمیں امن دینا ہے۔ آج آپ لوگوں کے چہروں کو دیکھیں تو وہ صبح گھر سے نکلتے ہیں تو سوچتے ہیں کہ ہم اپنے گھر واپس صحیح لوٹ سکتے ہیں یا نہیں لوٹ سکتے ہیں۔ جو صورتحال سامنے ہے آپ کے جناب سپیکر، تو میں سمجھتا ہوں کہ اولین ترجیح اس کو دینی چاہیئے کہ ہم اپنے لوگوں کو امن کیسے دے سکتے ہیں؟ یہ لوگ اپنے گھروں میں سکون کے ساتھ کیسے رہ سکتے ہیں؟ یہ ضروری ہے، یہ حکومت کی ذمہ داری ہے اور اولین ذمہ داری ہے کہ ہم ان کو امن دے سکیں اور اگر امن نہیں ہو گا تو پھر کچھ بھی نہیں ہو گا، کاروبار آپ کے صوبے کا ختم ہو جائیگا، تجارت آپ کے صوبے کی ختم ہو جائیگی، تاجر آپ سے چلے جائیں گے۔ کوئی باہر ملک جا رہا ہے، کوئی اسلام آباد شفٹ ہو رہا ہے، سکونتی شفٹ کر رہے ہیں سرے سے اپنی صوبے سے، تو یہ اس مجبوری کی صورتحال ہے جو ہم آج اس کو امن نہیں دے سکتے کیونکہ ہماری اس اسمبلی کے علاوہ اور کونسا فلور ہو سکتا ہے کہ جس پر بات ہو سکتی ہے اور اگر ہم نے اس کا حق ادا نہ کیا، ہم اگر امن کی طرف حالات نہ لے کر گئے تو پھر کس طرح یہ صورتحال قابو میں آسکتی ہے اور کس طرح ہم ایک پر سکون ماحول اپنے لوگوں کو دے سکتے ہیں جناب سپیکر؟ جناب سپیکر، مجھے اس پر بھی افسوس ہے کہ ہماری پولیس کے ساتھ، ہماری پولیس کے کتنے نوجوان شہید ہوئے، کتنے زخمی ہوئے اور کتنے لوگ معذور ہوئے جناب

سپیکر؟اور جناب سپیکر، حکومت کی طرف سے ایک پریشر تھا کہ ہم کرپشن کو ختم کریں گے، پولیس میں کرپشن کو ختم کریں گے، پولیس کے ایس ایچ اوز اور آفیسرز کے ساتھ، آپ یقین جانیئے جناب سپیکر، ایک ہی لیٹر ٹائپ کر کے اس پہ صرف نام تبدیل کیا جاتا ہے اور وہ پروانہ اس کو پکڑایا جاتا ہے اور ان کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اس بے چارے کا بم کے دھماکے میں پاؤں چلا گیا ہے، اس کا بم کے دھماکے میں ہاتھ گیا ہے، بم کے دھماکے میں اس کی پوری باڈی جو ہے، وہ انتہائی مطلب معذوری کی حالت میں وہ باڈی اس کی ہے جناب سپیکر، ان لوگوں کو بھی اسی لیٹر میں نام تبدیل کر کے اور پورا لیٹر اس کو دے کے ان کو پولیس سے باہر بھیجا گیا اور میں سمجھتا ہوں، مجھے اپنے ضلع کا اگر میں کہوں تو ضلع میں تقریباً Eighty تک کے لوگوں کو فارغ کیا گیا جناب سپیکر اور پھر اس میں کوئی نہیں دیکھا گیا کہ آیا یہ کرپشن میں ملوث ہے، اس کے خلاف کوئی ثبوت ہے کہ نہیں ہے لیکن اس کو پروانہ پکڑاتے گئے اور پکڑاتے گئے اور صرف ریکارڈ پہ یہ آتا رہا کہ دیکھو ہم تو ان کے خلاف ایک کارروائی کر رہے ہیں جناب سپیکر اور میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو صورتحال ہے ادھر، لپڑ سنگھ کی بادشاہی کی طرح ہے کہ یہ منظور ہے اور یہ نامنظور اور کسی کو بحال کرو اور کسی کو باہر نکالو، کسی کو Revert کرو اور کسی کو کہو کہ آپ کو Revert نہیں کر سکتا تو اس کو فارغ کر دو اور تمام کیسز (تالیاں) جناب سپیکر، یہ جائینگے، کورٹ میں جائیں گے اور پھر آپ دیکھیں گے کہ اس کا حشر کیا ہوگا، آپ کے ان کیسوں کا حشر کیا ہوگا؟ جو سنجیدگی سے نہیں کیا گیا، صرف ایک ریکارڈ پر بات لانی ہے کہ ہم کرپشن کو ختم کر رہے ہیں تو یہ تو جناب سپیکر، ایک انتہائی افسوسناک بات ہے، ہمیں سنجیدگی دکھانا پڑیگی، ہر عمل میں سنجیدگی دکھانا پڑیگی تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ صورتحال جو ہمارے صوبے کی ہے، ہمیں کس طرح اس ماحول سے نکلنا ہے؟ ہماری اپوزیشن کی تمام جماعتیں بیٹھی ہیں، وہ ہم ایک دو دنوں سے سر جوڑ کر بیٹھیں کہ آخر ہم ان حالات سے کس طرح نکل سکتے ہیں۔ ہمیں اسمبلی فلور پر یہ باتیں کرنی چاہئیں، ہمیں حالات سے نکلنا ہے۔ چلو صحیح ہے کہ مرکز کو ہم نے ایک کمیٹی کا اختیار دیا اور ان کیلئے ہم دعا گو ہیں کہ وہ کامیاب ہوں، اپنی جگہ پر چلتا رہے لیکن بہت سارے مسائل ایسے ہیں جو یہاں صوبے میں جو ہو رہے ہیں اور اس سے شاید Related نہیں ہیں اور ہم اس پر قابو پا سکتے ہیں، جو ہمارا حق بنتا ہے کم از کم وہ تو ہم ادا کریں اور ان کو سپورٹ کریں کہ کوئی امن قائم کر سکتا ہے تو بڑی اچھی بات ہے تو جناب سپیکر، روز اس اسمبلی میں یہ ہماری ہمیشہ کوشش ہو گی کہ ہم یہ احساس دلاتے رہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ کسی وقت تو شاید

اس میں سنجیدگی آئے اور ہم اس طرف قدم بڑھائیں اور ہم اسی امن کی طرف جا سکیں، اپنے لوگوں اور اپنے صوبے کو سکون دے سکیں۔ جناب سپیکر، میں انہی الفاظ پر اجازت چاہونگا۔ بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ سردار مہتاب احمد خان عباسی صاحب۔

(تالیاں)

سردار مہتاب احمد خان (قائد حزب اختلاف): بہت شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آج آپ نے ایک نہایت ہی اہم اور سب سے تکلیف دہ موضوع پر بات کرنے کیلئے مجھے دعوت دی ہے۔ میں اس بات پہ بھی آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے ہماری درخواست پر جناب چیف منسٹر کو اور حکومت کے جو اہم آفیشلز ہیں، ان کو بھی آج آپ نے یہاں آنے کیلئے کہا۔ جناب سپیکر، میں اس بات کا احساس کرتا ہوں کہ کسی حکومت کا آٹھ نو ماہ کے بعد جائزہ لینا اس کی کارکردگی کا، ذرا جلد بازی کی بات بھی ہے اور کافی اس بارے میں اعتراض کیا جا سکتا ہے کہ ابھی ہمیں موقع نہیں ملا لیکن جناب سپیکر، جو موجودہ صوبائی حکومت ہے، انتخابات کے دوران انہوں نے اپنی بڑی انفرادیت قائم کی تھی، انہوں نے اس صوبے کے عوام کو اور پاکستان کے عوام کو بڑی یقین دہانیاں کروائی تھیں اور جو خاص طور پر ان کی بات آج بھی ہمارے ذہنوں میں ہے اور صوبے کے عوام کے ذہنوں میں ہے کہ انہوں نے دنوں، ہفتوں اور مہینوں میں صوبے کے حالات کو تبدیل کرنے کے وعدے کئے تھے تو اس لحاظ سے میں آج اس بات پر جانا چاہونگا کہ ہم ان کی کارکردگی اور ان کے بارے میں جو ان کے وعدے تھے، وہ حقیقت یہ ہے کہ آج سارا صوبہ موجودہ حکومت کی بے عملی، ان کی کسی ویژن اور صلاحیتوں کے بغیر یہاں کھڑی ہے، سارا صوبہ بڑی تشویش کی حالت میں ہے۔ میرے کہنے کا مقصد یہاں یہ ساری باتیں جو میں کہونگا یا ہم اپوزیشن کی طرف سے جو کہنا چاہیں گے، وہ میں بالکل ابتداء میں بات کرنا چاہتا ہوں کہ میں اور ہم سب قطعاً اس بات پہ یقین نہیں رکھتے کہ ہم آپ کو تنقید کا نشانہ بنائیں یا آپ کی حکومت کے بارے میں کسی بدگمانی کو پھیلائیں، ہم صرف اصلاح کے حوالے سے آپ کی کارکردگی کا جائزہ لینا چاہیں گے اور آپ کو احساس دلانا چاہتے ہیں کہ آپ سے جو صوبے کے عوام اور پاکستان کے عوام کی امیدیں ہیں، وہ روز بروز ٹوٹ رہی ہیں، اس میں اصلاح کی ضرورت ہے۔ اس میں اگر آپ کو ہماری مدد کی ضرورت ہے، میں نے پہلے بھی یہاں کہا، آج پھر کہنا چاہوں گا کہ آپ کو اپوزیشن کی طرف سے ہر ممکن تعاون کیلئے ہم تیار ہیں لیکن افسوس یہ ہے کہ جناب سپیکر، جو حکومت نے اور ان کی قیادت نے صوبے میں Good governance اور ایک Transparent government اور بہترین انتظامی صلاحیتوں کے ساتھ ایک نظام چلانے کیلئے جو وعدے کئے تھے، وہ اس بات سے نظر آتا ہے کہ آج حکومتی جماعت کا ہر

رکن یا تو وزیر ہے یا مشیر ہے یا ڈیڈک کمیٹی کا چیئر مین ہے یا پارلیمنٹری سیکرٹری ہے لیکن حکومت نام کی چیز ہمیں کہیں نظر نہیں آتی، یہ Unprecedented ہے۔ اس سے پہلے بھی حکومتیں آئیں، وہاں پر بھی وزراء رہے، ان کے مشیر رہے لیکن اتنے تھوک کے حساب سے کبھی کسی نے اپنی ٹیم کو بھرتی نہیں کیا۔ جناب، مجھے اس بات پہ بڑا افسوس ہے کہ صوبے میں جو مختلف آپ کی ڈائریکٹنز ہیں، چاہے وہ ہیلتھ کے معاملے میں ہیں، چاہے وہ ایجوکیشن کے معاملے میں ہیں یا دیگر جو شعبے ہیں، وہاں پہ جو کارکردگی ہے آج، اس کو ہم سب جانتے ہیں۔ بہت سارے معاملات میں آج ذکر نہیں کرنا چاہوں گا کیونکہ اس کیلئے ہمیں پھر بات کرنے کا موقع ہو گا لیکن آج میں اپنی تمام جو گزارشات کرنا چاہتا ہوں، وہ امن وامان کے حوالے سے ہیں۔ صوبے کا امن وامان جو ہے، یہ ہم سب جانتے ہیں کہ ہمارا صوبہ پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی ہے، یہ اس کی پشت کی دیوار ہے اور اگر یہاں بدامنی ہے تو سارے صوبے میں بدامنی کی وہ لہر نہیں ایک سیلاب جائے گا اور ہم نے دیکھا کہ جب اس خطے میں اور اس صوبے میں بدامنی ہے، شورش ہے اور بدانتظامی اور حکومت اگر اپنا مقابلہ کرنے میں طاقت اور سکت نہیں رکھتی تو اس کے سارے اثرات سارے ملک پہ پڑ رہے ہیں۔ جناب سپیکر، ہمارے صوبے کی بد نظمی نے، ابھی میرے محترم مولانا لطف الرحمان صاحب نے بالکل صحیح کہا کہ یہ صوبہ نہ صرف بدترین بدامنی کا شکار ہے بلکہ یہاں سے ہر وہ شخص جو اپنا کاروبار کرتا ہے، جو اپنے ساتھ علم کی دولت رکھتا ہے، جو اپنے ساتھ معیشت رکھتا ہے، جو اس سوسائٹی کا وہ اہم ترین حصہ ہیں، جو اپنی تجارت، اپنی معیشت، اپنے علم کی بناء پر اس صوبے کے عوام کو نہ صرف تکلیف پہنچاتا ہے، وہ یہاں سے منتقل ہو رہا ہے، وہ یہاں ہجرت کرنے کیلئے نہیں تیار بلکہ کر چکا ہے۔ آج آپ یہاں سے جائیں اسلام آباد، لاہور اور کراچی تو صوبہ کے پی کے کے بڑے تاجر، یہاں کا صنعتکار، یہاں کا ڈاکٹر اور پروفیسر اور انجینئر، یہاں کے عالم اور فاضل، یہاں سے جا چکے ہیں، اپنی فیملیز کے ساتھ جا چکے ہیں اور جو نقصان ہماری اس سوسائٹی کو پہنچ رہا ہے، ہماری تباہی کے ساتھ ساتھ وہ ہماری معیشت کی تباہی ہے، ہماری معاشرت کی تباہی ہے، یہ موقع شاید ہمیں دوبارہ نہیں ملے گا کیونکہ جو نقصان آج ہو گا، اس کو Recover کرنے کیلئے ہمیں بہت طویل عرصہ درکار ہو گا۔ جناب سپیکر، موجودہ حکومت نے اپنی بدانتظامی سے، میں اسلئے بدانتظامی کہتا ہوں کہ ایک صوبے کی حکومت اپنے عوام کیلئے ایک باپ کا کردار ادا کرتی ہے، ایک ماں کا کردار ادا کرتی ہے، اس کیلئے ایک

ڈھال کا کردار ادا کرتی ہے لیکن آج پورے صوبے میں بدامنی، چوری ڈکیتی اور رہزنی کی اور دیگر جو جرائم ہیں، ان کی بات نہیں کرتا ہوں کیونکہ وہ تو شاید آپ کی حکمت عملی کا حصہ نہیں ہیں، آپ کے اداروں کی حکمت عملی کا حصہ نہیں ہیں، میں تو ان واقعات کی بات کرنا چاہتا ہوں جو دہشت گردی ہے، جو اغوا برائے تاوان ہے، جو سر عام ہماری فورسز کے اوپر حملے ہیں اور عوام کو قطار میں کھڑا کر کے قتل کرنے کے واقعات ہیں، یہ سارے وہ دل کو ہلا دینے والے واقعات ہیں جس نے نہ صرف صوبے کے عوام کو Demoralized کر دیا ہے، ان کے اپنے وہ پست ہو چکے ہیں بلکہ ہماری Law Enforcement Agencies بھی Demoralized ہیں۔ جناب سپیکر، یہاں پہ واقعات پچھلے دس سال سے ہو رہے ہیں لیکن ماضی میں حکومتیں اپنی Law Enforcement Agencies کی، اپنی پولیس کی، اپنی کنسٹیبلری کی پشت پہ کھڑی ہوتی تھیں۔ جہاں کہیں واقعہ ہوا وہ ان کے ساتھ جاتے تھے، ان کے ساتھ کھڑے ہوتے تھے اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے تھے لیکن پچھلے آٹھ ماہ میں جب ہم دیکھتے ہیں کہ اس صوبے میں چار سو سے زائد دہشتگردی اور دھماکوں اور خودکش حملوں کے واقعات ہوئے، اس میں سینکڑوں جانیں Civilians کی تو ضائع ہوئیں لیکن جو ہماری پولیس فورس ہے، جو ہماری مضبوط ڈیفنس لائن ہے عوام کیلئے اور جتنی وہ Demoralized ہوئی ہے کیونکہ کسی شہید پولیس آفیشل کے جنازے میں نہ کوئی منسٹر شامل ہوا، نہ کبھی کوئی مشیر شامل ہوا اور نہ ہی حکومت کے جو اعلیٰ ذمہ دار افراد ہیں، وہ شریک ہوئے بلکہ ان کو تن تنہا چھوڑ دیا گیا اور آج عالم یہ ہے کہ ہماری ساری پولیس فورس اتنی Demoralized ہے کہ ان کی گشت، ان کے وہ ناکے جو اس عوام کو ایک حوصلہ اور بہادری کا ایک مجموعہ ہے ہماری پولیس فورس اس صوبے کی، اس کی بہادری کے بڑے کارنامے ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کی پولیس نے سارے وقت میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے نہ صرف اس عوام کو ایک حوصلہ دیا بلکہ دہشت گردی کے مقابلے میں دیوار بن کر کھڑی ہوئی لیکن موجودہ حکومت کے اس سارے عرصے میں جتنی وہ Demoralized ہے، ان کی آج Functioning capacity جو ہے، وہ اس حد تک رہ گئی ہے کہ نہ تو ان کی گشت وہاں آسانی سے ہو رہی ہے، نہ وہ ناکے پہ کھڑے ہونے کیلئے تیار ہیں بلکہ وہ اپنے پولیس سٹیشنز کے اندر جو ہے، وہ Besieged ہو کر رہ گئے ہیں، وہ وہاں پہ ایک حصار میں رہتے ہیں اور اس کے باوجود بھی

وہ محفوظ نہیں، اس کے باوجود بھی وہ محفوظ نہیں کیونکہ حکومت کا جو چیف منسٹر ہے، جو اس کی کابینہ ہے، جو حکمران جماعت ہے، یہ بہادری تو یہ مہیا کریں گے اپنی فورس کو، طاقت یہ اس کو مہیا کریں گے لیکن اگر آپ کا یہ عالم ہے تو صوبے کے دو کروڑ سے زائد عوام وہ آپ کو، کس طرح آپ کی ڈائریکشنز کے اوپر کام کر سکتے ہیں کیونکہ آج نہ صرف ہمارے عوام اس دہشتگردی کا شکار ہیں بلکہ ہماری پولیس اور Law Enforcement Force بھی شکار ہے۔ درجنوں واقعات پچھلے، آپ کی حکومت کے دوران ڈیڑھ سو سے زائد پولیس اور ایف سی اور دوسری جو Law Enforcement Agencies ہیں، ان کے آفیشلز کی شہادت ہوئی اور اس میں زخمیوں کی تعداد کہیں زیادہ ہے اور Civil بھی، اگر ان کو دیکھا جائے تو Civilians کی تعداد ملا کر تو یہ چھ سات سو کے قریب جو ہے، ہمارا بڑا Major جو ہے، ہمارا نقصان ہوا ہے جو آپ کی قیادت اور آپ خود بھی کہتے ہیں کہ ہمارا صوبہ جو ہے، اس کی ساری ذمہ داری آپ بین الاقوامی یا دوسرے جو ریجنل ایشوز ہیں، یہ جو مسائل ہیں، ان کو آپ ذمہ دار ٹھہراتے رہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ جہاں پر انٹرنیشنل اور ریجنل ایشوز کی یہ ذمہ داری ہے، وہاں پر آپ کی سب سے بڑی ذمہ داری ہے کہ آپ کی حکومت، آپ کی ایجنسیز، آپ کے تمام ادارے نہ صرف ایک بہادری کے ساتھ مقابلہ کریں بلکہ اپنے آپ کو تیار کریں لیکن Preparedness کا عالم تو ہم سب جانتے ہیں کہ کوئی Preparedness نہیں ہے۔ میں نے کچھ عرصہ پہلے بھی کہا تھا جناب سپیکر کہ ابھی جن حالات سے ہم گزر رہے ہیں، اس میں اور زیادہ شدت بھی شاید آئے گی کیونکہ اس سال کے اندر افغانستان میں امریکی اور نیٹو فورسز کے Withdrawal کے بعد ہم سب جانتے ہیں کہ افغانستان میں اندرونی طور پر تبدیلی آئے گی اور جب وہاں پہ اندرونی تبدیلی آتی ہے تو جب وہاں طاقت کیلئے لڑائی ہوتی ہے، ہمیں کچھ علم نہیں ہے، اس کیلئے کچھ Forecast کرنا بھی آسان نہیں ہے کہ افغانستان میں کیا بہتری آئے گی یا کیا خرابی آئے گی لیکن ہمیں اگر کوئی خرابی آئی ہے، ماضی کی طرح آنے والی ہے تو اس کیلئے کیا آپ کی حکومت نے کوئی تیاری کی ہے؟ کیونکہ پہلے اس سے پیشتر جب افغانستان میں شورش ہوئی، دو دفعہ سے زائد 40 سے 50 لاکھ افغانی یہاں آئے، اس کیلئے اس وقت بھی تیار نہیں تھے اور آج 30 سال گزرنے کے بعد بھی ہم تیار نہیں تو میں آپ کو پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور آج پھر دہراتا ہوں کہ آپ بے خبری میں حکمرانی نہ کریں، آپ آنکھیں بند کر کے حکمرانی نہ

کریں، آپ اپنی ڈائریکشنز کو بنی گالہ اور لودھراں سے نہ لیں (تالیاں) بلکہ آپ اس صوبے کے ذمہ دار ہیں، آپ کی ساری منتخب قیادت جو آج منسٹرز ہیں اور اس اسمبلی میں بیٹھے ہیں، یہ آپ کا علاقہ ہے، یہ آپ کا صوبہ ہے، ذمہ داری لودھراں اور بنی گالہ میں کوئی نہیں لے گا، یہ تب آپ کی لیں گے کہ جب آپ اپنے کنٹرول کو اپنے ہاتھ میں رکھیں گے۔ جتنی ڈائریکشنز وہاں سے آتی ہیں، ان کو ہمارے حالات سے کیا خبر؟ وہاں کا جو Think tank آپ کو Advise کرتا ہے، وہ ہماری تمام جو Ground realities ہیں، اس سے دور ہیں، اس سے بے خبر ہیں لیکن آپ بے خبر نہیں ہیں، آپ کے ساتھی اتحادی جماعتیں بے خبر نہیں ہیں، آپ کی کابینہ بے خبر نہیں ہے۔ اگر آپ اپنی آنکھیں بند کر لیں تو وہ آپ کی بات ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ذمہ داری آج آپ کو لینا پڑے گی اور یہ کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے، آپ دوسروں کو موردالزام نہیں ٹھہرا سکتے، آپ مرکزی حکومت کو بھی موردالزام نہیں ٹھہرا سکتے۔ جناب سپیکر، یہ بات میں ریکارڈ پہ لانا چاہتا ہوں کہ یہاں کی حکومت اور اس کی لیڈر شپ نے آج سے دو تین مہینے پہلے جب نیٹو سپلائی کے خلاف سخت اقدام کیا، میں اس بات میں نہیں جاتا کہ پاکستان کو کیا فائدہ ہوا یا کیا نقصان ہوا لیکن جب وہ آپ کی حکومت نے اور آپ کی قیادت نے اس صوبے میں نیٹو سپلائی کو روکا تو مرکزی حکومت نے آپ کے خلاف کوئی بات نہیں کی، وہ پاکستان کے مفاد کے خلاف ہوا یا صحیح ہوا، اس سے قطع نظر مرکزی حکومت نے آپ کے اس فیصلے کو من وعن قبول کیا۔ بڑے دباؤ کے باوجود، غیر ملکی دباؤ کے باوجود میاں نواز شریف نے عمران خان صاحب اور چیف منسٹر کا ساتھ دیا اور پھر آپ الزام نہیں دے سکتے اور پھر آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ اور ہم سب کہہ سکتے ہیں کہ ڈرون حملوں کے بارے میں جو آپ کا مؤقف تھا، مرکزی حکومت نے اس کو اپنا مؤقف سمجھا، اس کو آپ کی آواز نہیں پاکستان کی آواز کے طور پر لیا اور آج اللہ کا شکر ہے کہ پچھلے نومبر کے بعد ڈرون اٹیکس نہیں ہوئے، یہ بھی بڑی Achievement ہے، اس میں ہم آپ کا شکریہ بھی ادا کرتے ہیں، پاکستان کے عوام بھی آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ کم از کم ہمیں ایک موقع ملا لیکن میں آپ سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ مرکز ہو یا اپوزیشن ہو، ہم آپ کے خیر خواہ ہیں، یہ صوبہ ہمارا ملک ہے، یہ ہمارے ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہے، یہ پشت کی دیوار ہے اور اس کو مضبوط رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے لیکن جناب سپیکر، میں جو بات کہنا چاہتا ہوں کہ آپ اپنی بدنظمی کا الزام کسی کو نہیں دے سکتے۔ اسی

پاکستان میں آپ کے پڑوس میں صوبہ پنجاب ہے، وہاں پر ایسے ہی مسائل ہیں، وہاں پر ایسے ہی خطرات ہیں، وہاں پہ ایسی ہی مشکلات ہیں لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ ایک Effective governance کی وجہ سے وہاں کے حکمران کی یا وہاں کی حکومت کی مؤثر حکمت عملی کی وجہ سے اور Good governance کی وجہ سے اور اپنے اداروں پر اعتماد کرنے کی وجہ سے اور اپنے اداروں کا ساتھ دینے کی وجہ سے وہاں پہ ایک بہتر ماڈل آپ کے سامنے ہے۔ وہاں پہ لاءاینڈ آرڈر کہیں بہتر ہے، اس کو مثالی نہیں کہا جا سکے گا لیکن اس کے باوجود وہ اس چیلنج کیلئے اپنے آپ کو تیار کر رہے ہیں لیکن مجھے افسوس یہ ہے کہ آپ نے کسی چیلنج کیلئے بھی اپنے آپ کو تیار نہیں کیا۔ جناب سپیکر، میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ لاءاینڈ آرڈر کی حالت یہ ہے کہ یہ ہمارا جو کیپیٹل ہے پشاور، اس میں کوئی ایسی گلی یا محلہ خالی نہیں ہے جہاں پہ بھتہ کی پرچیاں نہ آتی ہوں، جہاں سے اغواء کے سینکڑوں وارداتیں جو ہیں وہ ہو چکے ہیں، کوئی آپ کے علم میں آتے ہیں، کوئی آپ کے علم میں نہیں آتے، کچھ لوگ پولیس کو رجسٹرڈ نہیں کرتے اور وہ بیچارے اپنے طور پر اپنے وسائل استعمال کر کے، اپنے Contacts استعمال کر کے اپنے عزیزوں کو، پیسے دے کے، بھتہ دے کے وہاں سے چھڑا کر لاتے ہیں اور اسی طرح ہمارے ڈاکٹرز ہیں، ہمارے پروفیشنلز ہیں، انجینئرز ہیں، آپ کے گورنمنٹ آفیشلز ہیں جو وہ یہاں سے چلے جاتے ہیں، ان کو اغواء کر لیا جاتا ہے تو ان کے خاندانوں کا پرسان حال کوئی نہیں ہوتا اور سب سے بڑھ کر ایک اور تشویش کی بات جناب سپیکر، یہ ہے کہ ایک تو ہماری دہشتگردی ہے، ایک اغواء برائے تاوان ہے اور اس کے ساتھ ساتھ خودکش حملے ہیں لیکن ایک اور رجحان بڑا خطرناک ہے، وہ ہے 'Sectarian based target killings'، یہ پہلے بھی ایسا ہوتا رہا لیکن جس طریقے سے یہاں بدامنی کی وجہ سے اور حکومتی اداروں کی ناکامی کی وجہ سے آج شیعہ علماء ہوں یا کرسچین کمیونٹی ہو یا دوسرے جو فرقے ہیں ہمارے، وہ آج ٹارگٹ پہ ہیں، پچھلے صرف چند روز میں پشاور کے اندر شیعہ علماء کو ٹارگٹ کر کے مارا گیا اور اس کے بعد ایک ہوٹل کے باہر ان کو پھر ٹارگٹ کیا گیا اور پھر اس کے بعد ایک اور بڑی تشویشناک بات یہ ہے کہ، اور یہ میں اس بات پہ آپ کی توجہ چاہوں گا جناب سپیکر کہ آپ کی حکومت کے انداز، طرز حکمرانی سے پتہ چلتا ہے کہ کونسا شعبہ ہے، کونسا ہمارے اس معاشرے کا وہ حصہ ہے، جو آج اپنے آپ کو محفوظ سمجھے۔ تبلیغی جماعت جو سارے پاکستان میں، ساری دنیا میں امن کا ایک نشان ہے، ان کی Symbolic

حیثیت ہے، اگر تبلیغی مرکز پشاور میں بھی بموں کے دھماکے ہو سکتے ہیں تو پھر کون محفوظ رہے گا؟ جناب سپیکر، جو Sectarian based killings ہیں، یہ ایک بڑی وارننگ ہے کہ پاکستان کے اندر، ہمارے اندر لڑائی کی ایک بہت بڑی کوشش بہت عرصے سے جاری ہے لیکن اس کیلئے حکومت نے نہ صرف اپنی انتظامی صلاحیتیں استعمال کرنی ہیں بلکہ آپ اپنی جماعت کو ہماری مدد کے ساتھ، علماء کی مدد کے ساتھ، سوسائٹی کے مختلف Segments کو ساتھ لیکر آپ اس معاملے میں کیا پیشرفت کرنا چاہتے ہیں، آپ بتائیں، ہم آپ کا ساتھ دینے کیلئے تیار ہیں لیکن اگر آپ تیار نہیں ہیں تو پھر تو یہ سارا صوبہ Directionless ہے، جو پہلے بھی Directionless آپ نے چلایا اور یہ آئندہ بھی Directionless چلے گا۔ جناب سپیکر، یہ Sectarian based جو Killings ہیں، یہ بڑی خوفناک باتیں ہیں اور یہ اگر سلسلہ ختم یہاں نہیں ہو گا تو یہ سلسلہ بہت طول پکڑے گا۔ کہاں کہاں ہماری مائیں اور بہنیں اور بیٹیاں اور ہمارے بچے کتنے جنازے اپنے کندھوں پہ اٹھائیں گے؟ کتنے جنازے ہمارا یہ معاشرہ اپنے کندھوں پہ اٹھائے گا اور پھر یہ ایک عالم آئے گا، ایک وقت آئے گا بے حسی کا کہ جیسا کراچی میں ہے کہ وہاں پر جب Killings ہوتی ہیں تو لوگ ایک کان سے سنتے ہیں اور دوسرے کان سے نکال دیتے ہیں کیونکہ جو بے حس معاشرہ ہوتا ہے، اس سے وقتی جان بچانے کی فکر کرتا ہے پھر وہ کسی کی پرواہ نہیں کرتا ہے۔ تو جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے جناب چیف منسٹر! میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم آپ کا احترام کرتے ہیں، آپ کی حکومت کا احترام کرتے ہیں، آپ کے حق حکمرانی کو تسلیم کرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ جس غفلت کا آپ شکار ہیں، جس بے حسی کا آپ شکار ہیں، جس Indecisions کا آپ شکار ہیں اور جن غلط پالیسیوں کا آپ شکار ہیں، میں آپ کو متنبہ کرتا ہوں کہ آپ کی لٹیا تو ڈوبے گی، ڈوبے گی لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہم سب کی لٹیا بھی ڈوبے گی، ہم سب کی لٹیا ڈوبے گی۔ جناب سپیکر، یہ ایوان بڑا منفرد ہے کہ اس ایوان کے بڑے آنریبل ممبرز اور ہمارے منسٹر جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور جو کہ بہت خوبصورت اس ایوان کا حصہ تھے اور ہمارے ممبر تھے اس اسمبلی کے، وہ دہشتگردی کا شکار ہو گئے، یہ بڑی Tragedy ہے، یہ بڑا کوئسچن مارک ہے آپ کی حکومت پہ جناب سپیکر، یہ میں آپ کی وساطت سے چیف منسٹر صاحب سے کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کی حکومت کے اوپر یہ بڑا کوئسچن مارک ہے کہ آپ کے منسٹرز اور آپ کے ممبرز

اسمبلی اگر محفوظ نہیں ہیں تو پھر صوبے میں ایک عام آدمی کیسے محفوظ ہو سکتا ہے؟ یہ آپ کو سوچنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ نے ڈیرہ اسماعیل جیل کا جو واقعہ جو آپ کی آنکھوں پہ پڑی پٹی کو کھولنا چاہیئے تھا، مجھے افسوس ہے کہ آج تک وہ رپورٹ عوام کے سامنے نہیں آ سکی۔ وہ اتنا بڑا واقعہ جو پچھلی حکومت کے دوران بنوں جیل کا ہوا، اس سے بڑھ کر یہ واقعہ جو جیل ڈیرہ اسماعیل خان کا ہوا، جہاں نہ صرف بڑے اطمینان سے دہشتگردوں نے کارروائی کی بلکہ وہاں سے وہ اپنے ساتھیوں کو نکال کرلے گئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ آپ کی بڑی ناکامی ہے کہ آج اس صوبے کے عوام کو اس جیل بریک کے بارے میں کسی رپورٹ کا کوئی علم نہیں۔۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

جناب ڈپٹی سپیکر: صرف دس منٹ کیلئے بریک کرتے ہیں، نماز کے فوراً بعد ان شاءاللہ دس منٹ کے بعد کارروائی شروع کریں گے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز مغرب کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار مہتاب احمد خان عباسی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر، میں بات ضرور کرنا چاہتا ہوں لیکن I am not interested to speak in front of the very empty chairs مگر ہاں، بہت شکریہ۔ میں مشکور ہوں کہ چیف منسٹر صاحب تشریف لے آئے ہیں۔ جناب سپیکر، بہت شکریہ آپ کا کہ میں کھڑا ہوا تو کرسیاں بھی بھرنا شروع ہو گئی ہیں۔ جناب سپیکر، میں گزارش کر رہا تھا کہ قائد ایوان اپنے پولیٹیکل کیئریر میں ایک بڑا تجربہ رکھتے ہیں اور ان سے بڑی امید تھی کہ وہ مختلف ادوار میں انتظامی تجربہ ان کا پیپلز پارٹی اور پیپلز پارٹی (شیر پاؤ گروپ) اور پھر جنرل مشرف اور پھر اے این پی، ہر ایک حکومت میں ان کا Experience رہا ہے، ان کو صوبے کے مسائل اور اس کی جو مشکلات ہیں، ان سے زیادہ تجربہ ہونا چاہیئے لیکن مجھے افسوس اس بات کا ہے کہ ان کی عدم توجہ کی وجہ سے آج اس صوبے میں جو انتظامی مشینری ہے، جو اعلیٰ عہدوں پر اور مختلف درجہ کے عہدوں پر افسران یا تو وہ اس صوبے میں موجود نہیں ہیں، صلاحیت رکھنے والے، جرات

والے اور اپنا ایک تجربہ رکھنے والے یا وہ موجود نہیں ہیں یہاں سے ٹرانسفر ہو چکے ہیں اور صرف ایک مثال میں دینا چاہتا ہوں کہ پشاور جو کیپٹل سٹی ہے اس صوبے کا، اس کے جو سٹی پولیس چیف ہے، پچھلے آٹھ مہینوں میں چار ٹرانسفر زان کی ہو چکی ہیں، چار دفعہ، یہ بڑی تشویش کی بات ہے اور اس کے نتیجے میں ہم دیکھتے ہیں کہ جب لاء اینڈ آرڈر میں بدنظمی ہے، جب ہر درجے کی لیڈرشپ میں کمی واقع ہو گی، اس کا نتیجہ ایسا ہو گا جیسے ایک صوبائی وزیر کے علاقے میں، ماشو خیل میں چند افراد آئے، انہوں نے ایک گاؤں کے اندر نو افراد کو، مردوں کو باہر نکالا اور ان کو سرعام گولیوں سے بھون کر رکھ دیا، پھر یہ عالم ہو گا اور پھر یہ ہمارے پشاور کے ساتھ ساتھ گردونواح میں آج شام کے بعد، مغرب کے بعد انسان، عام آدمی تو نکل نہیں سکتا کیونکہ جو ہماری پولیس فورس ہے، وہ پٹرولنگ کرتی تھی، اب وہ Confined ہو کر رہ گئی ہے، وہ محدود ہو کر رہ گئے اور On top of that کہ جو ہماری پولیس فورس کی ٹریننگ، ان کو Modern equipments سے لیس کرنا اور ان کو Terrorism اور اس طرح کے دوسرے واقعات کی روک تھام کیلئے سپیشلائزڈ ٹریننگ کی ضرورت ہے، وہ پچھلے آٹھ ماہ میں ہمیں کہیں کوئی خبر ایسی نہیں ملی ہے کہ ہماری پولیس فورس کو ایک نئے انداز سے Train کیا جائے، اس کو Modern equipments سے لیس کیا جائے بلکہ ابھی تو ہم اس بات سے پریشان ہیں، اس صوبے کے عوام پریشان ہیں کہ ماضی میں جو پولیس فورس کے اندر اربوں روپے کی جو خریداری ہوئی تھی اور جس کے اندر، پولیس فورس جانتی ہے کہ وہ جو جعلی کلاشنکوف اور دوسرے جو ان کو Equipments مہیا کئے گئے تھے، آج بھی وہ بھرے ہوئے ہیں اور پولیس کا جو آفیشل ہے، اپنی جان نچھاور کرنے کیلئے وہ تیار ہے لیکن اس کو آپ ایمان کے کونسے درجے پہ کھڑا کرنا چاہتے ہیں کہ وہ کسی اسلحہ کے بغیر لڑائی کرنا شروع کر دے؟ اس کو Confidence نہیں ہے، اس کو اس بات کا اعتماد نہیں ہے کہ جو بندوق اس کے ہاتھ میں ہے یا جو گولی اس کے ہاتھ میں ہے، کیا وہ واقعی کارآمد ہے، کیا وہ دشمن پر وار کریگی؟ کیونکہ ہمیں پتہ ہے کہ ایک پولیس فورس پر جب حملہ ہوا تو جب اسلحہ چلانے کی کوشش کی ان آفیشلز نے، تو وہ سارا اسلحہ بیکار تھا، وہ خالی کھوکھے تھے اور پھر وہ سارے کے سارے پولیس آفیشلز دہشت گردی کا ایسا نشانہ بنے کہ ان کو بھون کر رکھ دیا گیا، تو آپ نے کیا کیا اس کیلئے، آپ نے کیا کارکردگی کی اس کیلئے؟ کیا آپ نے Replacements کی ہیں کیونکہ اگر ایک واقعہ ہو چکا ہے، اس کی انکوائریز ہوتی رہیں

گی،اس سے کوئی سروکار ہمیں نہیں ہے لیکن جو مجھے سروکار ہے،اس بات سے کہ صوبے کے عوام کیلئے پولیس فورس ہے، اگر اس کو اپنے اسلحے کے اوپر Confidence نہیں ہے تو ان کو کیسے ہم ان کے اوپر جھونک سکتے ہیں؟ وہ بھی کسی کے بیٹے ہیں، وہ کسی کے باپ ہیں، کسی کے خاوند ہیں، کسی کی اولاد ہیں، وہ اپنی چند ہزار روپے کی تنخواہ کیلئے موت کے منہ میں نہیں جاسکتے اور نہ جانا چاہیئے ان کو، یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ اس کی اصلاح کریں۔ آپ نے ٹریننگ کیا دی ہے ان کو؟ ہمیں کچھ پتہ نہیں کہ جس ماڈرن ٹریننگ کے آپ نے دعوے کئے تھے، ان کو ریپڈ فورس آپ قائم کر رہے ہیں، کسی زمانے میں سی آئی ڈی ہوا کرتی تھی، اس کو میرا خیال ہے میں نے سنا ہے کہ اس کو آپ نے ایک نیا نام دیدیا ہے، یہ کافی نہیں ہے، اس سے کہیں بڑھ کر اور جدید طور پر اور بہت ہی اعلیٰ درجے کی ٹریننگ In the shortest possible time آپ کو دینی ہے، یہ وقت آپ کا انتظار نہیں کریگا، یہ صوبہ آپ کا انتظار نہیں کریگا۔ جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے پھر ایک بار قائد ایوان سے کہنا چاہتا ہوں کہ اس سال میں اس خطے میں بڑی تبدیلی آنے والی ہے۔ میں نے پہلے ذکر کیا کہ افغانستان میں انتخابات ہونے جا رہے ہیں، وہاں پر امریکن فورسز کا Withdrawal ہوگا اور پھر اس کے ساتھ ساتھ ہندوستان میں بھی الیکشنز ہونے جا رہے ہیں، میں پھر ہندوستان کا نام لے رہا ہوں کیونکہ ہم سب جانتے ہیں کہ پاکستان کے خیر خواہوں کی تعداد میں کوئی اضافہ نہیں کر سکے ہم اور جو ہمارے خطے میں انتخابات کے نتیجے میں جب حکومتیں بدلتی ہیں تو وہ اپنے ایجنڈے کے ساتھ آتی ہیں، تو جناب سپیکر، This Province will remain in the eye of the storm، یہ آنکھ میں رہے گا طوفان کی، اس کیلئے آپ کو تیاری کرنی ہے And you are responsible for it۔ آپ کے پاس کوئی موقع نہیں ہوگا کیونکہ آپ نے اس صوبے کو لیڈرشپ دی ہے، People have expectations from you، میں بھی Expect کرتا ہوں۔ میں آپ کو دیانتداری سے کہتا ہوں I want to be honest before you کہ میں آپ سے امید رکھتا ہوں، ہم سب آپ سے امید رکھتے ہیں، آپ کی جماعت سے امید رکھتے ہیں لیکن اس وقت تک آٹھ مہینے میں جو آپ کی کارکردگی ہے، یہ ہم سب کی امیدوں پر پانی پھیرنا چاہتی ہے، یہ بڑا مشکل وقت ہے، بڑا Challenging time ہے لیکن آپ کو اپنی اصلاح کرنی ہے۔ یہ Law & order is your

responsibility، اس کا ذمہ دار نہ آپ امریکہ کو ٹھہرا سکتے ہیں، اس کا ذمہ دار نہ آپ نواز شریف صاحب کو ٹھہرا سکتے ہیں، نہ اس کا ذمہ دار آپ طالبان کو ٹھہرا سکتے ہیں، نہ اس کے ذمہ دار آپ امریکی ڈرون حملوں کو ٹھہرا سکتے ہیں، It's your responsibility، یہ آپ کی ذمہ داری ہے، چاہے حالات کتنے مشکل کیوں نہ ہوں، چاہے حالات کتنے Challenging کیوں نہ ہوں، یہ آپ کو لیڈرشپ دینی ہے۔ If you fail to give any leadership to your government, to your system, to your people then you can not blame the others people، آپ کسی کو بھی Blame نہیں کر سکتے۔ یہ جرات آپ کو پیدا کرنی ہے اور اس جرات کیلئے میں آپ کو پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ اس اسمبلی میں آپ نے دیکھا کہ ہمارا رویہ ایک Responsible attitude ہے، نومبر میں آپ نے ہم سے کہا کہ صوبائی اسمبلی ہمیں ایک ریزولیوشن کے ذریعے ایک مؤثر طریقہ کار وضع کرنے کا ہمیں اختیار دیدے کہ ہم لاء اینڈ آرڈر سے نبٹ سکیں۔ ہمیں پتہ تھا، آپ کے ارادوں کو بھی ہم جانتے تھے، آپ کی سوچ سے بھی ہم واقف تھے لیکن اس کے باوجود ہم نے آپس میں بیٹھ کر فیصلہ کیا کہ ہم اپوزیشن اس قرارداد کے ذریعے خصوصی اختیارات آپ کو دینے کیلئے تیار ہیں اور ہم نے دیا، ہم نے کسی سے پوچھا نہیں، اپنی قیادت سے نہیں پوچھا کیونکہ ہم سمجھتے تھے کہ ہمیں اس صوبے میں رہ کر، اپنی اپنی جماعتوں میں رہ کر کسی Political divide میں ہوتے ہوئے بھی We must stay behind you, must stay behind you, this is our Province، یہ ہمارا ملک ہے، ہماری جائے پناہ ہے اور اس کے علاوہ ہمارا کوئی راستہ نہیں لیکن مجھے افسوس ہے، یہ بھی میں ریکارڈ پہ لانا چاہتا ہوں کہ آپ نے ہماری فراخدلی، آپ نے ہماری وسعت اور ہمارے وسیع دل کو آپ نے اچھی طرح استعمال نہیں کیا۔ میں گلہ نہیں کرتا ہوں I just want to put it on record کہ آپ نے اس اختیار کو جو ہم نے آپ کو دیا تھا، آپ نے اس کو اپنے Political purposes کیلئے استعمال کیا، آپ نے اس کو لیکر، اپنی پارٹی کے چند کارکنوں کو لیکر سڑکوں پر آپ نے وہ شدید طریقہ اختیار کر لیا جو آپ کی شان کے مطابق نہیں تھا۔ آپ کو ہمیں Deceive نہیں کرنا چاہیئے تھا، (تالیاں) آپ کو ہمیں Cheat نہیں کرنا چاہیئے تھا۔ (تالیاں) اگر ہم آپ سے دیانتداری سے بات کرنا چاہتے تھے تو آپ بھی ہم سے دیانت برتتے لیکن You tried to make your political handout to it, which is very

unfortunate۔ ویسے میں ایک بات کرنا چاہتا تھا ریکارڈ پر لانے کیلئے، اس کے علاوہ میں آپ سے گلہ نہیں کرتا، آپ نے کر دیا وہ آپ کا معاملہ ہے، ساری قوم آج آپ کو دیکھ رہی ہے۔ جناب سپیکر، اس صوبے کے معاملات میں جب ہم دیکھتے ہیں تو انتظامی طور پر ہمیں افسوس ہوتا ہے کہ ہمارے اس پراونس میں ہمیشہ ہماری بیوروکریسی میں بڑے قد آور لوگ رہے ہیں، بڑے اعلیٰ درجے کی صلاحیتوں کے مالک لوگ رہے ہیں لیکن آج نہیں ہیں۔ آپ خود دیکھیں اپنے اندر، آپ خود دیکھیں اپنے آپ کو اور اپنی انتظامی کیبنٹ کو دیکھیں کہ کیا آپ نے اعلیٰ افسران کو بھگا نہیں دیا یہاں سے؟ اور یہ صوبہ جو پچھلے چند ہفتوں سے ایک چیف سیکرٹری کے بغیر، مجھے کوئی سروکار نہیں ہے کہ آپ کس کو چیف سیکرٹری بنانا چاہتے ہیں It was your choice. He was a good officer، اچھا افسر تھا وہ لیکن اس کے باوجود وہ آپ کی چوائس تھی اور آپ نے اس کو جیسے کہتے ہیں کہ بیک جنبش قلم With one stroke of pen, just dislodged, it is your decision, we are not concerned about it لیکن خدا کیلئے اتنی بدنظمی نہ کریں، کسی اور کو لے کے آئیں، جو آپ کو پسند ہو اس کو لے کے آجائیں یہاں پر، اس کو لے کے آئیں لیکن اس انتظام، اس ساری اپنی Bureaucratic team کو Give them a Captain, you become a General and let him the Captain duty، آپ جنرل بن جائیں، آپ کیپٹن نہ بنیں، آپ اپنی لیڈرشپ کا اونچا درجہ رکھیں اور اپنی بیوروکریسی کو، اعلیٰ لوگوں کو لے کے آئیں، منت کر کے لے کے آئیں، اپنے سے بہترین لوگوں کو لے کے آئیں کیونکہ This Province can not be run by ordinary level people, I must tell you، یہ عام درجے کے لوگ اس کو نہیں چلا سکتے۔ یہ آج کی بات نہیں ہے، ہسٹری کی بات ہے، تاریخ کی بات ہے، یہاں پر بڑے دل گردے والے Above the board اپنے دل کے جسم پہ کوئی سوراخ نہ ہو ان کو یہاں لے کے آئیں، یہ تب چلے گا صوبہ آپ کا، میں بتا دوں۔ اگر آپ سوراخوں والے لوگوں کو یہاں رکھیں گے تو آپ پنکچر ہو جائیں گے I must tell you, you will puncture, your government will be punctured and ultimately the people of this Province will be punctured۔ میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں، آپ کو درخواست کرتا ہوں، دردمندی سے بات کرتا ہوں کہ آپ اپنے لئے Don't make it a training centre

We ،یہ کسی کی جاگیر نہیں ہے، for your political elite and for your workers
Our childrens are owner of this ،یہ ہمارا صوبہ ہے اور ہم اس کے مالک ہیں، own it
Province، ان کی حفاظت کریں، ان کیلئے نظام پیدا کریں اور اپنی لیڈر شپ ,protect them
They should allow you and your ،سے بھی کہیں کہ وہ باز رہیں بار بار کی مداخلت سے
team to function. This is my suggestion to you۔ جناب سپیکر، ایک اور بات کی
میں نشاندہی کرنا چاہتا ہوں کہ جو یہاں واقعات ہوتے رہیں گے، ہونگے۔ ابھی Terrorism شکر اللہ کا کہ
آپ کی بھی تجویز ہے، پرائم منسٹر نے ایک Opportunity، ایک چانس دیا ہے Negotiation کا ان
لوگوں کے ساتھ جنہوں نے ہتھیار اٹھائے ہیں، اس میں آپ کی بھی Representation موجود ہے اور
ہم سمجھتے ہیں کہ ایک موقع دینا چاہیئے، آپ نے بھی یہی کہا ہے، آپ کا مطالبہ تھا، آپ کی قیادت کا مطالبہ تھا
اور پوری قوم نے ساتھ دیا کہ ٹھیک ہے ایک موقع دیں۔ اس کیلئے ہمیں انتظار کرنا پڑیگا، یہ بڑے دل
گردے کا کام ہے، رخنے بھی پڑیں گے، مشکلات بھی آئیں گی لیکن آپ کی Preparedness ہر ایک
Eventuality کیلئے ہونی چاہیئے کیونکہ Anything can happen۔ اگر یہ مذاکرات ناکام ہوئے
There will be large scale internal خدانخواستہ تو بہت بڑی تبدیلی ہو گی
displacements, large scale اور ابھی دل سے مجھے افسوس ہے، مجھے نظر پڑ رہی ہے، مجھے پہلے
You have seen, he یہاں پہ آئی جی پی نظر آئے تھے لیکن شاید ہماری یہ باتیں ان کو پسند نہیں ہیں۔
has left جناب سپیکر، I just want to put it on record کہ یہ بہت غلط بات ہے کہ صوبے
کے افسران کو یہاں ہونا چاہیئے، ہم بک بک کرنے نہیں آتے یہاں، (تالیاں) ہم یہاں پر اپنی
باتیں، تقریریں کرنے کیلئے نہیں آتے، ہم دردمندی سے کھڑے ہیں اور ہر اس شخص کو جو صوبے کے عوام
He must bow before the people of this کے Tax paying سے تنخواہ لیتا ہے
Assembly یہ کیا بات ہوئی؟ (تالیاں) میری اچانک نظر پڑی جناب سپیکر، میں اس (چیز) پر
ریکارڈ پر Protest کرتا ہوں کہ آج جب تک کہ یہاں پر لاء اینڈ آرڈر کی ڈیبیٹ چلے گی تو تمام افسران، اعلیٰ
افسران کو یہاں موجود ہونا پڑیگا ورنہ ہم اسمبلی کو چلنے نہیں دینگے اور حکومت کو بھی بالکل چلنے نہیں دینگے، یہ

میں آپ کو بتادوں، (تالیاں) سب کو بتاتا ہوں۔(تالیاں) جناب سپیکر، میں بات کر رہا تھا کہ حکومت کی Preparedness،اس کے عالم میں ہمیں نظر آتا ہے کہ یہاں پر جب کوئی واقعہ ہو گا دہشت گردی کا تو لازمی طور پر اس کے نتیجے میں جانیں ضائع ہوتی ہیں، زخمی ہوتے ہیں اور ان کو Hospitalization کیلئے جانا پڑتا ہے لیکن جو آپ کی Post incident reaction ہے That is at the lowest ebb of your performance، کوئی Reaction نہیں ہے آپ کا۔ ابھی ایک واقعہ ہمیں یاد ہے کہ چند ماہ قبل جب پشاور چرچ میں بموں کے دھماکے ہوئے،اس کے بعد سینکڑوں وہاں پر جب جانیں زخمی پہنچیں تو چار ڈاکٹرز اور چند نرسز تھیں ان کیلئے، آپ کا کوئی Reaction نہیں تھا وہاں، یہ بڑی افسوسناک بات ہے کہ کیا اسلئے ان کو Neglect کر دیا جائے کہ وہ ایک مینارٹی سے تعلق رکھتے ہیں ؟ اگر آپ نے اپنی حکومت کو اس طرح تقسیم کرنا شروع کر دیا عوام کو دیکھنا، تو You will be a culprit in the eyes of the history, I must warn you، آپ کو ایسا نہیں کرنے دینگے ہم۔ آپ کے جتنے بھی Post incident reactions ہیں They are very weak, they are illogical and they are some time inhuman, you must change the governance۔ آپ کو اپنے وزراء، اپنے اراکین اسمبلی کو، آپ کے حکومت کے اعلیٰ افسران کو، آپ کی تمام ٹیم کو ہر ایک واقعہ کو Respond کرنے کیلئے، اس سے نبٹنے کیلئے اپنے آپ کو تیار رکھنا چاہیئے اور اگر کوئی تیار نہیں ہے تو جناب قائد ایوان! یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ اپنی اس چیز کو ٹھیک کریں۔ میں ایک اور آپ کو نشاندہی کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے صوبے میں بہت بڑی تعداد میں وہ لوگ داخل ہو چکے ہیں جو پچھلے دس سالوں سے، بارہ سالوں سے دہشتگردی میں شامل ہیں کسی بھی بناء پر، آج ہمارا Settled area، کوئی خطہ خالی نہیں ہے، بڑی تعداد میں ہیں لیکن آپ کا انٹیلی جنس سسٹم مجھے کہیں نظر نہیں آتا، آپ کا انٹیلی جنس نیٹ ورک کہیں نظر نہیں آتا، آپ کا 'رسپانس' سسٹم نہیں ہے کہ آپ ان پر نظر رکھے ہوئے ہیں کہ وہ آپ کی گلی اور محلوں اور آپ کے گاؤں اور آپ کے شہروں میں داخل ہیں اور کیا آپ ہر گلی اور محلے میں لڑائی کے قابل ہیں ؟ آپ نہیں ہیں لیکن یہ وقت ہے کہ آپ اپنے انٹیلی جنس سسٹم کو اتنا مؤثر بنائیں کہ ہر ایک شخص جو آپ کے صوبے کے مختلف علاقوں میں داخل ہو، اس کا آپ کو پتہ ہونا چاہیئے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ آپ ان کو، ان کی گردنیں پکڑ سکتے ہیں تو پکڑیں، اگر نہیں پکڑ سکتے تو نظر میں

رکھیں ان کو، اور جب آپ کو پکڑنے کی ضرورت ہو تو آپ ان کو پکڑ سکیں لیکن This part is fail down۔ جناب سپیکر، میں زیادہ وقت لے چکا ہوں لیکن بہت دردمندی سے میں نے باتیں کیں، بڑی میں نے اپنے دل سے باتیں کی ہیں، میں نہیں چاہتا کہ ہمیں تاریخ میں ان لوگوں میں شامل کیا جائے جن کا کام ٹانگیں کھینچنا تھا، You are lucky، آپ خوش قسمت ہیں کہ اس وقت میں، ہمارے پولیٹیکل سیٹ اپ میں میاں نواز شریف جیسے لوگ موجود ہیں جس کے اندر یہ فیصلہ تھا کہ ہم نے ہر ایک اس جماعت کو جس کو لوگوں نے انتخاب میں کامیابی کا مینڈیٹ دیا، ان کو حکمرانی کا، حکومت کا حق دینا ہے، باوجود اس کے کہ آپ کی واضح اکثریت نہیں تھی، ہم نے فیصلہ کیا کہ نہیں آپ کو حکومت دینگے، Because you are the single largest party، آپ اپنے ساتھ سب کو ملا کر جس کو چاہیں آپ حکومت کریں لیکن یہ Luck شاید زیادہ کام نہیں کر سکے گی آپ کیلئے کہ اگر آپ نے صوبے کے عوام کو زیادہ مایوسی میں دھکیلا تو میں آپ سے گزارش کرونگا کہ قسمت ایک حد تک جا کر ساتھ چھوڑ دیتی ہے۔ تھینک یو ویری مچ، مسٹر سپیکر۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بہت شکریہ سردار صاحب۔ میں گزارش کرتا ہوں آپ سب ممبران اسمبلی سے کہ ہمارے آئی جی پی صاحب، باوجود اس کے کہ میں نے پہلے بھی اناؤنس کیا تھا کہ وہ سخت بیمار تھے، اس کی طبیعت آج ٹھیک نہیں تھی، تورغر سے کل آتے ہوئے ان کی طبیعت ناساز تھی، اس کے باوجود وہ یہاں پر ہمارے ساتھ باقاعدہ رابطے میں رہے، صبح سے ایڈیشنل آئی جی پی صاحب بھی یہاں موجود تھے، ہوم سیکرٹری صاحب بھی موجود ہیں، باقی بھی ہائر پولیس، سی سی پی او صاحب کل سے ہمارے ساتھ رابطے میں ہیں تو مجبوری ہر انسان کی ہوتی ہے، ایسی کوئی بات میرے خیال میں نہیں ہے کہ وہ یہاں پر آنا نہیں چاہتے اور ویسی کوئی بات تھی تو وہ نہ آتے، لیکن یہ میں نے کل بھی کہا کہ august forum ہے، اس کا احترام سب پر لازمی ہے تو یہی بات آپ کو اظہار کرتا ہوں کہ اس نے یہاں پھر مجھ سے کہہ دیا کہ میری مجبوری ہے تو اس کو اجازت دی۔ تھینک یو۔ میں سردار حسین بابک صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ کوشش کریں کہ ذرا اس کو، اپنی سپیچ کو تھوڑا مختصر رکھیں تو سب کو موقع ملے گا۔ تھینک یو۔

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، په دې روانه مسئله باندې زما نه مخکښې زما یقین دا دے چې ډیره زیاته مدلل او ډیره زیاته تفصیلی خبره وشوه او بیا څنګه چې وختی ما ذکر کړے وو چې د دې مسئلې نوعیت داسې دے چې ډیره زیاته اهمه مسئله ده، ډیره زیاته Burning مسئله ده او ستاسو نه به هم سپیکر صاحب، زمونږه دا خواست وی چې ستاسو Status چې دے، ستاسو کرسئ چې ده، دا ډیره زیاته اهمه ده، د ټول هاؤس د پاره ډیره مقدسه ده۔ مونږه خو تجویز ورکولے شو، ستاسو نه درخواست کولے شو چې دا مناسب زمونږه په نظر کښې نه ده چې تاسو د د چا وضاحت وکړئ چې کوم افسر د څه وجوهاتو په بنیاد باندې دلته ناست وو او بیا هلته لاړو نو زما یقین دا دے چې څنګه سردار صاحب خبره وکړه، حقیقت هم دا دے چې که مونږه نن د دې صوبې حالاتو ته وګورو نو پکار خو دا ده چې د دې صوبې باقی معاملات چې دی، هغه ټول په ټهپه ودریږی او دا یوه مسئله چې ده، دې ته مونږه په داسې شکل باندې Priority ورکړو چې څنګه زما نه مخکښې خبره وشوه چې ډیر په سنجیدګئ سره هغې ته مونږه وګورو او کښینو ورته او ترا وسه پورې چې بیا بیا مونږه په دې هاؤس کښې، په دې خپل وطن کښې، په دې خپله خیبر پختونخوا کښې د امن و امان خبره کوؤ نو زما یقین دا دے چې دا خبره د هیچا نه پناه پاتې نه ده چې ما ته نه لګی چې په دې صوبه کښې که د هر طبقه فکر سره خلق دے، زه که د هغې په ډیټیل کښې ځم ډیر وخت به لګی او د دې صوبې یوه حصه داسې نه ده چې هغه د دهشتګردئ نه په امن ده د بدقسمتئ نه او سپیکر صاحب، څنګه چې زما نه مخکښې خبره وشوه چې زمونږ د دې اجلاس رابلنه چې وه، راغوښتنه چې وه، هغه په دې نیت وه چې په دې تیرو نهه میاشتو کښې، اته میاشتو کښې، خدائے شته مونږ ته دا خبره ښکاره نشوه ګنې چې حکومت چې دے، هغه دې مسئلې ته سنجیده وی او مونږه د حکومت اؤرو، په میډیا باندې هم اؤرو، په اخباراتو کښې هم ګورو، په اسمبلئ کښې هم حکومت اؤرو، دا یوه خبره کوی چې د دې مسئلې حل چې دے، هغه مذاکرات دی او دا یوه خبره کوی چې لس کاله خو جنګ شوے دے نو جنګ کومه ګټه راوړې ده؟ سپیکر صاحب، زه اول خو دا خبره کوم چې دیکښې هیڅ شک نشته چې یو فرد یا یو پارټی چې هغوی دا

ګنړی چې د یوې مسئلې حل په مذاکراتو کښې وی یا په ناسته کښې وی، د دې هیڅوک مخالفت نه شی کولے، مونږه ئے هم نه کوؤ خو مونږ ته خو لګی نه چې دا سوشل میډیا دې مذاکراتو له ډیر ښه نوم ورکړے دے، زمونږه دې مذاکراتو ته سوشل میډیا'مذاق رات وائی مذاق رات' ، نو مونږ بیا د خپل هغه Statement تجدید دلته کوؤ چې که دا مذاکرات وی نو دا په اخباراتو کښې وی؟ مونږه خو ګورو دا مذاکرات خو په اخباراتو کښې روان دی، د دې ځائې نه بیان ورکړی او د هغې ځائې نه بیان ورکړی او دا ئے مذاکرات دی؟ دا مذاکرات نه دی۔ حقیقت دا دے چې زه د سوشل میډیا دې خبرې سره اتفاق کوم چې دا 'مذاق رات' دے او نن چې مونږ د خپلې صوبې د واکمنو نه دا ګیله هم کوؤ او دا ترینه طمع هم کوؤ سپیکر صاحب، زه حیران یم چې زما نه مخکښې هم دلته اووئیلې شو چې زمونږه په ګاؤنډ کښې یو بل هم صوبائی حکومت دے، تاسو ته هم یاده ده، دې ټول هاؤس ته به هم یاده وی چې په پنډئ کښې نهه خلق اووژلې شو، په پنډئ کښې چې کله د نهه خلقو وژنه وشوه، د دې ریاست پاکستان جیټ طیارې اوچتې شوې او هغه په اردو کښې وائی چې چا دا کار کړے وو، چا دا کارروائی کړې وه، چا دا افسوسناکه واقعه کړی وه "*ان کی اینٹ سے اینٹ بجادی*"، زه نن تپوس کوم، ذکر نن دلته وشو چې دا زمونږه اسمبلی ده، د دې په ګاؤنډ کښې یو کلے دے چې ماشوخیل ورته وائی چې په اولنئ هفته کښې د یو کور نه درې جنازې اووتلې او بیا د هغه کور نه په دویمه هفته کښې نهه جنازې اووتلې او باوجود د دې نه چې د شپې راغلل، زنانۀ ورله قرآنونه راوخستل او هغه ظالمان د قرآنونو د پاسه وګرځیدل او هغه ماشومان او زنانه او هغه نارینه ئے پټی ته بوتلل، په کوم شکل باندې ئے هغوی اووژل او دا ئے لا سپیکر صاحب! څه کوئ، مونږه حیران په دې خبره یو چې دلته وائی چې دلته د حکومت Writ په کوم ځائې کښې دے؟ دوه درې ګهنټې په هغه کلی کښې هغه خلق موجود وو او بیا ئے په هغه روډ کښې پریډ کړے دے پریډ او دوه دوه نیمې بجې هغه ټولو خلقو په کورونو کښې د هغه بوټانو آوازاوریدلے دے، نن مونږ دا حق نه لرو، نن مونږه یو ریکویسټ هم کوؤ د دې صوبې چیف ایګزیکټیو ته او دا ډاډګیرنه ورله هم ورکوؤ چې که زما د ګاؤنډی صوبې چیف منسټر چې دے هغه

په نهه وژنو باندې دومره ایکشن اخلی نو که زما وزیر اعلیٰ صاحب مرکزی حکومت ته خبره کړې وی، مرکزی حکومت د دې صوبې ملگرتیا نه وی کړې، زه ورته د زړه نه خبره کوم چې مونږه د دې حکومت سره یو خو دې قام له به امن ورکوؤ، دې خپلو بچو له به امن ورکوؤ۔ سپیکر صاحب، دا نوره په دې نه کیږی او زه لږ د جنگ تشریح کوم چې د دې وطن حکمرانان جنگ څه ته وائی؟ که زما بچی وژلی کیږی، زما د ایف سی د اهلکارو، د درویشت ځوانانو نه به سرونه کټ کیږی او په قطار به ئے ما ته ایږدی، ویډیو به جوړوی، یو بچے دلته محفوظه نه دے ،هیچا دې ته جنگ اونه وئیلو او که زه د تیرو نورلس ورځو حساب کتاب راواخلم، زما په گاؤنډی صوبه پنجاب کښې یو واقعه شوې ده او زما په دې صوبه کښې نورلس واقعې وشوې۔ بیا نن د دې فلور آف دی هاؤس په ذریعه باندې مونږه د هغې کمیټۍ نه دا هم پښتنه کولې شو چې دا کمیټی د پاکستان د کومې حصې نمائندگی کوی؟ زه بیا نن دا هم حق لرم چې د خپل وطن د دې بچو د هغه وینې هم تپوس وکړم د هغې چا نه چې آیا د بل چا د وینې رنگ چې دے هغه سور دے او خدائے مه کړه زما د بچو د وینې رنگ چې دے هغه سور نه دے؟ او بیا دا خبره پکښې کیږی چې په کوم ځائې کښې شورش وی، هلته به خبره کوؤ، نن دلته د میډیا ملگری ناست دی، په ډاگه دا خبره کوؤ چې دا سازش که د دې پښتنو خلاف وی نو بیا مونږه به هم دا حق لرو چې دا خو داسې نه ده چې گنې یوه ډرامه روانه ده او د ډرامې په بهانه باندې دلته د پښتنو قتل عام چې دے هغه روان دے، د روزانه په بنیاد باندې روان دے او ډیره لویه بد قسمتی دا ده چې هغه کمیټی زما د بچو وژنې ته حادثه وائی حادثه، او چې کله بیا داسې سیکورټی فورس د هغه چا نه تپوس کوی چې ځوک په دې وطن کښې تشدد کوی، د هغوی نه ټوپک اخلی یا هغوی د تشدد نه منع کوی بیا هغې له د جنگ نامه ورکوی نو بیا مونږه پښتانه یو، مونږه په دې خبره پوهیږو چې که نن As a whole دا فیصله وی چې د دې پښتنو خلاف سازش دے نو دا زه فلور آف هاؤس نن وایم چې مونږه پښتانه یو بیا مونږه خپل امنیت چې دے، دا به پخپله قائموؤ، دا بیا مونږ نه د حکمرانانو نه گیله کوؤ، نه ترینه مطالبه کوؤ۔ (تالیاں)

سپیکر صاحب، اغوا برائے تاوان باندې خبره وشوه خو نن زه ډیر کهلاؤ وایم چې

په دې تیر وخت کښې او دا تر اوسه پورې چې څومره ډاکټران اغوا کیږی، څومره پروفیسران اغوا کیږی او څومره شتمن خلق اغوا کیږی، زما نن د حکومت نه دا خواست دے، زه ډیر په کهلاؤ مټ دا خبره کوم چې په دیکښې هغه خلق Involve دے چې زه ئے نن په دې هاؤس کښې نوم نشم اخستے او د دې ریکارډ موجود دے چې دا اغواکار د کوم ځائې نه برآمد کیږی او د دې اغواکارو ډیلنګ څوک کوی او دا اغواکار چې دی، دا اغوا کار چې دی-----

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: *سردار بابک صاحب۔ آپ مہربانی کرکے اس معزز ہاؤس کے ڈیکورم کا خیال رکھیں اور سردار صاحب! آپ جاری رکھیں اپنی سپیچ۔ شکریہ۔*

جناب سردار حسین: شکریه سپیکر صاحب. زما خو دا طمع ده او مونږه به ډیر د برداشت نه کار اخلو، زه به خواست هم کوم چې هر چا ته د خبرې کولو حق دے او دومره غصه که هغه طالبانو ته یا دهشتګردو ته کړے وے نو په دې صوبه کښې به امن راغلے وو خو مونږ له بیدار یئ او هغوی له نه یئ بیدار۔ (تالیاں)

خدائے د د رکښې غصه پیدا کړی او خدائے د د رکښې غصه پیدا کړی چې هغه خلقو ته لږه پښنه خو ودربوئ۔ (قہقہے اور تالیاں) داسې د دې الیکشن نه مخکښې خو به عمران خان دلته، عمران خان دلته وعدې کړې وے، عمران خان دلته راتلو وئیل ئے چې زه به دې وزیرستان ته ځم او دلته راغے او درې ورځې، (مداخلت) پخپل نمبر به خبرې وکړې-----

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب سردار حسین: چې ستاسو نمبر راشی نو خبره به وکړئ کنه؟ سپیکر صاحب! زما دا خواست دے، سپیکر صاحب! زما دا خواست دے-----

(شوراور نعرہ بازی)

جناب ڈپٹی سپیکر: جاوید نسیم صاحب!

(شوراور نعرہ بازی)

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار صاحب! سردار صاحب۔ آپ لوگ تشریف رکھیں۔ جاوید نسیم صاحب، پلیز۔ جاوید نسیم صاحب! آپ لوگ مہربانی کرکے ذرا خاموش رہیں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: تم لوگ کوئی انسان ہو؟ نہیں ہو انسان۔ وہ تقریر کر رہے ہیں اور تم لوگ آگے سے تنگ کر رہے ہوں۔

(تالیاں)

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! زما خو دا تاسو ته خواست دے چې اسمبلی سیکرټریټ سره ډیرې زیاتې پیسې وی، که مونږ له خیر دے ټریننګ نه راکوئ، مونږ له مه راکوه خو د حکومت دې ارکانو له خو کم از کم ټریننګ ورکړه سپیکر صاحب! چې دوئ ته خو دومره پته ولګی۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب، عمران خان به دلته راتلو او وائی زه به وزیرستان ته ځم او وائی دا چا وئیلی دی چې خلق وزیرستان ته نشی تلے؟ د ټانک پورې چې ورسیدو نو بیا مونږ واؤریدل چې هلته آرمی والا منع کړو او عجیبه خبره ده په لاهور کښې جلسې کوی، وائی که چرې زه د دې ملک وزیر اعظم وے زه به تلے وے د طالبانو سره به مې مذاکرات کړی وے۔ طالب خان، طالب خان چې به ورته خلقو وئیل، بد به ئے ګنړل سپیکر صاحب، بد۔ طالبانو سره د خدائے پاک دا ښه وکړی، د دې زړه نه مې ورته دا دعا خیژی چې کله ئے پخپله کمیټئ کښې واچولو چې ته به زمونږه نمائندګی کوې، بیا ترې عمران خان انکار وکړو۔ نن زه د عمران خان نه دا تپوس کوم چې تا وئیل چې دا قومی مسئله ده نو ته قومی لیډر نه ئې؟ دا پښتانه د دې قوم حصه نه ده چې ته طالبانو پخپله کمیټئ کښې واچولې د دې د پاره چې زمونږ نمائندګی وکړه نو بیا تا انکار ولې وکړو؟ سپیکر صاحب، دا هغه وخت دے چې نور حکومت په دې ځان نه شی خلاصولے چې دا لس کاله جنګ وشو، نور حکومت په دې خبره ځان نه شی خلاصولے چې دا د امریکې ډالرې دی، دا اختیار هم د دوئ دے، نن که امریکه

ډالرې ورکوی، دوئ له به ئے ورکوی او عمران خان صاحب وائی چې زه د نیشنلیانو، د پیپلیانو نه تپوس کوم چې دوئ په خپل وخت کښې څه چل کړے دے ؟ زه ورته وایم سپیکر صاحب، مونږ په خپل وخت کښې، په سوات کښې جهنډې راکوزې شوی وے، په سوات کښې 34 ایف ایم ریډوان وو، په سوات کښې د هغه دهشتګردو اډې وې، په سوات کښې د هغه دهشتګردو تربیت ګاهانې وې، نن زه نه، ما ته د حکومت اووائی چې په سوات کښې د هغې خلقو اډه په کوم ځائې کښې ده؟ ما ته د دا خلق اوښائی چې نن په سوات کښې د هغې خلقو کوم ځائې کښې د پاکستان جهنډا راکوزه کړې ده؟ نن د ما ته په سوات کښې یو ایف ایم ریډیو اوښائی؟ دا مونږ کار کړے دے، نن په ډاګه دا خبره کوؤ۔ مونږ په هغه وخت کښې هم دا خبره کوله او نن ئے هم کوؤ چې دا په قبائلی سیمه کښې کوم ازبک پراته دی، کوم تاجک پراته دی، کوم چیچن پراته دی، کوم پنجابی طالبان پراته دی، دا د چا میلمانه دی؟ د دې ټول اثر چې دے دا په دې صوبه دے۔ نن د دې صوبې د حکومت دا ذمه واری جوړیږی چې څنګه مونږ خبره کوله، دا سې به دوئ نن راپاڅی او دا خبره به کوی خو سپیکر صاحب، که تاسو ته یاد شی، مونږ به په خپل حکومت کښې دا خبره کوله چې د دې دهشت ګردو یو منصوبه ده او هغه منصوبه ئے دا ده چې بهر خو د هغوی سره خلق شته، په پارلیمان کښې ورسره خلق نشته، د 11 مئی 2013 په الیکشن کښې هغه دهشتګردو دا خبره ثابته کړه چې خپلو خلقو له ئے لار ورکړه، خپل خلق ئے پارلیمنټ ته راوستل (تالیاں) او نن دا د ادل او د بدل خبره ده، دهشتګردو خپل بدل خلاص کړے دے۔ نن چې کوم خلق په حکومت کښې ناست دے، د دهشت ګردو بدل خلاصوی ځکه دوئ غږ نه شی کولې۔ (تالیاں) سپیکر صاحب، دا خلق به عوام نور په دې خبره معاف نکړی او دوئ ته خو د دهشتګردو خلاف خبره داسې ښکاری لکه زمونږ په کلو کښې چې دا زنانه چې دی، دا د خاوند نوم نه اخلی ځکه چې دا دومره ګرانه خبره ورته ښکاری۔ (قہقہے اور تالیاں) سپیکر صاحب، دوئ به ځان کښې دا جرات پیدا کوی چې خبرې به اؤری، نن دلته اغوا برائې تاوان او نن لرې مه ځئ نن اسلام آباد ته لاړ شه، اسلام آباد د بزنس ځائې نه دے، اسلام آباد د رهائش ځائې دے، نن تاسو تپوس وکړئ کچهرو ته په پنډئ

کبنبي لاړ شئ چي بحریه ټاؤن کبنبي یا په ډی ایچ اے کبنبي او په اسلام آباد کبنبي پراپرټي، 65% خلق چي دی هغوی د دې ځائې نه هجرت وکړو، نن به دا خلق دې قام له جواب ورکوی چي دا د خوشحالئ نه تلی دی او که دا د نیستئ نه تلی دی؟ سپیکر صاحب، دا ریکارډ به وګورئ، تا ته به پته ولګی کنه، دا ریکارډ ولګوه او سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

حزب اقتدار کے اراکین: اردو میں تقریر کریں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: تاسو خاموش شئ لږ خبره کوی هغه، آپ بول لیں، آپ بولیں نا۔ سر، وہ جواب دے رہے ہیں کیا، اتنی سیریس بات ہو رہی ہے اور یہ تنگ کر رہے ہیں۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! سپیکر صاحب، که ما ته پته وه چي زما د پښتو په خبرو دومره خفه کیږئ، ما به په اردو کبنبي خبره کړې وه خو زه په اردو کبنبي دومره خاص خبره کولې نه شم ځکه مې په پښتو کبنبي خبره وکړه (قہقہے اور تالیاں) او سپیکر صاحب، (قہقہہ) حقیقت هم دا دے، حقیقت هم دا دے چي دا مسئله چي ده، تاسو هم د هغه ادارو نه راغلی یئ، دغه تربیت ئے درله درکړے دے، هم دغه کار کوئ، ستاسو هم دغه کار دے (تالیاں) ځکه چي سپیکر صاحب خو تاسو پوهه نه کړئ، الله مو پوهه کړه۔ (تالیاں) سپیکر صاحب، دا مسئله حقیقت دا دے چي دومره سنګینه ده، د دې نوعیت چي دے دا دومره سنګین دے چي خدائے شته زه دا منم چي زمونږ بعضې تجویزونه او زه دا منم چي زمونږ بعضې ترخې خبرې به زمونږ د حکومت د ملګرو په مشرانو باندې بنې نه لګی خو چي که نن مونږ دې حقیقیت ته وګورو، د دې ټول جنګ ښکار چي دے ښکار، هغه دا وطن دے، هغه دا پښتانه دی۔ مونږ به خواست کوؤ حکومت ته چي څنګه په پنجاب کبنبي هلته یو ټیم لیډر شته، په بلوچستان کبنبي هم یو ټیم لیډر شته او خپله نمائندګی کوی، په سندھ کبنبي هم یو ټیم لیډر شته، مونږ به د خپلې صوبې وزیر اعلیٰ صاحب ته دا خواست کوؤ چي دے به مخکښې کیږی، دے به اعلان کوی چي دے د دې صوبې چیف ایګزیکټیو دے، ان شاء الله ان شاء الله مونږ به د ځان نه وروستو نه وینی، مونږ به ورسره برغ برغ روان یو ان

شاء اللّٰہ او په دې صوبه کښې د امن د قیام د پاره به خپل جدوجهد چې دے دا به جاری ساتو ان شاء اللّٰہ که خیر وی (تالیاں) او سپیکر صاحب، دا هم تاسو ته اووایم چې نن پکار خو اول دا ده چې دې ځائې کښې د کوم اونرشپ نشتوالے دے، په هغې باندې سردار صاحب ډیره په تفصیل باندې خبره وکړه، زه د هغې په Repetition کښې نه ځم خو دا خو نوره په دې نه کیږی چې دلته د تبدیلئ خبره کیږی، دلته د انقلاب خبره کیږی، دلته د کرپشن د ختمولو خبره کیږی، دا ډیرې ښې خبرې دی او دا ډیرې خوږې خبرې دی، پکار ده چې دا کار دوئ جاری وساتی خو چې کوم بنیادی کار دے، کوم عملی کار دے او نن تاسو، زه که د صوابئ خبره تاسو ته وکړم، صرف د صوابئ، دلته ممبران صاحبان ناست دی نو پیښور ته وګورئ، نوښار ضلعې ته وګورئ چې د وزیر اعلیٰ صاحب خپله ضلع ده، دلته سردار صاحب نشاندهی وکړه چې د دې قبائلی سیمې نه په ډیر ګنړ تعداد کښې ډیر تجربه کار دهشتګرد چې دی، هغه دلته راغلی دی او زه بله خبره هم کوم چې دا انټیلی جنس ادارې چې دی، دوئ به صرف اخباراتو کښې دا خبر ورکوی چې په پختونخوا کښې دلته دومره دومره Militants راغلی دی، دهشتګرد راغلی دی، د هغوی نه دا خطره ده، پنجاب ته دا راغلی دی، سندھ ته دا راغلی دی، بلوچستان ته دا راغلی دی۔ سپیکر صاحب، که د هغوی دا کار وی چې خلق یروی نو زه ورته نن دا خبره کوم چې خلق یریدلے دے، خلق نور پریشانه دے، نفسیاتی دباؤ کښې دی او که د دې صوبو حکومتونه خبروی، پکار دا ده چې Secret ئے خبر کړی او هغه حکومتونو سره کښینی او انټیلی جنس ورسره شیئر کړی او چې کار د حکومت د کولو وی چې هغه ورته په ګوته کړی خو چې دا قام چې دے، دا د دې مسئلې نه خلاص کړی۔ سپیکر صاحب، زه دا هم دلته وئیل غواړم چې دلته یواځې په پولیټکل فورس کښې نه، په میډیا کښې هم یو ډیر لوئے Segment دے چې دلته خو یو طرف ته مونږ د هغه دهشتګردئ ښکار یو، مونږ وژلی کیږو، مونږه اغوا کیږو، مونږه تباه کیږو او بل طرف ته په میډیا کښې او پولیټکل فورس کښې داسې خلق موجود دے چې هغوی لګیا دی د هغه دهشتګردو وکالت کوی، د هغوی دلالت کوی او هغه خلق چې دے هغوی له مورال ډاؤن کوی سپیکر صاحب۔ زه د دې څو ګزارشونو سره

سپیکر صاحب چې دا زمونږه طمع ده چې څنګه چې دا قامی مسئله ده، په دې قامی مسئله کښې مونږ بالکل اوږه په اوږه باندې شا په شا باندې د دې حکومت سره ولاړ یو خو دا ده چې دا حکومت به راپاڅی، دا نور په دې نه کیږی چې دا به یا په مرکز باندې وراړوی یا به ئے د بهرون د دهماکو سره نتهی کوی یا به ئے د امریکې سره نتهی کوی یا به ئے د بل چا سره نتهی کوی، دا زمونږ ذمه داری ده، د دې حکومت ذمه داری ده، دا صوبائی مسئله ده او دا ذمه داری چې ده دا به دوئ پخپلو اوږو اخلی۔ سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ سکندر حیات خان شیر پاؤ۔

جناب سکندر حیات خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ زه ستاسو مشکور یم جناب سپیکر چې تاسو ما له په دې اهم موضوع باندې د خبرو کولو موقع راکړه۔ جناب سپیکر، د خپلو خبرو شروع کولو نه مخکښې زه دا وئیل غواړم چې چونکه دلته کښې ناست هر یو ممبر چې دے، هغه د دې صوبې نمائنده دے او نن که مونږه وګورو، هر کلی ته، هر ښار ته، هرې ضلعې ته چې لاړ شو نو خلق ئے هم دا یو سوال کوی چې امن به کله راځی؟ زمونږه څه ګناه ده؟ هم دغه وجه ده چې اپوزیشن دا ګنړل چې په دې اهم موضوع باندې د مونږه اجلاس راواوغواړو۔ که نن مونږه دلته کښې نشاندهی کوؤ، که نن دلته کښې مونږه تنقید کوؤ جناب سپیکر نو دا د اصلاح د پاره کوؤ، دا د دې د پاره کوؤ چې زمونږه زړه او زمونږه وینه په دې خاوره باندې خوږیږی، د دې ځائې په خلقو باندې خوږیږی او د دې ځائې د خلقو په مونږ باندې حق دے چې مونږه دلته کښې آواز اوچت کړو او مونږه دلته کښې نشاندهی وکړو۔ (تالیاں) نن که چا کښې دا برداشت نه وی چې هغه دا خبرې واؤری نو بیا د ذمه واری هم نه اخلی ځکه چې ذمه واریٔ سره بیا دا ټول هر څه راځی۔ نو جناب سپیکر، که نظر واچوؤ، امن و امان د حکومت ذمه واری ده او خصوصاً بیا د صوبائی حکومت ذمه واری ده۔ د څو کالو راهسې نه د پښتنو وینه تویئ شوه، زمونږه میندې خویندې شهیدانې شوې، زمونږه مشران، زمونږه بچی شهیدان شو او په نتیجه کښې چې خبرې مخامخ راځی نو کله څوک وائی چې یره دا د وفاقی حکومت ذمه واری ده، څوک وائی چې یره دا د صوبې ذمه واری ده۔ زه دلته کښې دا تپوس کوم جناب سپیکر،

زمونږه د دې سره کار نشته، دا ذمه واری د حکومت ده او د آئین لاندې د حکومت دا فرض جوړیږی چې زمونږه خلقو له تحفظ ورکړی۔ مونږه دلته کښې دا غواړو چې امن د راشی (تالیاں) جناب سپیکر، خو امن به کله راځی؟ امن به څنګه راځی چې د دې مسئلې طرف ته توجه وی۔ که مونږه په دې Blame game کښې پریوځو، مونږه په دې پالیسئ باندې لګیا یو چې وایو چې یره دا به په بل چا باندې اچوؤ، Blame به بل خوا ته شفټ کوؤ او یره بس زمونږه کار به روان وی، مونږ ته د څوک څه نه وائی بس خیر دے چې نور چې هر څه کیږی نو جناب سپیکر، د دغې سره به دا مسئلې حل کیږی نه۔ جناب سپیکر، ټهیک ده په دیکښې بعضې ایشوز د مرکز سره هم تړلی دی، مونږه منو بالکل او مونږه دا غواړو چې د مرکزی حکومت د هم د دې مسئلې طرف ته زیات Focus د راشی او زیات توجه د راشی خو جناب سپیکر، وینه خو د دې صوبې د خلقو توییږی، آیا په هغې صورت کښې وړمبنئ ذمه واری د دې صوبائی حکومت نه جوړیږی چې د خپلو خلقو تپوس وکړی؟ دې پښتون قام خو دوئ له ووټ ورکړے دے، دوئ له ئے دا موقع ورکړې ده، که د دوئ دا خیال وی چې یره پینځه کاله به مونږه په دې باندې تیروؤ چې کله به Deadlines ورکوؤ، کله به یو شوشه رااوچتوؤ، کله به بله شوشه رااوچتوؤ او په دې باندې به دا خلق مونږ دهوکه کوؤ نو جناب سپیکر، دا د دوئ غلط فهمی ده۔ جناب سپیکر، ما نه مخکښې محترم لیډر آف دی اپوزیشن هم دغې طرف ته اشاره وکړه، لطف الرحمان صاحب هم وکړه او بابک صاحب هم وکړه چې په دې وخت سره د حکومت Writ نه ښکاری، په یو ځائې کښې هم نه ښکاری۔ که دوئ ته پخپل Red zone کښې ښکاری نو ښکاری به، د دې Red zone نه د بهر رااوځی نو خلقو کښې، قصه خوانئ ته د لاړ شی، که هغه دلته کښې صدر بازار ته لاړ شی نو هلته به هر یو ماشوم ماشوم، بچے بچے به ورته وائی چې د حکومت نومې شے موجود نشته، د هغوی پالیسی موجود نشته، د هغوی Writ موجود نشته۔ جناب سپیکر، که لاء اینډ آرډر مونږه وګورو، د دې مختلف Aspects دی۔ یو Aspect ئے د Terrorism سره Related crime دے او بل ورسره Kidnapping for ransom او Target killings او بیا د هغې نه پس General crimes راځی۔ که مونږه وګورو نو دې ټولو کښې

اضافه شوې ده او مجموعی طور باندې ولې اضافه شوې ده ځکه چې پالیسی موجود نشته، Strategy موجود نشته، د حکومت د طرف نه حکمت عملی موجود نشته۔ که یو حکمت عملی ده نو هغه صرف دا چې بس مونږه د Blame په بل چا باندې واچوؤ، په خپله Responsibility اخستل نه غواړی۔ جناب سپیکر، کله نه چې دا موجوده حکومت وجود کښې راغلے دے، زه به صرف د جون 2013 نه واخلم، د 90 نه زیات د Terrorism related incidents شوی دی، د دې څه مطلب دے جناب سپیکر چې هره میاشت لس واقعات، یعنی هر دریمه ورځ یو واقعه۔ جناب سپیکر، بیا دغه شان د Three hundred & seventy three نه زیات خلق شهیدان شوی دی Civilians، د دې دا مطلب دے چې د څلویښت نه زیات Per month، د Four hundred & eighty three نه زیات خلق چې دی دا زخمیان شوی دی یعنی Fifty three per month۔ جناب سپیکر چې دا فګرز چې ځان ته مخامخ کیږدو، زه تپوس کول غواړم چې په دې هاؤس کښې د ټولو ممبرانو به خپل ضمیر به وی او د هغوی به هم یو دغه وی، آیا مونږه اونه منو، دا Realized نکړو چې دا حالات خراب شوی دی، دا کوم ځائې ته رسیدلی دی؟ جناب سپیکر، دغه شان که وګورو نو دې وخت سره د Forty two نه زیات دا سې مختلف ګروپونه دی چې هغه Extortion او Kidnapping for ransom کښې لګیا دی۔ د Extortion، د Kidnapping for ransom خو دا حال شوے دے جناب سپیکر چې دلته زمونږه صوبې کښې موجود خو خلق د هغې نه تنګ دی خو د هغوی که خپلوان که څوک په مډل ایسټ کښې دی، که څوک په جاپان کښې دی، مختلف ملکونو ته تلی دی، د کاروبار د پاره تلی دی نو هغې خلقو ته هم ټیلیفونونه تلی دی چې یره ستا دلته کښې فلانے فلانے عزیز موجود دے، ستا دلته کښې فلانے فلانے رشته دار موجود دے، که د هغوی خیر غواړې نو مونږ له څه رااولیږه۔ جناب سپیکر! چې دا حال شی نو څوک به بیا اعتماد کوی او څوک به راځی او په دې صوبه کښې به انوسټمنټ کوی او څوک به د دې صوبې-----

(عشاء کی اذان)

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر! حال دې ته راغلے دے جناب سپکر چې په دې پیښور کښې بعضې داسې واقعات وشو، نورو ځایونو کښې داسې واقعات وشو چې بعضې خلقو ته ټیلیفونونه راغلل، پرچې راغلې چې هغوی په هغې باندې هغه شان عمل ونکړو نو هغه خلق ئے د ټارګټ کلنګ ښکار کړل او بیا د هغې نه پس د هغو بچو ته ټیلیفونونه شوی دی چې یره تا د فلانی حال ولیدلو، ته راشه او ته مونږ سره اوس خبرې وکړه۔ چې دې ته صورتحال راشی جناب سپیکر نو څوک به په دې حکومت باندې اعتماد کوی او څوک به په څه دغه باندې کوی؟ ډاکټران چې هغه د دې د پاره موجود دی چې هغه د دې قوم خدمت وکړی او په دې صورتحال کښې چې دا کوم دغه نه مونږه تیریږو، په دیکښې خو د ډاکټرانو نور هم ضرورت دے چې زمونږه په دې زخمونو باندې مرهم او پټی او دغه کوی، هغه شان چې هغوی محفوظ نه وی، هغوی ته هر یو ډاکټر ته ټیلیفون کال کیږی، پرچې ملاویږی، Attempts پرې کیږی نو بیا به کوم طرف ته دا صورتحال ځی؟ جناب سپیکر، د پیښور ارد ګرد سردار صاحب هم خبره وکړه او بابک صاحب هم خبره وکړله خو د دې سره سره جناب سپیکر! چې دا هم وګورو چې بل خوا ته ګورو چې هغه خلق چې کوم زمونږ د حفاظت د پاره معمور دی، چې د چا دا ډیوټی ده چې هغه زمونږه حفاظت کوی نو د هغوی هم هغه شان خیال نه ساتلې کیږی، د هغوی مورال په دې باندې هم ډاؤن دے چې د هغوی څوک تپوس نه کوی او بل خوا ته په دې باندې هم دغه دی چې د حکومت چې کوم Attitude دے هغوی طرف ته، یو طرف ته هغوی د وینې قربانی پیش کوی، بل طرف ته هغوی ته روزانه د اخبارونو په سرخیانو په شکل کښې د هغوی بې عزتی کیږی۔ جناب سپیکر، که وګورئ نو دې وخت سره سردار صاحب هغې طرف ته اشاره وکړله چې ښه پولیس افسران دلته کښې راتلل نه غواړی او دلته کښېServe کول نه غواړی، ولې Serve کول نه غواړی، دا تاسو د پولیس افسرانو نه تپوس وکړئ تاسو ته به جواب ملاؤ شی ځکه چې انوائرونمنټ داسې نه دے ځکه چې دلته کښې کوم Attitude د ګورنمنټ داسې نه دے چې افسران دلته کښې کار کولے شی۔ جناب سپیکر، بل طرف ته بیا دا هم وګورئ، ولې به د هغوی مورال نه ډاؤن کیږی چې هغوی ته خو تاسو دا وایئ چې تا د خپل ځان قربانی ورکړه، مونږ به تا

له شهداء پیکج درکوؤ او چې بیا په هغې شهداء پیکج باندې عمل نه کیږی، ټهیک ده هغه پیسې به ورسره هغه وخت سره ورکړے شی خو چې کومه نوکری ورسره تړلی وی چې دا به مونږه ورکوؤ ستاسو بچو له، هغه نوکرئ ته په اوږد لسټونو کښې او په اوږد لائنونو کښې ولاړ دی چې یره کله به دا پوسټونه راځی نو بیا به دې خلقو ته ملاویږی۔ جناب سپیکر، کم از کم دومره خو دوئ کولې شی چې دغه د پاره One time post د Create کړی چې کم از کم دغه خلقو ته دا یو احساس وشی چې اؤ مونږه که د خپلو وینو قربانی ورکوؤ، مونږه لګیا یو د خپل ځان قربانی ورکوؤ نو یره د هغې نه پس به زمونږه ځوک تپوس کوی۔ بیا دغه شان جناب سپیکر، په دې واقعاتو کښې چې دا کوم زخمیان شی نو هغوی ته د یو لاکھ روپو نه علاوه هیڅ هم نه ملاویږی، حالانکه که تاسو وګورئ، که بم بلاسټ وی، که هغه مختلف نور واقعات وی، په هغې کښې چې ځوک زخمی شی نو په هغه باندې په لکهونو روپی لګی او هغه د هغې نه پس هم هغه هغه خپل واپس هغې ځائې ته نه راځی۔ ما ته ډیر داسې پولیس افسران او داسې ډیر ځوانان معلوم دی چې هغوی زخمیان شوی هم دی او بیا د هغې نه پس قرضداری شوی دی ځکه چې هغه خپل علاج ئے پخپله کړے دے، د هغوی بیا چا تپوس هغه شان نه دے کړے۔ جناب سپیکر، دغه شان دا سپیشل پولیس فورس چې دے، آیا د هغوی قدر د نورو خلقو نه کم دے؟ آیا د هغوی دا وینه چې ده، د هغې قیمت کم دے چې هغوی ته پیکج نه ملاویږی او نورو ته ملاویږی؟ جناب سپیکر، دا خو د آئین هم خلاف ورزی ده او دا د Fundamental rights هم خلاف ورزی ده چې یو شان ډیوټی ده او یو شان دغه دے، پکار ده چې هغوی ته هم هغه شان دغه ملاؤ شی۔ نو جناب سپیکر، دا فریاد چا ته وکړے شی، دا خبرې چا ته وکړے شی؟ دا خو به هغې خلقو ته کیږی چې کوم سیریس وی د دې مسئلو حل کولو له، چې کوم سیریس وی چې دې طرف ته توجه ورکولو له، هغې خلقو ته خو نه کیږی چې هغوی صرف په دې دغه کښې لګیا دی چې مونږه د څنګه دا وخت تیر کړو او مونږه د هغه خپل مقاصد چې دی هغه سر ته ورسوؤ۔ په دې باندې نه دی چې د دې صوبې په خلقو باندې څه تیریږی، د دې ځائې په خلقو باندې، د دې ځائې په عوامو باندې څه تیریږی؟ جناب سپیکر، نور هغه وخت اوس تیر دے چې په فیصلو کښې

به Procrastination وشی، که هغه مرکزی حکومت دے او که هغه صوبائی حکومت دے، اوس د فیصلو وخت دے، نور مونږ نه دا پښتون قام تقاضا کوی د دې هاؤس په وساطت د ټول ملک نه، د ټولې دنیا نه مونږه دا تقاضا کوؤ چې بس دے نور زمونږه په خاوره باندې تاسو د خپل مفاداتو دا جنګونه چې دی، ستاسو د جنګونو په نتیجه کښې زمونږه دا وینه چې کومه تویږی لګیا ده، دا نورې لوبې مونږه نور نشو برداشت کولې، نور چې دے مونږه غواړو چې اوس دلته کښې امن راشی، د هغې د پاره د فیصلې وشی او د هغې د پاره د اقدامات اوچت شی۔ (تالیاں) جناب سپیکر، ورسره ورسره د Political will ډیر لوئے کمے دے او د دې ټول Rim over په صوبائی حکومت راځی ځکه چې هلته کښې نه Strategy شته، نه څه د Counter terrorism د پاره څه پالیسی جوړه شوې ده، نه د Law & order maintain کولو د پاره څه پالیسی یا Strategy جوړه شوې ده۔ جناب سپیکر، نن خو دلته کښې مونږه خبرې وکړلې، مونږه خو خپل فرض ادا کړلو، مونږه خو په ریکارډ باندې خبرې راوستلې خو ما ته پته ده چې صاحب اقتدار خلقو په یو غوږ واؤریدې او د دویم غوږ نه به ئے دا خبرې بیا اوځی، د هغوی په دې باندې پرواه نشته ځکه چې د هغوی د دې صوبې سره مفادات نه دی تړلی، د هغوی چې دے په دې صوبې باندې، د دې صوبې سره پرواه نشته۔ د دې صوبې د خلقو سره د هغوی هغه شان دغه نشته، که نه وی نو قیادت ئے چې د دلته نه سیټ ګټلے وو، پکار ده چې هغه سیټ ئے ساتلے وے، د نورو صوبو سیټونه به ئے بیا نه ساتل خو د دغې نه مونږ ته اندازه شوې ده چې د دوئ د دې صوبې سره څه مینه نشته۔ جناب سپیکر، زه ستاسو ډیر زیات مشکور یم چې تاسو ما له موقع راکړه۔ هم دا اخری خبره کوم، هم دا وایم چې خلق تپوس کوی چې نن څه شو هغه چینج، نن څه شوه هغه تبدیلی، نن څه شو هغه حکومت چې هغوی به وئیل چې مونږه به ستاسو ټولې مسئلې حل کوؤ په 90 دن کښې به کوؤ، درې میاشتو کښې به حل کوؤ، نن خلقو ته هغه خلق نه ښکاری۔ ډیره مهربانی۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے اس اہم موضوع پر بات کرنے کی اجات دی۔ جناب سپیکر صاحب، یہاں پر یہ کہنا ضرور کہونگی:

؎ وہ وہیں سے لوٹ جائیں جنہیں سر عزیز ہیں

وہ وہیں سے لوٹ جائیں جنہیں سر عزیز ہیں ہم سر پھروں کے ساتھ کوئی سر پھرا چلے

(تالیاں)

بہت شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ امن اور امان جناب سپیکر صاحب، یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس پر پچھلے آٹھ مہینوں سے ہم لوگ مختلف سیشنز میں بات بھی کرتے آئے ہیں، گورنمنٹ کی توجہ بھی دلاتے آئے ہیں۔ اگر ان سے کبھی اکیلے میں بات ہوئی ہے تب بھی ان کو بتایا ہے کہ حالات کیا ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، مجھے تو نہ مرکزی گورنمنٹ کے ساتھ کوئی واسطہ ہے، مجھے تو نہ سندھ کی گورنمنٹ سے کوئی واسطہ ہے، مجھے تو نہ بلوچستان کی گورنمنٹ کے ساتھ کوئی واسطہ ہے، مجھے تو نہ پنجاب کی گورنمنٹ کے ساتھ کوئی واسطہ ہے، مجھے اگر واسطہ ہے تو مجھے اس خیبر پختونخوا کی سر زمین سے واسطہ ہے، مجھے یہاں کے ان بچوں سے واسطہ ہے کہ جو صبح جب گھر سے باہر نکلتے ہیں تو ان کی مائیں گھڑیاں دیکھ رہی ہوتی ہیں اور وہ سوچ رہی ہوتی ہیں کہ آج ہمارے بچے جو ہیں، وہ گھر واپس آئیں گے یا نہیں؟ مجھے اگر واسطہ ہے تو مجھے اپنے ان بھائیوں سے واسطہ ہے کہ جو دفتروں میں جاتے ہیں تو ان کی بیویاں ان کی راہ دیکھ رہی ہوتی ہیں کہ آج یہ صبح گئے ہیں، یہ شام کو گھر واپس آتے ہیں کہ نہیں؟ جناب سپیکر صاحب، مجھے اپنی اس پولیس سے، مجھے اپنی اس ایف سی، مجھے اپنی اس لیوی سے، مجھے اپنے اس آرمی افسران، آرمی کے لوگوں سے واسطہ ہے کہ جو صبح وردی پہن کر اور اپنی بیٹی کو پیار کر کے اپنے بیٹے کو پیار کر کے، اپنی بیوی سے خدا حافظ کہہ کے، اپنی ماں کی دعائیں لے کر اپنے باپ کا پاؤں چھو کر وہ جب گھروں سے باہر نکلتے ہیں تو ان کے گھر والوں کو پتہ نہیں ہوتا کہ کوئی بھی بلاسٹ ہو جائے گا، کوئی بھی فائر ہو جائے گا اور ہم گھروں میں، خون سے ہماری وردی گیلی ہو کر ہم لوگ تابوتوں میں جائیں گے اور اس میں کیا ہوگا؟ صرف دو تین نمائندے گورنمنٹ کے شامل ہو جائیں گے اور ان کو سلوٹ پیش کر دیا جائے گا اور پھر اس کے بعد ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہوگا۔ جناب سپیکر

صاحب، یہاں پر بات ہوئی، ہماری تمام جتنی لیڈر شپ یہاں پر اپوزیشن میں بیٹھی ہوئی ہے، انہوں نے بڑی Briefly آپ کو یہاں کے تناظر میں ایک بات کی۔ جناب سپیکر صاحب، میں صرف دو تین چار باتیں ہی ایسی کرونگی اور وہ یہ کہ جب 2010 میں مذاکرات ہوئے اور ہم سب نے بھی مذاکرات کے حق میں بات کی کہ مذاکرات ہونے چاہئیں۔ 2010 میں مذاکرات ہوئے جب تمام ملاکنڈ ڈویژن پہ دہشتگردوں نے قبضہ کر لیا ہوا تھا اور اس وقت ایک ایسے شخص نے آواز اٹھائی کہ یہاں پہ مجھے شریعت چاہیئے جو کہ آج کے قاتل دوبارہ یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم شریعت پہ بات کریں گے، ہم پاکستان کے آئین کو نہیں مانتے ہیں، ہم بزور شمشیر پاکستان کو، میرے منہ میں خاک، ہم بزور شمشیر پاکستان کو حاصل کرینگے اور ہم یہاں پہ اپنی شریعت لیکر آئیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ سمجھتی ہوں کہ اس وقت جو ہم نے فیصلہ کیا تھا، جو اس وقت کی گورنمنٹ نے فیصلہ کیا تھا، مذاکرات کے بعد ان کو شریعت کورٹس بھی دیدی گئیں، ان کے مطالبات بھی مان لئے گئے لیکن پھر کیا ہوا؟ پھر پاکستان کا جھنڈا انہوں نے اتار پھینکا تھا، انہوں نے ڈی آئی جی کے دفتر پہ قبضہ کر لیا ہوا تھا۔ وہاں پہ جناب سپیکر صاحب، پھر ایسا ہی قدم اٹھایا گیا کہ جو آج نہیں تو کل، کل نہیں تو پرسوں، پرسوں نہیں تو ترسوں وہ قدم ضرور اٹھایا جائے گا۔ جناب سپیکر صاحب، پہلے تو یہ مطالبہ آتا تھا کہ ڈرون بند کر دیا جائے تو ہم مذاکرات کیلئے تیار ہیں اور ہماری جو کاوشیں ہیں، وہ اس وقت ختم ہو جاتی ہیں جب ایک ڈرون حملہ ہوتا ہے اور وہ جو کہ مرداری کی موت مرا حکیم اللہ محسود، جس کو بعض لوگوں نے شہید کا درجہ دیدیا، جناب سپیکر صاحب، 70 ہزار قتلوں کے اگر قاتل کوئی شہید کا درجہ دیتا ہے تو میں اس کو مسلمان نہیں، میں اس کو انسان بھی نہیں سمجھتی ہوں۔۔۔۔۔

جناب محمد علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ): جناب سپیکر!

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب!

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: سپیکر صاحب!

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب!

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: جناب سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز محمد علی صاحب۔ جناب محمد علی، پلیز۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! جناب سپیکر صاحب، یہ حال ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ طالبان کی آواز ہے، یہ طالبان کی آواز ہے، یہ طالبان کی آواز ہے، یہ میڈیا دیکھ رہا ہے۔

(شور اور قطع کلامیاں)

محترمہ نگہت اورکزئی: یہ دیکھ لیں ان کو، میڈیا کے سامنے ان کو Expose ہونے دیں، ان کو میڈیا کے سامنے Expose ہونے دیں، ان کو میڈیا کے سامنے Expose ہونے دیں، ہونے دیں۔ ہونے دیں ان کو میڈیا کے سامنے Expose ہونے دیں، ہونے دیں ہونے دیں۔۔۔۔۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ: جناب سپیکر!

محترمہ نگہت اورکزئی: پہ آرام شہ۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی کرسی کو دیکھ رہی ہوں۔ جناب سپیکر صاحب!

(شور اور قطع کلامیاں)

محترمہ نگہت اورکزئی: تاسو ترینہ۔ جناب سپیکر صاحب! اس اسمبلی کو تحریک انصاف کے لوگوں نے مذاق بنادیا ہوا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ تشریف رکھیں۔ تشریف رکھیں جی، بہت افسوس ہوتا ہے۔ یہ بہت۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! آج میڈیا نے دیکھ لیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں، میں۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میڈیا نے دیکھ لیا ہوا ہے کہ کون لوگ، کون لوگ سیریس نہیں ہیں یہاں پہ امن لانے کیلئے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ دونوں۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت اورکزئی: یہاں پہ امن لانے کیلئے کون لوگ سیریس نہیں ہیں؟ اگر ہم تجاویز دے رہے ہیں، ہم ان قاتلوں کو ضرور قاتل کہیں گے کہ جنہوں نے میرے 70 ہزار فوجیوں کو، میرے 70 ہزار لوگوں کو اس دھرتی پہ خون سے نہلا دیا، وہ شہید نہیں ہیں، وہ قاتل ہیں، وہ قاتل ہیں جناب سپیکر صاحب اور میں یہ بانگ دہل کہونگی، چاہے کوئی اس میں خفا ہوتا ہے، چاہے جو کوئی بھی ہوتا ہے، میں ان کو قاتل کہونگی، بزدل

ہیں وہ لوگ جو قاتلوں کو کہتے ہیں کہ وہ شہید ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، کیا یہ میری پولیس جب جاتی ہے اور ان پہ جب بم دھماکے ہوتے ہیں، میرے معصوم بچے، میرے معصوم نوجوان، میری معصوم عورتیں اس صوبے کی جناب سپیکر صاحب اور جناب سپیکر صاحب، کتنے مزے کی بات ہے کہ وہ کہتے ہیں، آئی جی پی صاحب کا اس دن بیان میں پڑھ رہی تھی کہ یہ جو بڈھ بیر میں واقعہ ہوا کہ وہ کہتے ہیں کہ یہ خودکش جو کہ پولیس کی گاڑی پہ حملہ آور ہونا تھا، اس کو جناب سپیکر صاحب، خریدا گیا تھا۔ جناب سپیکر صاحب، جب گورنمنٹ کو پتہ ہے کہ خریداری خودکشوں کی ہو رہی ہے تو جناب سپیکر صاحب، خریدنے والا اور جو بیچنے والا ہے، ان تک کیوں نہیں پہنچتے ہیں ہم لوگ؟ جناب سپیکر صاحب، میری بات چاہے بری لگے کیونکہ سچ ہمیشہ کڑوا ہوتا ہے، دوائی ہمیشہ کڑوی ہوتی ہے، انجکشن ہمیشہ درد دیتا ہے، اسی لئے کچھ لوگوں کو ہماری باتوں سے اور خاصکر میری باتوں سے ان لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے کیونکہ میں سچ بولتی ہوں، کڑوی گولی دیتی ہوں اور انجکشن لگاتی ہوں۔ (تالیاں) جناب سپیکر صاحب، جب ایسے خریدار، جب ایسے خریدار اور ایسے بیچنے والے میرے معاشرے میں، میرے کے پی کے کی سرحد میں اگر موجود ہیں جناب سپیکر صاحب تو ان لوگوں کو میں کبھی بھی یہ نہیں کہونگی کہ وہ انسان ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، اپنے دل پہ ہاتھ رکھیں جناب سپیکر صاحب اور میں اپنے دل پہ ہاتھ رکھتی ہوں کہ اگر کل کو خدانخواستہ میں باقی کسی کا نام نہیں لیتی ہوں کیونکہ آپ اور میں اس وقت مخاطب ہیں، میں آپ کو مخاطب کر رہی ہوں اور میں آپ کی چیئر کو مخاطب کر رہی ہوں کہ خدانخواستہ جناب سپیکر صاحب، اگر میرے بیٹے کی لاش کسی بم بلاسٹ میں اگر میرے گھر آتی ہے تو میرا سینہ بالکل پھٹ جائے گا۔ جناب سپیکر صاحب، اس کرسی کو جب میں دیکھتی ہوں اور اسرار اللہ گنڈا پور صاحب کو جب میں یاد کرتی ہوں تو مجھے اس حکومت کی ناکامی نظر آتی ہے اور اس پہ پھر ایک منسٹر کھڑا ہو کے کہتا ہے کہ چونکہ پروٹوکول ہم لوگوں نے نہیں دینا تھا اسلئے ہم نے اس کو پروٹوکول نہیں دیا۔ Shame اس منسٹر کے اس بیان بازی پہ کہ اس کا ایک لائق فائق اور ایک ایسا آدمی شہید ہو گیا جو ساری اسمبلی کا وقار تھا اور اس کے بارے میں ایسی Statement آتی ہے جناب سپیکر صاحب جو بالکل غیر سنجیدہ Statement ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں یہ سمجھتی ہوں کہ جب شہداء کا پیکج دیا جاتا ہے، قائد ایوان سامنے موجود ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، قائد ایوان صاحب کی موجودگی میں آج جو حشر ہوا، میرا تو دل

نہیں چاہتا کہ میں آپ کی چیئر کے علاوہ ان کی طرف دیکھوں (مداخلت) کیونکہ یہ قائد ایوان، جیسا کہ یہاں پہ اپوزیشن لیڈر بیٹھے ہوئے ہیں، جب وہ ہمیں دیکھتے ہیں تو ہم اسی وقت چپ کر جاتے ہیں حالانکہ ہم مختلف پارٹیوں سے تعلق رکھتے ہیں، ہمارے نظریات میں فرق ہے لیکن جب لیڈر آف اپوزیشن ہم سے کوئی بات کرتے ہیں، کیونکہ ہم نے ان کو اپنا بڑا یہاں پہ مان لیا اور ان کو اس چیئر پہ بٹھایا ہوا ہے، اسی طرح قائد ایوان جو ہے وہ اپنی پارٹی کے اور اپنی دوسری پارٹی کے قائد ایوان ہیں، ان کو چاہیئے کہ وہ ان کو کہیں کہ سیریس ٹاک ہو رہی ہے، آپ لوگ چپ کر کے بیٹھ جائیں، کسی کی تقریر میں مداخلت نہ کریں۔ جب آپ کا نمبر آئے گا تو آپ بالکل جس کو جو بھی جواب دیتے ہیں، آپ جواب دیدیں جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! نہیں جناب سپیکر صاحب! چونکہ میں اپنی پارٹی کو، میں پارٹی کو، اپنی پاکستان پیپلز پارٹی کو Represent کر رہی ہوں اور میں اس وقت پارلیمانی لیڈر کی حیثیت سے کھڑی ہوں جناب سپیکر صاحب۔ (تالیاں) جناب سپیکر صاحب! جناب سپیکر صاحب، ایک ہمارے منسٹر نے آج یہ بات کی۔ جب 990 کا ایک سوال آیا تھا، ضیاء صاحب نے بات کی کہ ہم اسلئے یہ سپلائی نہیں کر سکتے کہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ جو ہے تو وہ بہت زیادہ ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے توسط سے بات کرتی ہوں پھر دوبارہ، کہ میرے پولیس والوں کو جنہوں نے اپنی جانیں جو ہیں، وہ بالکل صبح نکلتے ہیں تو ان کو موت کا پتہ نہیں ہوتا جناب سپیکر صاحب، ان کی تنخواہیں تین مہینوں سے بڑھی ہوئی ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب، ان کی تنخواہوں میں کوئی انٹرسٹ نہیں لے رہا تا کہ ان کی تنخواہیں بڑھائی جائیں۔ قائد ایوان کو، آئی جی پی صاحب کے ٹیبل پہ فائل پڑی ہوئی ہے لیکن ان کی تنخواہیں بڑھنے کے باوجود دو تین مہینے ہو گئے ہیں کہ میرے وہ جوان جو ہیں، جو سڑکوں پہ ڈیوٹی دیتے ہیں اور بلاسٹس میں شہید ہو جاتے ہیں اور ان کے جنازے ان کے گھروں میں پہنچ جاتے ہیں، ان پہ کوئی توجہ نہیں دے رہا ہے اور جس طریقے سے سکندر خان شیرپاؤ صاحب نے اشارہ کیا کہ جو سپیشل فورس ہے جناب سپیکر صاحب، ان کے بھی گھر والے ہیں، ان کو بھی شہداء کا پیکج نہیں ملتا۔ جناب سپیکر صاحب، تبلیغی جماعت پہ جب بم بلاسٹ ہوا، انکو ابھی تک شہداء پیکج نہیں ملا لیکن سینما والوں کو، وہاں پہ جو بم بلاسٹ میں مارے گئے، ان کیلئے اسی وقت پیکج کا اعلان ہو

گیا۔ جناب سپیکر صاحب، ہوٹل کے باہر مرنے والوں کو کوئی پیکج نہیں دیا گیا۔ جناب سپیکر صاحب، ہماری پولیس کے پاس Equipments نہیں ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ان کے پاس صحیح رائفلز نہیں ہیں، ان کے پاس صحیح کلاشنکوف نہیں ہیں، ان کے پاس صحیح جیکٹس نہیں ہیں، ان کے پاس آلات نہیں ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، یہ کس کی ذمہ داری ہے؟ یہ اپوزیشن لیڈر کی یا ہماری ذمہ داری نہیں ہے جناب سپیکر صاحب، یہ قائدِ ایوان کی، آئی جی پی کی اور ان کی ٹیم کی ذمہ داری ہے اور جناب سپیکر صاحب، آخر میں میں صرف ایک سوال آپ کے توسط سے کرنا چاہونگی کہ جناب سپیکر صاحب، جب عمران خان صاحب نے یہ کہا کہ میں اگر وزیرِ اعظم ہوتا تو میں طالبان سے اور دہشتگردوں سے میں مذاکرات کر کے اور تمام جگہوں پہ امن لے آتا اور جناب سپیکر صاحب، یہاں دفتر کھلنے کی بھی باتیں ہوئیں، سب کچھ ہوا لیکن 16 دنوں میں جناب سپیکر صاحب، 16 Attacks اور ان کی ذمہ داری ڈائریکٹ ان لوگوں نے قبول کی اور جناب سپیکر صاحب، 70 ہزار لوگوں کی کھوپڑیاں، 23 لوگوں کی گردنیں کاٹ کے جب آپ فیس بک پہ دیکھیں اور تین اہلکار جو دوبارہ اٹھائے گئے۔ اس کے علاوہ جناب سپیکر صاحب، ڈاکٹرز، تاجر، سب لوگ یہاں سے شفٹ ہو گئے ہیں۔ عمران خان صاحب کو جب طالبان نے اپنی کمیٹی، دہشتگردوں نے، میں طالبان اسلئے نہیں کہتی کہ طالب رزق کا بھی ہوتا ہے، طالب علم کا بھی ہوتا ہے، طالب ہر چیز کا طالب ہوتا ہے، میں ان لوگوں کو دہشتگرد کہتی ہوں، میں ان لوگوں کو قاتل کہتی ہوں، میں ان لوگوں کو جانور کہتی ہوں، ان جانوروں نے جناب سپیکر صاحب، کہ عمران خان صاحب ہماری طرف سے ہماری کمیٹی میں ہونگے تو عمران خان صاحب نے کیوں انکار کیا؟ کیا وہ اس وقت تک کا انتظار کر رہے ہیں کہ جب وہ پرائم منسٹر بنیں گے؟ تو اس میں تو پانچ سال لگیں گے جناب سپیکر صاحب، اس وقت تک سارا پاکستان، اس وقت تو سارا پاکستان دہشتگردوں کے حوالے ہوگا، تو کیا وہ دہشتگردوں کے پرائم منسٹر بنیں گے؟ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کے توسط سے، میں آپ کے توسط سے جناب سپیکر صاحب، ان دہشت گردوں کو پیغام دینا چاہتی ہوں کہ جیسے یہ لوگ یہاں سے بڑھ چڑھ کر بول رہے ہیں اور بابک صاحب نے خود کہا ہے کہ تم لوگ پاؤں تو بڑے زور سے مارتے ہو اور اگر یہ پاؤں اصل زور سے دہشتگردوں کو مارو تا کہ وہ ڈر کے یہاں سے بھاگ جائیں۔ ہر گلی میں، ہر گھر میں دہشتگرد گھسا ہوا ہے لیکن ہمارے لوگ، ہمارے قائد جو ہیں، یہ سارے بنکرز میں ہیں

جناب سپیکر صاحب، ان کو بنکر سے نکلنا ہوگا، اپوزیشن ان کے ساتھ ہے، ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہ بنکرز میں بیٹھے ہوئے ہیں، بلٹ پروف گاڑیوں میں پھرتے ہیں، بنکر سے نکلنا ہوگا، ہم ان کے ساتھ ہیں جناب سپیکر صاحب اور جناب سپیکر صاحب، مجھے بہت افسوس ہے کہ آج جب اپنی پارٹی کے لوگوں کو ٹکٹ دے رہے تھے تو آپ نے ان کو پارلیمانی آداب سے آشنا نہیں کیا۔ عمران خان صاحب جب ٹکٹ بانٹ رہے تھے تو انہوں نے ان کو پارلیمان میں بیٹھنے کے آداب نہیں سکھائے جناب سپیکر صاحب، اسی کے ساتھ کہ میں پھر کہوں گی کہ حکیم اللہ محسود جو تھا، وہ قاتل ہے اور اس کو جو کہتے ہیں کہ شہید ہیں تو خود 70 ہزار لوگوں کے قاتل ہیں۔ تھینک یو۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر شاہ فرمان، پلیز۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ و اطلاعات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر، یہ جو اپوزیشن کے بھائیوں نے ریکوزیشن کرائی اور ایجنڈے کے اوپر بات ہو رہی تھی تو یہی توقع تھی کہ جن حالات سے یہ ملک اور یہ صوبہ گزر رہا ہے اور جو مذاکرات کا عمل جاری ہے اور مختلف واقعات ہو رہے ہیں تو اس دوران اگر ہم کسی ایسے نتیجے پر پہنچ جائیں کہ پورا صوبہ ایک فیصلہ کر لے اور اپوزیشن سے بھی Suggestions آجائیں تو ہم اگر یکسوئی اور اتحاد کا مظاہرہ کریں تو اس مشکل وقت میں، کیونکہ یہ ہم فرنٹ لائن پراونس ہیں اور فرنٹ لائن پراونس کی حیثیت سے جو ہم بھگت رہے ہیں تو اتحاد کی ضرورت تھی، مشاورت کی ضرورت تھی لیکن افسوس کہ سوائے تنقید اور کارکردگی اور چارج شیٹ اور پولیس کی کارکردگی کے علاوہ جو Suggestions حکومت کی توقع تھی جناب سپیکر، وہ کہیں سے بھی نہیں آئیں۔ سردار مہتاب صاحب کی طرف سے ایک Suggestion آئی ہے کہ آپریشن کی صورت میں تیاری کرنی چاہیئے، یہ ایک Suggestion ہے۔ باقی ہم اگر اس بحث میں پڑ جائیں تو جس مقصد کیلئے یہ سیشن بلایا گیا تھا، وہ تو فوت ہو جائے گا اور میں تو بڑا Disappointed ہوں لیکن کچھ جوابات دینا چاہتا ہوں کہ جو اٹھائے گئے سوالات ہیں، ہم فرنٹ لائن پروانس ہیں، کوئی اور صوبہ ہوتا تو شاید ان کو بھی اتنی تکلیف ہوتی لیکن Geographically ہم فرنٹ لائن پراونس ہیں۔ افغانستان کے ساتھ جو ہماری بارڈر ہے اور جو ہمارا کلچر

ان کے ساتھ ملتا ہے لیکن یہ ایشو پاکستان کا ہے، یہ جو Terrorism کا ایشو ہے، یہ پاکستان کا ایشو ہے، ہمیں اس بات پر بھی افسوس ہوتا ہے کہ اگر پنجاب کے اندر ایک دھماکہ ہوتا ہے اور وہاں کا وزیر اعلیٰ یہ بتادے کہ پنجاب میں دھماکوں کی کیا ضرورت ہے، ہم اس کے ذمہ دار نہیں ہیں تو ہمیں اسلئے افسوس ہوتا ہے کہ یہ مسئلہ پشتون اور پنجابی کا نہیں ہے، یہ پاکستان کا مسئلہ ہے اور اگر وہ اس سے اپنے آپ کو الگ رکھتے ہیں اور فارن پالیسی کا اپنے آپ کو ذمہ دار نہیں ٹھہراتے تو ہمیں اس سے بھی دکھ ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود پنجاب سے وزیر اعظم کا بیٹا Kidnap کیا گیا، پنجاب سے ادھر کے گورنر کا بیٹا Kidnap کیا گیا اور ابھی تک اس Efficient government کو کوئی سراغ نہیں ہے کہ وہ لوگ کدھر ہیں؟ میں اس ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر کہیں ریمنڈ ڈیوس جیسا واقعہ خیبر پختونخوا کے اندر ہوا تو ریمنڈ ڈیوس اس صوبے سے باہر نہیں جائے گا ان شاءاللہ۔ (تالیاں) لہذا پہلے ہم وفاقی حکومت سے یہ ریکویسٹ کرتے ہیں کہ وہ مان جائے کہ یہ وفاق کا مسئلہ ہے اور پنجاب سے بھی ہم یہ ریکویسٹ کرتے ہیں کہ وہ بھی مان جائے کہ یہ وفاق کا مسئلہ ہے۔ بابک صاحب نے بات کی کہ ہم دہشتگردوں کی مدد کر رہے ہیں، ایک لفظ Use ہوتا ہے " میچ فکسنگ "، اگر میں اپنے پولیس کو ڈمی اسلحہ پکڑادوں، اس سے زیادہ دہشتگردوں کی کیا مدد ہو سکتی ہے؟ (تالیاں اور شیم شیم کی آوازیں) اس سے زیادہ کیا مدد ہو سکتی ہے کہ میں، ایک طرف ہمارے اوپر اعتراض ہے کہ ہمارا کوآپریشن نہیں ہے، ہم پولیس کی مدد نہیں کر رہے ہیں، چلو مان لیا کہ مدد نہیں کر رہے ہیں لیکن ان کے ساتھ زیادتی بھی نہیں کر رہے ہیں، ان کو غلط اسلحہ بھی نہیں پکڑا رہے ہیں جو ہاتھ میں دینگے اسی طرح ہوگا جو بتایا جائے گا لیکن میں اس ہاؤس کو بتادوں کہ یہ واحد حکومت ہے، پہلی حکومت ہے، پولیس افسران ادھر بیٹھے ہوئے ہیں، پوچھ لیں کہ کسی منسٹر کے پاس کیا یہ اختیار ہے کہ وہ ایس ایچ او کو ٹرانسفر کرا سکیں؟ کس نے پولیس کو کس طرح استعمال کیا اور کن مقاصد کیلئے استعمال کیا، میں اس کے اوپر بھی Comment نہیں کرونگا۔ پولیس کے ساتھ مل کے جو آرڈیننس ہم لے کے آئے ہیں، اب جو گھر کرایہ پہ چڑھے گا، وہ بتایا جائے گا، Owner بتائے گا کہ اس کے اندر کرایہ دار کون ہے؟ ہوٹلز کو Bound کیا گیا اور پہلی دفعہ پولیس کو Independent بنایا گیا۔ آئی جی صاحب سے خود میری بات ہوئی اور انہوں نے کہا کہ مجھے حیرت ہے کہ میں سوچ رہا تھا کہ یہاں کے جو حالات ہیں، اس لحاظ سے پولیس Well

equippedہو گی لیکن پنجاب پولیس اس سے بہت زیادہWellequippedہے،ان کے پاس بہت اچھا نظام ہے،ان کی (پولیس) بہت زیادہ اچھے طریقے سےFacilitatedہے لیکن ہم نے یہ ذمہ داری قبول کی ہے اور جیسے سردار صاحب نے کہا نو مہینے کا،اس حکومت نے جوInitiativesلیے ہیں اور صحیح کہا کہ وقت کم ہے لیکن لوگوں کیExpectationsزیادہ ہیں،ان شاءاللہ لوگوں کو مایوس نہیں کرینگے تو بجائے اس کے کہ کوئی اعتراض کرے،اگر آپ Police highupsسے ملیں اور اگر وہ کوئی اعتراض کریں تو یہ اچھی بات ہو گی بجائے اس کے کہ کوئی اپناAnalysisشروع کردے اور وہ اپنے طریقے سے بات کر دے۔اگر کہیں کمی ہے،میں ان ساری Suggestionsمیں،لیڈر آف دی ہاؤس بیٹھے ہوئے ہیں،سکندر شیر پاؤ صاحب نے ایک بات کی،Police sonsکی جو بات ہے،اگر اس میں کوئی ایشو ہے تو میں اپنی طرف سے پوری سپورٹ کرتا ہوں اور وزیر اعلیٰ صاحب سے بھی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ان کو بالکل بھرتی کیا جائے،ان کو صحیح میرٹ کے اوپر اے ایس آئی بھرتی کیا جائے تاکہ ان کو صحیح طریقے سے Compensateکیا جائے۔الزامات پارٹی کے اوپر بھی لگے،ہمارے چیئرمین کے اوپر بھی لگے اور ہماری توقع یہ تھی کہ ہمیں وہSuggestionsملیں گی کہ جہاں پر اتفاق اور اتحاد کا مظاہرہ ہو گا کہ ہم یہ مشکل وقت مل کے گزاریں۔آج تک اگر کوئی یہStatementثابت کرکے بتادیں،اخبارات کے اندر35ملین ڈالرز کی بات ہوئی،مجھ سے دو سو دفعہ کسی نے پوچھا کہ آپ کیStatementنہیں آئی،میں نے کہا کہ اگر ماموں بھی کہے چور ہے اور ماں بھی کہے چور ہے تو میرا حق نہیں بنتا کہ بیچ میں بولوں (قہقہے اور تالیاں) ہماری طرف سے کوئیStatementنہیں آئی،اتنے بڑے ایشو کے اوپر،ہم خاموش رہے۔ Pakhtun bloodکی بات ہوئی،یہ سرخ ہے کہ نہیں؟میں پھر سےRepeatکرتا ہوں کہ79ءسے88ءتک جتنے دھماکے ہوئے،مجھے بابک صاحب بتائیں جناب سپیکر کہ اے این پی نے ایک کی بھی مذمت کی ہو یا یہ بتایا جائے کہ وہPakhtun bloodنہیں تھا یا وہ سرخ نہیں تھا یا پھر بتائیں کہ اس کی مذمت کیوں نہیں کی گئی؟اور میں بہت افسوس سے یہ بات کرتا ہوں کہ اگرRussian Forcesافغانستان آتی ہیں اور ہمارے اوپر ان کا یلغار ہوتا ہے تو اے این پی ان کے ساتھ بیٹھ جاتی ہے۔اگر وہ تھک جاتے ہیں اورAmericans آتے ہیں تو اے این پی ان کے ساتھ جاکے بیٹھ جاتی ہے۔ (تالیاں اور شیم شیم کی آوازیں) میں

اپنے دوست بابک صاحب اور اے این پی سے یہ پوچھتا ہوں کہ کہیں فارن آفیئرز کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے بھی اگر اسفندیار خان نے کشمیر کو پاکستان کا حصہ تسلیم کیا ہو تو Proof کر کے بتادیں؟ حب الوطنی کس میں ہے اور پشتون کی فکر کس کو ہے؟ میں اتنا بتادوں، کون کہتا ہے کہ Writ نہیں ہے، کون کہتا ہے کہ Writ نہیں ہے، مجھے کوئی بتائے کہ میرا وزیراعلیٰ یا میرا کوئی ایم پی اے گھر سے بھاگا ہو، حجرے سے بھاگا ہو، اس مارکیٹ میں نہ پھر رہا ہو؟ (تالیاں اور شیم شیم کی آوازیں) اگر گورنمنٹ نظر نہیں آتی اسلئے کہ پروٹوکول نہیں ہے، منسٹرز کی شکل کیونکہ نئے ہیں سارے، پرانے Politicians نہیں ہیں، لوگ فکر میں پڑ جاتے ہیں کہ یہ جو لڑکا جا رہا ہے، وہ منسٹر کی طرح لگتا ہے، ہوتا وہی منسٹر ہے، بازار میں پھر رہا ہوتا ہے، عوام کے درمیان کھڑے ہیں، بھاگے نہیں ہیں۔ کوئی مجھے بتادے کہ کہیں ہمارا ایم پی اے، کوئی منسٹر، اس کولیشن گورنمنٹ کا کوئی بندہ کہیں غائب ہو، کوئی بھاگا ہو، کوئی جگہ چھوڑی ہو، کوئی اپنے مؤقف سے ہٹا ہو؟ ایسا نہیں ہے، ہم اپنی جگہ پر کھڑے ہیں اور عوام کے درمیان ہیں اور جو عوام کا حال ہے، وہ ہمارا حال ہے۔ (تالیاں) یہاں پر واقعات اور مقاصد میں فرق ہوتا ہے، Objectives میں آپ نے حاصل کیا کرنا ہے؟ میں آج اس اسمبلی فلور پر بتادوں، ہمارے بڑے عزیز ساتھی کی بات ہوئی، اسرار اللہ گنڈاپور، واقعات کے اندر سارے برابر ہیں، ایم پی ایز، کوئی بڑا آفیسر، کوئی غریب آدمی، 40 ہزار لوگ چلے گئے ہیں اور یہ ہم اس وقت بھی چیخ رہے تھے جب لال مسجد کے اوپر حملہ ہو رہا تھا تو ہم بار بار چیخ رہے تھے کہ ایسا نہ کرو، بچوں کو نہ مارو اس کا خطرناک Repercussion آئے گا، ہماری بات کسی نے نہیں سنی، ہم نے شرط لگائی 2004 کے اندر کہ یہ بات مذاکرات کے بغیر حل نہیں ہو گی، ہماری بات کسی نے نہیں سنی، آج میں Event کو، واقعات کو اور مقاصد کو Separate کرتا ہوں اور یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اگر بحیثیت منسٹر، بحیثیت ایم پی اے اگر کہیں دھماکے میں میری جان چلی جائے تو یہ میں اس ہاؤس کو نصیحت بھی کرتا ہوں، وصیت بھی کرتا ہوں، اگر اس کے دوسرے دن بھی مذاکرات ہو رہے ہوں تو میری وجہ سے مذاکرات نہ روکے جائیں تاکہ اس ملک کے اندر امن آجائے، (تالیاں) یہ میرا Conviction ہے، یہ میرا Conviction ہے، یہ میرا ایمان ہے اور جنہوں نے جنگ کے ذریعے امن لانے کی کوشش کی، اس کا نتیجہ بھی ہم نے دیکھ لیا۔ اس جنگ کی نوعیت کیا ہے، ایک تو عالمی Politics کے نتیجے میں یہ جنگ ہے

اور دوسرا پوائنٹ اپنے ملک کے Pakistani citizens کے درمیان جنگ ہے، کوئی عجیب سا جنگ ہے، عالمی Politics کے نتیجے کا جنگ ہے اور Pakistani citizens کے درمیان جنگ ہے، اس جنگ کا خاتمہ اولین مقصد ہے۔ وہ پشتو کا ایک ضرب المثل ہے، وائی " زما لا لپي د بنه شي چې د هر چا په دعا وی"، امن جائے، یہ کوئی غیرت اور بے غیرتی اپنوں میں نہیں ہوتی، امن کا حصول، اس میں جناب سپیکر، ایک پاکستان تحریک انصاف کا As a Party role ہے اور ایک کولیشن گورنمنٹ کا صوبائی حکومت کا کردار ہے۔ As a Party پاکستان تحریک انصاف نے اپنا بندہ حکومتی کمیٹی میں ڈالا ہے اور طالبان کمیٹی میں اس کولیشن گورنمنٹ کا پروفیسر ابراہیم صاحب بھی موجود ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ Understanding بنے۔ واقعات کے ذریعے جو کچھ ہو رہا ہے اسی لئے یہ سیشن بلایا گیا تھا کہ اس کے اوپر بحث کی جائے اور صوبائی حکومت کا اپنا کردار ہے اور ہم نے یہ برملا کہا کہ اگر ان مذاکرات کیلئے صوبائی حکومت، بندوبستی علاقے میں اگر ہوں اور ہماری کوئی ضرورت ہو تو ہم ہر قسم کی سپورٹ کیلئے تیار ہیں لیکن اس وقت اس بحث کا مقصد کیا تھا کہ جو بیچ بیچ میں واقعات ہوئے، ان حالات کے اوپر سیریس ڈسکشن کرنا تھی۔ چلو مان گئے کہ ہم بڑے Inefficient ہیں، چلو مان گئے کہ ہم نالائق ہیں لیکن Experienced opposition سے تو یہ توقع تھی کہ وہ اتحاد کا مظاہرہ کر کے ہمیں Suggestion دے، آپ سے تو یہی بات کی گئی تھی کے آپ یکسوئی پیدا کریں، ہم آپ کے ساتھ ہیں، آپ بتائیں کیا راستہ اختیار کریں؟ جناب سپیکر، اس مشکل وقت میں میں اس کو انتہائی غیر ذمہ دار رویہ ڈیکلیئر کرتا ہوں کہ جب حکومت کی یہ خواہش ہے، اسلئے کہ یہ ملک کا مسئلہ ہے اور صوبے کا مسئلہ ہے تو اپوزیشن سے ہم وہ Suggestion expect کر رہے تھے کہ وہ ہمیں بتادے کہ One، Two، Three یہ کرنا ہے اور ہم Yes کرنے کے انتظار میں تھے، کوئی Suggestion نہیں آئی، کوئی ایسی تجویز نہیں آئی کہ جس سے ہم اس مشکل حالات کو پار کر سکیں، سوائے اس کے کہ ہمارے اوپر اعتراضات آئے، ہمیں نااہل حکومت کا نام دیا گیا، یہ ہم نے مجبور ہو کر، آج تک ہم نے Previous governments کی کسی بات کا ہم نے ذکر ہی نہیں کیا کہ یہ حالات کیوں بنے، کس طرح بنے، کس کی کیا Responsibility تھی؟ ہم کیا کر رہے ہیں، وہ کیا کر رہے ہیں؟ آگے جانے کا سوچ رہے تھے۔ جناب سپیکر، انتہائی افسوس کے ساتھ کہ جو دو دن ہم نے اس لاء اینڈ آرڈر سیچویشن کے

اوپر بحث کیلئے نکالے تھے، وہ میرے خیال میں بے نتیجہ ثابت ہوگئے کیونکہ اپوزیشن کی طرف سے، مانتے ہیں کہ ان کا Experience ہے، ان کا تجربہ ہے، Seasoned politicians ہیں، ہم Expect کر رہے تھے کہ گورنمنٹ کی یہ Help کرینگے Policy making میں تاکہ ہم آگے جائیں، ہم اس منزل کو Cross کر سکیں۔ اگر اس سے، میں نے دو چار جوابات اسلئے دیئے کہ بہت زیادہ Criticism چیئرمین سے لیکر پارٹی اور پارٹی سے لیکر حکومت پر ہوئی، یہ میری Nature نہیں ہے اور میں اس سے خوش بھی نہیں ہوں لیکن جب اپوزیشن اگر ہمیں اتنا مجبور کریگی تو ہمارے پاس آپشن نہیں رہتا، اسلئے کہ اگر ہم کوئی چیز سٹارٹ نہ کریں تو اپوزیشن سے بھی یہ درخواست ہے کہ وہ سٹارٹ نہ کرے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ جو ایشو یہ سمجھتے ہیں اور اس کی Solution سمجھتے ہیں، ہمیشہ اپوزیشن کا میں نے ساتھ دیا اور دیتا ہونگا اور ابھی اس بحث کے اندر بھی میں وزیر اعلیٰ صاحب سے بھی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر اس میں کوئی مسئلہ ہے کہ جو سکندر شیر پاؤ صاحب نے Sons کوٹے کی بات کی ہے، اگر ان کو نہیں ملتا تو بالکل ان کا خیال رکھنا چاہیئے اور ان کو Compensate کرنا چاہیئے لیکن جناب سپیکر، یہ جو دو دن اس کے اوپر بحث ہوئی، ابھی بھی ہم بے نتیجہ نکلے، کوئی اپوزیشن سے وہ Concrete suggestion نہیں آئی۔ تھینک یو ویری مچ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! چونکہ لسٹ میں اب بھی میرے پاس 40 لوگوں کے نام ہیں جی، میری اپنی رائے ہے ہاؤس سے۔۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، کل کا جو ایجنڈا ہے، میرے خیال میں اس کو Revise کر کے تلاوت کلام پاک سے امن وامان پر ڈائریکٹ بات کریں تو بہتر ہوگا۔ میرے خیال میں ہاؤس سے اجازت لیتے ہیں، صحیح ہے جی؟ جی مسٹر عنایت اللہ خان۔

وزیر بلدیات: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو سر۔ شاہ فرمان صاحب نے کہا، مجھے امید تھی کہ بڑی Constructive debate ہوگی، Productive debate ہوگی اور اپوزیشن کی طرف سے لاء اینڈ آرڈر کے اوپر حکومت کو Input دیا جائیگا، تنقید بھی ہوگی لیکن تنقید کے ساتھ ساتھ مشورے بھی دیئے جائیں گے لیکن جو انداز بعض اپوزیشن لیڈرز نے اختیار کیا، بڑا نامناسب ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ہماری طرف سے بھی، لیکن جو نگہت بی بی نے ہمارے پارٹی کے لیڈر کے حوالے سے Indirectly بات کی ہے کہ جو اس کو شہید کہے، وہ بھی قاتل

ہے، میں سمجھتا ہوں کہ مولانا فضل الرحمان نے بھی ان کو شہید کہا ہے اور انہوں نے بھی کہا ہے اور اپنی اس بات پر انہوں نے سٹینڈ لیا ہوا ہے، یہ دینی لیڈر کی حیثیت سے ان کی ایک Understanding ہے۔ میں بات بتاؤں، یہ ان کی Understanding ہے، یہ ان کی Understanding ہے اور انہوں نے یہ بات کہی ہے، ان کو یہ حق نہیں پہنچتا ہے کہ ان کو قاتل کہے، یہ Divine titles ہیں اور یہ Religious لوگ ہی اس پر بات کر سکتے ہیں، اسلئے میں ان الفاظ کی پرزور مذمت کرتا ہوں کہ "وہ قاتل ہیں جو اس کو شہید کہتے ہیں"، ان کو بھرپور حق ہے کہ وہ Criticism کریں لیکن اس انداز سے ایک ایسے پولیٹیکل پارٹی کے لیڈر کی بات کرنا جو پولیٹیکل پراسیس میں حصہ لیتے ہیں، جو اس کانسٹی ٹیوشنل فریم ورک کے اندر Politics کرتے ہیں، جو پاکستان کے کانسٹی ٹیوشن کو مانتے ہیں، جو الیکشن میں حصہ لیتے ہیں، ان کو ان کی Opinion پہ اور ان کی رائے کے اوپر، ان کی دینی رائے کے اوپر یہ بات کہنا، میں اس کو نامناسب سمجھتا ہوں اور میں اپنی پارٹی کی طرف سے اس وجہ سے میں، میں اگر یہ ریکارڈ کا حصہ نہ بنتا، وہ بات کرتے اور میں Respond نہ کرتا تو میں اپنی پارٹی کا مؤقف بیان نہ کرتا، اسلئے میں اپنی پارٹی کی طرف سے یہ بات کہتا ہوں کہ یہ ان کو حق نہیں ہے کہ ان کو یہ بات کہے، یہ Divine titles ہیں اور وہ دینی لوگ ہیں، Religious لوگ ہیں، وہ اس بات پہ اس حوالے سے رائے کا اظہار کر سکتے ہیں۔ تھینک یو سر۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you, ji. The sitting is adjourned till 03:00 p.m. of tomorrow afternoon.

---

(اجلاس بروز جمعة المبارک مورخہ 21 فروری 2014ء بعدازدوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)